چار مفید چیزوں پر مشتمل لفظی ترجمہ

لفظ بہ لفظ ترجمہ | مکمل بامحاورہ ترجمہ | مختصر حواشی | آیات کے عنوانات



مترجم: شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا الحاج مفتی ابو الصالح محمد قاسم قادری مدظلہ العالی



www.dawateislami.net

آیات: 118 | رکوع: 06

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ

قَدْ	اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ صَلَاتِهِمْ
بیشک	کامیاب ہوگئے	ایمان والے	وہ لوگ جو	وہ	اپنی نماز میں

بیشک ایمان والے کامیاب ہوگئے ○ جو اپنی نماز میں

خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾

خٰشِعُوْنَ ﴿۲﴾ (1)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ (2)	مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾
خشوع و خضوع کرنے والے (ہیں)	اور	وہ لوگ جو	وہ	فضول بات سے	منہ پھیرنے والے (ہیں)

خشوع و خضوع کرنے والے ہیں ○ اور وہ جو فضول بات سے منہ پھیرنے والے ہیں ○

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِلزَّكٰوةِ	فٰعِلُوْنَ ﴿۴﴾	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
اور	وہ لوگ جو	وہ	زکوٰۃ کا	کام کرنے والے (ہیں)	اور	وہ لوگ جو	وہ

اور وہ جو زکوٰۃ دینے کا کام کرنے والے ہیں ○ اور وہ جو

1 ..... نماز میں ظاہری خشوع یہ ہے کہ نماز کے آداب کی مکمل رعایت کی جائے اور باطنی خشوع یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت پیشِ نظر ہو، دنیا سے توجہ ہٹی اور نماز میں دل لگا ہو۔ ایسی نماز کی فضیلت حدیثِ پاک میں یوں بیان ہوئی ہے کہ ”وہ نماز اس کے سابقہ گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے جب تک کہ وہ کوئی کبیرہ گناہ نہ کرے اور یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا (زندگی میں جب بھی خشوع و خضوع سے نماز ادا کرے گا تو یہ فضیلت ملے گی)۔ (مسلم، ص ۱۴۲، الحدیث: ۷(۲۲۸)) 2 ..... حضرت عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ یہاں لغو سے مراد شرک ہے۔ البتہ عمومی معنی کے اعتبار سے اس میں ہر وہ قول، فعل اور ناپسندیدہ یا مباح کام

فلاح پانے والے مومنوں کی سات صفات

www.dawateislami.net

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

لِفُرُوْجِهِمْ	حٰفِظُوْنَ ﴿۵﴾ (1)	اِلَّا	عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ	اَوْ	مَا
اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرنے والے (ہیں)	مگر	اپنی بیویوں پر	یا	(ان پر) جن کے

اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں ○ مگر اپنی بیویوں یا

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿۶﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى

مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۶﴾	فَمَنِ	ابْتَغٰى
مالک ہوئے	ان کے دائیں ہاتھ	تو بیشک وہ	ملامت کیے ہوئے نہیں	تو جو	چاہے

شرعی باندیوں پر جو ان کے ہاتھ کی مِلک ہیں پس بیشک ان پر کوئی ملامت نہیں ○ تو جو اِن کے سوا

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

وَرَآءَ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْعٰدُوْنَ ﴿۷﴾ (2)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
ان کے سوا	تو یہ لوگ	وہی	حد سے بڑھنے والے (ہیں)	اور	وہ لوگ جو	وہ

کچھ اور چاہے تو وہی حد سے بڑھنے والے ہیں ○ اور وہ جو

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ	رٰعُوْنَ ﴿۸﴾	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ
اپنی امانتوں اور اپنے وعدے کی	رعایت کرنے والے (ہیں)	اور	وہ لوگ جو	وہ	اپنی نمازوں پر

اپنی امانتوں اور اپنے وعدے کی رعایت کرنے والے ہیں ○ اور وہ جو اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ۘ﴿۹﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ

يُحَافِظُوْنَ ﴿۹﴾	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْوٰرِثُوْنَ ﴿۱۰﴾	الَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ	الْفِرْدَوْسَ
محافظت کرتے ہیں	یہ لوگ	وہی	وارث (ہیں)	یہ لوگ	میراث پائیں گے	فردوس (کی)

حفاظت کرتے ہیں ○ یہی لوگ وارث ہیں ○ یہ فردوس کی میراث پائیں گے،

وقف لازم

فردوس کی وراثت کے حقدار

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) داخل ہے جس کا مسلمان کو دینی یا دُنیوی کوئی فائدہ نہ ہو۔ رسول اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ”آدمی کے اسلام کی اچھائی میں سے یہ ہے کہ وہ بے مقصد چیز چھوڑ دے۔ (ترمذی، ۴/۱۴۲، الحدیث: ۲۳۲۴) 1 ..... بدکاری سے بچنا کامل ایمان والوں کا وصف ہے۔ رسولِ کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ”جو شخص میرے لئے اس چیز کا ضامن ہو جائے جو اس کے جبڑوں کے درمیان میں ہے یعنی زبان کا اور اس کا جو اس کے دونوں پاؤں کے درمیان میں ہے یعنی شرمگاہ کا، میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔ (بخاری، ۴/۲۴۰، الحدیث: ۶۴۷۴) 2 ..... بیویوں اور شرعی باندیوں سے جائز طریقے کے ساتھ شہوت پوری

www.dawateislami.net

انسانی پیدائش کے مراحل کا بیان

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ (1)
وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے	اور	ضرور بیشک	ہم نے بنایا	انسان (کو)

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ○ اور بیشک ہم نے انسان کو

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾	ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ (2)	نُطْفَةً	فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾	ثُمَّ
چنی ہوئی مٹی سے	پھر	ہم نے بنایا اسے	پانی کی بوند	مضبوط ٹھہراؤ میں	پھر

چنی ہوئی مٹی سے بنایا ○ پھر اس کو ایک مضبوط ٹھہراؤ میں پانی کی بوند بنایا ○ پھر

خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

خَلَقْنَا	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً	فَخَلَقْنَا	الْعَلَقَةَ	مُضْغَةً
ہم نے بنادیا	پانی کی بوند (کو)	جما ہوا خون	پھر بنادیا	جمے ہوئے خون (کو)	گوشت کی بوٹی

ہم نے اس پانی کی بوند کو جما ہوا خون بنادیا پھر جمے ہوئے خون کو گوشت کی بوٹی بنادیا

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ

فَخَلَقْنَا	الْمُضْغَةَ	عِظٰمًا	فَكَسَوْنَا	الْعِظٰمَ	لَحْمًا	ثُمَّ
پھر بنادیا	گوشت کی بوٹی (کو)	ہڈیاں	پھر ہم نے پہنایا	ہڈیوں (کو)	گوشت	پھر

پھر گوشت کی بوٹی کو ہڈیاں بنادیا پھر ہم نے ان ہڈیوں کو گوشت پہنایا، پھر

موت اور قیامت کے دن اٹھنے کی خبر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ

اَنْشَاْنٰهُ	خَلْقًا اٰخَرَ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ (3)	ثُمَّ
بنادیا اسے	ایک دوسری صورت	تو بڑی برکت والا (ہے)	اللہ	سب سے بہتر بنانے والا	پھر

اسے ایک دوسری صورت بنادیا تو بڑی برکت والا ہے وہ اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا ہے ○ پھر

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کرنے کے علاوہ شہوت پوری کرنے کی تمام صورتیں حرام ہیں۔ ﴿1﴾.....یہاں انسان سے مراد حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں۔ ﴿2﴾.....یہاں حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی نسل مراد ہے اور یہ عربی بلاغت کی ایک صورت ہے کہ لفظ بول کر جو مراد ہے، اس کی طرف ضمیر لوٹاتے ہوئے بعض اوقات کوئی دوسرا فرد یا چیز کو مراد لیا جائے۔ ﴿3﴾.....اگر کوئی انصاف کی نظر سے اپنی تخلیق کے مراحل اور اپنے جسم کی بناوٹ میں غور و فکر کرے تو اسے یقین ہو جائے گا کہ ایسی حیرت انگیز تخلیق پر اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی قادر نہیں اور وہی اکیلا عبادت کے لائق ہے۔

www.dawateislami.net

اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾

اِنَّكُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ	لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾
بیشک تم	اس کے بعد	ضرور مرنے والے (ہو)	پھر	بیشک تم	قیامت کے دن	اٹھائے جاؤ گے

اس کے بعد تم ضرور مرنے والے ہو ○ پھر تم سب قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے ○

آسمانوں کی تخلیق کا بیان

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآىِٕقَ ۖ۫ وَ مَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ

وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا	فَوْقَكُمْ	سَبْعَ طَرَآىِٕقَ (1)	وَ	مَا كُنَّا	عَنِ الْخَلْقِ
اور	ضرور بیشک	ہم نے بنائے	تمہارے اوپر	سات راستے	اور	ہم نہیں ہیں	مخلوق سے

اور بیشک ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے اور ہم مخلوق سے

پانی کی نعمت اور قدرت الٰہی

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾	وَ	اَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	بِقَدَرٍ (2)	فَاَسْكَنّٰهُ (3)
بے خبر	اور	ہم نے اتارا	آسمان سے	پانی	ایک اندازے کے ساتھ	پھر ٹھہرایا اسے

بے خبر نہیں ○ اور ہم نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی اتارا پھر اسے زمین میں

کھجور و انگور کے باغات اور ان کے منافع

فِي الْاَرْضِ ۖ۫ وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ۚ فَاَنْشَاْنَا

فِي الْاَرْضِ	وَ	اِنَّا	عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ	لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾	فَاَنْشَاْنَا
زمین میں	اور	بیشک ہم	اسے لے جانے پر	ضرور قادر (ہیں)	تو ہم نے پیدا کئے

ٹھہرایا اور بیشک ہم اسے لے جانے پر قادر ہیں ○ تو اس پانی سے

لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۫ لَكُمْ فِيْهَا

لَكُمْ	بِهٖ	جَنّٰتٍ	مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ	لَكُمْ	فِيْهَا
تمہارے لئے	اس (پانی) سے	باغات	کھجوروں اور انگوروں کے	تمہارے لئے	ان (باغوں) میں

ہم نے تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کئے۔ تمہارے لیے ان باغوں میں

وقف لازم

1 ..... ان سے مراد سات آسمان ہیں اور انہیں فرشتوں کے چڑھنے اور اترنے کا راستہ ہونے کی وجہ سے "راستے" فرمایا گیا۔ 2 ..... اندازے سے مراد یہ ہے کہ اتنا پانی اتارا جو لوگوں کی ضروریات اور حاجات کے لئے کافی ہو۔ 3 ..... یعنی پانی نازل کرنے کے بعد یہ تدبیر فرمائی کہ اسے تالابوں وغیرہ میں ٹھہرا دیا تاکہ بارش نہ ہونے کے دنوں میں لوگ اس سے فائدہ اٹھا سکیں، یونہی یہ پانی زمین کی تہ میں جمع ہو جاتا ہے جو بعد میں استعمال ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net

درخت زیتون کی تخلیق اور اس کے منافع

فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً

فَوَاكِهُ	كَثِيْرَةٌ	وَّ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾	وَ	شَجَرَةً
پھل میوے (ہیں)	بہت سے	اور	ان میں سے	تم کھاتے ہو	اور	درخت (پیدا کیا)

بہت سے پھل میوے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے ہو ○ اور (ہم نے) درخت (پیدا کیا)

تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾

تَخْرُجُ	مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ	تَنْۢبُتُ	بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ (1)
جو نکلتا ہے	طورِ سینا (پہاڑ) سے	اگتا ہے	تیل اور کھانے والوں کے لیے سالن کے ساتھ

جو طور سینا پہاڑ سے نکلتا ہے، تیل اور کھانے والوں کے لیے سالن لے کر اگتا ہے ○

چوپایوں کے منافع سے قدرتِ الٰہی پر استدلال

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ

وَ	اِنَّ	لَكُمْ	فِى الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً (2)	نُسْقِيْكُمْ
اور	بیشک	تمہارے لیے	چوپایوں میں	ضرور سمجھنے کا مقام (ہے)	ہم پلاتے ہیں تمہیں

اور بیشک تمہارے لیے چوپایوں میں سمجھنے کا مقام ہے، ہم تمہیں

مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

مِّمَّا	فِىْ بُطُوْنِهَا	وَ	لَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ
(اس میں) سے جو	ان کے پیٹوں میں (ہے)	اور	تمہارے لیے	ان میں	بہت فائدے (ہیں)

اس میں سے پلاتے ہیں جو ان کے پیٹ میں ہے اور تمہارے لیے ان میں بہت فائدے ہیں

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو تبلیغ

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَ

وَّ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾	وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ	تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾	وَ
اور	انہی سے	تم کھاتے ہو	اور	ان پر	اور	کشتیوں پر	تمہیں سوار کیا جاتا ہے	اور

اور انہی سے تم کھاتے ہو ○ اور ان پر اور کشتیوں پر تمہیں سوار کیا جاتا ہے ○ اور

(1) ..... زیتون میں یہ خوبی ہے کہ اس کے روغن سے تیل کے فوائد حاصل ہوتے ہیں اور یہ سالن کا بھی کام دیتا ہے کہ تنہا اس سے روٹی کھائی جاسکتی ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا "برکت والے درخت زیتون کی مسواک بہت اچھی ہے کیونکہ یہ منہ کو خوشبودار کرتی اور اس کی بدبو زائل کرتی ہے، یہ میری اور مجھ سے پہلے انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی مسواک ہے۔ (معجم الاوسط، ۱/۲۰۱، الحدیث: ۷۸۰)

(2) ..... چوپایوں کی ہیئت و جسامت اور ان کے فوائد و منافع میں غور و فکر کرنا بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت و عظمت کی معرفت کا ایک ذریعہ ہے۔

www.dawateislami.net

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ

لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَقَالَ	يٰقَوْمِ
ضرور بیشک	ہم نے بھیجا	نوح (کو)	اس کی قوم کی طرف	تو اس نے کہا	اے میری قوم

بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو اس نے فرمایا: اے میری قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
تم عبادت کرو	اللہ (کی)	نہیں (ہے)	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا

اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾	فَقَالَ	الْمَلَؤُا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ
تو کیا تم ڈرتے نہیں	تو کہا	سرداروں (نے)	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اس کی قوم میں سے

تو کیا تم ڈرتے نہیں ○ تو اس کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا:

مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ

مَا	هٰذَاۤ	اِلَّا	بَشَرٌ[1]	مِّثْلُكُمْ	يُرِيْدُ	اَنْ	يَّتَفَضَّلَ	عَلَيْكُمْ
نہیں	یہ	مگر	ایک آدمی	تمہارے جیسا	وہ چاہتا ہے	کہ	بڑا بن جائے	تم پر

یہ تو تمہارے جیسا ہی ایک آدمی ہے جو چاہتا ہے کہ تم پر بڑا بن جائے

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا

وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَاَنْزَلَ	مَلٰٓئِكَةً	مَّا سَمِعْنَا	بِهٰذَا
اور	اگر	چاہتا	اللہ	(تو) ضرور وہ اتارتا	فرشتے	ہم نے نہیں سنا	اس (بات) کو

اور اگر اللہ چاہتا تو وہ فرشتے اتارتا۔ ہم نے تو یہ

کافر سرداروں کے حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اعتراضات

1 ..... یہ کفار کی عجیب حرکت تھی کہ انہوں نے رسولوں کے متعلق تو اتنا اونچا معیار بنایا کہ بشر و انسان کا رسول ہونا تسلیم نہ کیا لیکن خدا ماننے میں ایسی جہالت کا مظاہرہ کیا کہ پتھروں کو خدا مان لیا۔

www.dawateislami.net

فِيْۤ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ

فِيْۤ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ (1)	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلٌ	بِهٖ	جِنَّةٌ
اپنے پہلے باپ داداؤں میں	نہیں	وہ	مگر	ایک آدمی	اس پر	جنون (طاری ہے)

اپنے پہلے باپ داداؤں میں نہیں سنی ○ یہ تو صرف ایک ایسا مرد ہے جس پر جنون (طاری) ہے

فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ

فَتَرَبَّصُوْا	بِهٖ	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ
تو انتظار کرلو	اس کا	ایک مدت تک	(نوح نے) عرض کی	اے میرے رب	مدد فرما میری

تو ایک مدت تک اس کا انتظار کرلو ○ نوح نے عرض کی: اے میرے رب! میری مدد فرما

بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

بِمَا	كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾	فَاَوْحَيْنَاۤ	اِلَيْهِ	اَنِ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ
(اس) لیے کہ	انہوں نے جھٹلایا مجھے	تو ہم نے وحی بھیجی	اس کی طرف	کہ	بنا	کشتی

کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے ○ تو ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ ہماری نگاہ کے سامنے

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ

بِاَعْيُنِنَا (2)	وَ	وَحْيِنَا	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَ	فَارَ
ہماری نگاہوں کے سامنے	اور	ہمارے حکم (سے)	پھر جب	آئے	ہمارا حکم	اور	ابل پڑے

اور ہمارے حکم سے کشتی بنا پھر جب ہمارا حکم آئے اور تنور

التَّنُّوْرُ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ

التَّنُّوْرُ	فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ	وَ	اَهْلَكَ
تنور	تو داخل کرلو	اس (کشتی) میں	ہر جوڑے میں سے دو	اور	اپنے گھر والوں (کو)

ابل پڑے تو کشتی میں ہر جوڑے میں سے دو اور اپنے گھر والوں کو داخل کرلو

1 ..... حکم خداوندی کے سامنے باپ دادا کے عمل کو دلیل بنانا اور اسی پر چلنا کفار کا طریقہ ہے۔ ہمارے معاشرے میں بھی کثیر لوگ ایسے طرزِ عمل کے شکار ہیں کہ شادی، غمی یا دیگر مواقع پر جب انہیں شریعت کا حکم بتا کر کسی غلط رسم سے روکا جائے تو وہ یہی کہتے کہ یہ رسم تو ہمارے باپ دادا کرتے رہے ہیں لہٰذا ہم تو اسی پر عمل کریں گے۔ یہ انداز مسلمان کے شایانِ شان نہیں۔ 2 ..... یہاں نگاہوں سے مراد نگرانی، حمایت اور حفاظت ہے یعنی فرمایا کہ اے نوح، ہماری نگرانی و حفاظت میں کشتی بنا۔ یہاں جسمانی آنکھیں مراد نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ان سے پاک ہے۔

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا

کشتی کی تیاری کا حکم اور دیگر ہدایات

www.dawateislami.net

اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ج وَلَا تُخَاطِبْنِيْ

اِلَّا	مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ[1]	الْقَوْلُ	مِنْهُمْ	وَ	لَا تُخَاطِبْنِيْ
سوائے	(اس کے) جس پر پہلے طے ہو چکی	بات	ان میں سے	اور	تم بات نہ کرنا مجھ سے

سوائے اِن میں سے اُن لوگوں کے جن پر بات پہلے طے ہو چکی ہے اور ان ظالموں کے معاملہ میں

فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِذَا

فِي الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	اِنَّهُمْ	مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾	فَاِذَا
ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے	ظلم کیا	بیشک وہ	غرق کئے جانے والے (ہیں)	پھر جب

مجھ سے بات نہ کرنا، یہ ضرور غرق کئے جانے والے ہیں ○ پھر جب

اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ

اسْتَوَيْتَ	اَنْتَ	وَ	مَنْ	مَّعَكَ	عَلَى الْفُلْكِ	فَقُلِ[2]	الْحَمْدُ
ٹھیک بیٹھ جاؤ	تم	اور	جو	تمہارے ساتھ (ہیں)	کشتی پر	تو کہنا	تمام تعریفیں

تم اور تمہارے ساتھ والے کشتی پر ٹھیک بیٹھ جاؤ تو تم کہنا تمام تعریفیں

لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٨﴾ وَقُلْ

لِلّٰهِ	الَّذِيْ	نَجّٰىنَا	مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٨﴾	وَ	قُلْ
(اس) اللہ کے لئے	جس نے	نجات دی ہمیں	ظالم لوگوں سے	اور	عرض کرنا

اس اللہ کیلئے جس نے ہمیں ان ظالموں سے نجات دی ○ اور عرض کرنا:

رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾

رَّبِّ	اَنْزِلْنِيْ	مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا	وَّ	اَنْتَ	خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾
اے میرے رب	اتار دے مجھے	برکت والی جگہ	اور	تو	سب سے بہتر اتارنے والا (ہے)

اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اتار دے اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے ○

1 ..... اس سے مراد حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا کنعان نامی ایک بیٹا اور ایک بیوی ہیں، کنعان منافق تھا اور بیوی کافرہ تھی۔

2 ..... نجات اہلِ ایمان اور حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام دونوں کو ملی جبکہ حمد کا حکم حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو دیا گیا کیونکہ آپ قوم کے نبی اور امام تھے تو ان کا حمد و ثنا کرنا امت کی ترجمانی کے طور پر تھا۔ نیز بحیثیتِ نبی جب حضرت نوح عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے حمد کرنی تھی تو امت نے آپ کی پیروی کرنی تھی۔

www.dawateislami.net

قومِ نوح کی ہلاکت انسانِ عبرت ہے

قومِ عاد کی طرف اشارہ

حضرت ہود عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف اشارہ

کافر سرداروں کے شبہات

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّ اِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ

اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	وَّ	اِنْ	كُنَّا	لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾	ثُمَّ
بیشک	اس میں	ضرور نشانیاں (ہیں)	اور	بیشک	ہم تھے	ضرور آزمانے والے	پھر

بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں اور بیشک ہم ضرور آزمانے والے تھے ○ پھر

اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ ج فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا

اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ [1]	فَاَرْسَلْنَا	فِیْهِمْ	رَسُوْلًا
ہم نے پیدا کی	ان کے بعد	ایک دوسری قوم	تو ہم نے بھیجا	ان میں	ایک رسول

ان کے بعد ہم نے ایک دوسری قوم پیدا کی ○ تو ہم نے ان میں ایک رسول انہیں میں سے

مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

مِّنْهُمْ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ
ان میں سے	کہ	عبادت کرو	اللہ (کی)	نہیں (ہے)	تمہارے لئے	کوئی معبود

بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا

غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ

غَیْرُهٗ	اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾	وَ	قَالَ	الْمَلَاُ [2]	مِنْ قَوْمِهِ
اس کے سوا	تو کیا تم ڈرتے نہیں	اور	کہا	سرداروں (نے)	اس کی قوم میں سے

کوئی معبود نہیں تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ ○ اور اس کی قوم کے وہ سردار بولے

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ	وَ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اور	جھٹلایا	آخرت کی ملاقات کو	اور

جنہوں نے کفر کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور

1 ..... اس قوم سے مراد حضرت ہود عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی قوم عاد ہے۔

2 ..... انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی مخالفت زیادہ تر مالداروں اور سرداروں نے کی جبکہ غریب و مسکین لوگ ایمان کی طرف زیادہ راغب ہوئے۔ مال و منصب عموماً غفلت پیدا کرتے ہیں جبکہ ان سے دوری خدا کی طرف متوجہ کرتی ہے، اگرچہ فی نفسہٖ نہ مالدار ہونا برا ہے اور نہ ہی غریب ہونا کوئی فضیلت۔

www.dawateislami.net

اَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ

اَتْرَفْنٰهُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	مَا	هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ[1]	مِّثْلُكُمْ
ہم نے خوشحالی دی انہیں	دنیا کی زندگی میں	(بولے) نہیں	یہ	مگر	ایک آدمی	تمہارے جیسا

ہم نے انہیں دنیا کی زندگی میں خوشحالی عطا فرمائی (بولے:) یہ تو تمہارے جیسا ہی ایک آدمی ہے،

يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾ ۙ

يَاْكُلُ	مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ	وَ	يَشْرَبُ	مِمَّا	تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾
کھاتا ہے	(اسی میں) سے جو تم کھاتے ہو	اور	پیتا ہے	(اسی میں) سے جو	تم پیتے ہو

جو تم کھاتے ہو اسی میں سے یہ کھاتا ہے اور جو تم پیتے ہو اسی میں سے یہ پیتا ہے ○

کفار کا نبی کی اطاعت میں اپنا نقصان سمجھنا

وَلَىِٕنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا

وَ	لَىِٕنْ	اَطَعْتُمْ[2]	بَشَرًا مِّثْلَكُمْ	اِنَّكُمْ	اِذًا
اور	ضرور اگر	تم اطاعت کرو گے	اپنے جیسے ایک آدمی (کی)	بیشک تم	اس وقت

اور اگر تم کسی اپنے جیسے آدمی کی اطاعت کرو گے جب تو

کفار کا مرنے کے بعد اٹھنے پر اظہارِ تعجب اور اسے بعید سمجھنا

لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَ

لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾	اَيَعِدُكُمْ	اَنَّكُمْ	اِذَا	مِتُّمْ	وَ
ضرور خسارہ پانے والے (ہوگے)	کیا وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں	کہ تم	جب	مر جاؤ گے	اور

تم ضرور خسارہ پانے والے ہوگے ○ کیا تمہیں یہ وعدہ دیتا ہے کہ تم جب مر جاؤ گے اور

كُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿٣٥﴾ ۙ هَيْهَاتَ

كُنْتُمْ	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ ﴿٣٥﴾	هَيْهَاتَ
ہو جاؤ گے	مٹی	اور	ہڈیاں	(اس کے بعد) بیشک تم	نکالے جاؤ گے	بہت دور ہے

مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے کہ (اس کے بعد پھر) تم نکالے جاؤ گے ○ جو وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے

1 ..... نبی کو اپنے جیسا بشر کہنا اور ان کے ظاہری کھانے پینے کو دیکھنا اور ان کے باطنی مقام اور نزولِ وحی کو نہ دیکھنا، ہمیشہ سے کفار کا کام رہا ہے۔

2 ..... نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی پیروی میں ناکامی سمجھنا کفار کا طریقہ ہے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی اطاعت خسارے سے بچاتی اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے سرفراز کرتی ہے۔ افسوس! کچھ نام نہاد مسلمان بھی ایسے ہیں جو کفار کے اخلاق و کردار اور اعمال و افعال کی پیروی کو کامیابی اور خدا کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے طریقے پر چلنے کو تاریکی و دقیانوسیت اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ سمجھتے ہیں۔

www.dawateislami.net

هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

هَيْهَاتَ	لِمَا	تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ (1)	اِنْ	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا الدُّنْيَا
بہت دور ہے	جس کا	تم سے وعدہ کیا جارہا ہے	نہیں	یہ	مگر	ہماری دنیاوی زندگی

وہ بہت دور ہے وہ بہت دور ہے ○ زندگی تو صرف ہماری دنیا کی زندگی ہے،

نَمُوْتُ وَ نَحْيَا وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

نَمُوْتُ	وَ	نَحْيَا	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾	اِنْ	هُوَ (2)	اِلَّا
ہم مرتے ہیں	اور	جیتے ہیں	اور	نہیں	ہم	اٹھائے جانے والے	نہیں	وہ	مگر

ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم اٹھائے جانے والے نہیں ہیں ○ یہ تو صرف

رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّ مَا نَحْنُ لَهٗ

رَجُلٌ افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّ	مَا	نَحْنُ	لَهٗ
ایک آدمی اس نے بہتان باندھا ہے	اللہ پر	جھوٹ	اور	نہیں	ہم	اس کا

ایک ایسا مرد ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم اس کا

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	بِمَا
یقین کرنے والے	(رسول نے) عرض کی	اے میرے رب	مدد فرما میری	(اس) وجہ سے کہ

یقین کرنے والے نہیں ہیں ○ عرض کی: اے میرے رب! میری مدد فرما

كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ ج

كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾	قَالَ	عَمَّا قَلِيْلٍ	لَّيُصْبِحُنَّ	نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
انہوں نے جھٹلایا ہے مجھے	(اللہ نے) فرمایا	تھوڑی (دیر) میں	ضرور وہ ہو جائیں گے	پچھتانے والے

کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے ○ اللہ نے فرمایا: تھوڑی دیر میں یہ پچھتانے والے ہو جائیں گے ○

(1) ..... خود کو عقلِ کُل سمجھنا اور حق بات کو کسی صورت تسلیم نہ کرنا بدعقلی، نادانی اور کفار کا طرزِ عمل ہے۔ فی زمانہ ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو اپنی سوچ کے علاوہ کسی چیز کو صحیح ماننے پر تیار نہیں، یہاں تک کہ صحابہ و تابعین و سلف صالحین پر بھی اعتراض کرنے سے نہیں ڈرتے جبکہ دینی عقائد و اعمال نیز دینی حلیے، علمائے دین اور عالمینِ دین پر اعتراض کرنا تو ایک فیشن بن چکا ہے، لیکن اتنا یاد رکھیں کہ مرنے کے بعد ایک دن خدا کو ان حرکتوں کا جواب دینا ہے۔ (2) ..... کافر سرداروں نے حضرت ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں کہا کہ یہ ایک ایسا آدمی ہے جس نے خود کو اللہ تعالیٰ کا نبی بتا کر اور مرنے کے بعد زندہ ہونے کی خبر دے کر

www.dawateislami.net

قوم ہود کی ہلاکت

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا

فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ	فَجَعَلْنٰهُمْ	غُثَآءً	فَبُعْدًا
تو پکڑ لیا انہیں	سچی چنگھاڑ (نے)	تو ہم نے بنادیا انہیں	سوکھی گھاس کوڑا	تو دوری ہو

تو سچی چنگھاڑ نے انہیں پکڑ لیا تو ہم نے انہیں سوکھی گھاس کوڑا بنادیا تو ظالم لوگوں

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾

مزید قوموں کی ہلاکت اور رسولوں کا اجمالی تذکرہ

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾	ثُمَّ	اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾
ظالم لوگوں کے لئے	پھر	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد	دوسری قومیں

کیلئے دوری ہو ○ پھر ان کے بعد ہم نے دوسری بہت سی قومیں پیدا کیں ○

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا

مَا تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ	اَجَلَهَا	وَ	مَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا
پہلے نہیں جاتی	کوئی امت	اپنی مدت (سے)	اور	نہ وہ پیچھے رہتے ہیں	پھر	ہم نے بھیجے

کوئی امت اپنی مدت سے نہ پہلے جاتی ہے اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں ○ پھر ہم نے لگاتار

رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ

رُسُلَنَا	تَتْرَا	كُلَّمَا	جَآءَ	اُمَّةً	رَّسُوْلُهَا	كَذَّبُوْهُ (1)
اپنے رسول	لگاتار	جب کبھی	آیا	کسی امت (کے پاس)	اس کا رسول	انہوں نے جھٹلایا اسے

اپنے رسول بھیجے۔ جب کبھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا

فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا

فَاَتْبَعْنَا	بَعْضَهُمْ	بَعْضًا	وَّ	جَعَلْنٰهُمْ	اَحَادِيْثَ	فَبُعْدًا
تو ہم نے پیچھے کیا	ان کے بعض (کو)	بعض (کے)	اور	بناڈالا انہیں	داستانیں	تو دوری ہو

تو ہم نے ایک کو دوسرے سے ملادیا اور انہیں داستانیں بناڈالا تو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اللہ عَزَّوَجَلَّ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم اس کی بات کا یقین کرنے والے نہیں ہیں۔

1 ..... یہاں تنبیہ کی گئی ہے کہ پہلی قوموں نے نبیوں کو جھٹلایا تو انہیں ہلاک کرکے قصے کہانیاں بنادیا گیا، محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تکذیب کرکے تمہارا بھی کہیں یہی حال نہ ہو۔

www.dawateislami.net

حضرت موسیٰ وہارون علیہما الصلوٰۃ والسلام کا فرعون کی طرف جانا اور فرعونیوں کا تکبر

لِّقَوْمِهٖ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ

لِّقَوْمِهٖ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	وَ	اَخَاهُ
(ان) لوگوں کیلئے	جو ایمان نہیں لاتے	پھر	ہم نے بھیجا	موسیٰ	اور	اس کے بھائی

ایمان نہ لانے والے دور ہوں ○ پھر ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو

هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ

هٰرُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ [1]	اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ
ہارون (کو)	اپنی آیتوں اور روشن دلیل کے ساتھ	فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

اپنی آیتوں اور روشن دلیل کے ساتھ بھیجا ○ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

فرعونیوں کا متکبرانہ کلام اور جھٹلانا

فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ ۚ فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ

فَاسْتَكْبَرُوْا	وَ	كَانُوْا	قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾	فَقَالُوْۤا	اَنُؤْمِنُ
تو انہوں نے تکبر کیا	اور	وہ تھے	غلبہ پائے ہوئے لوگ	تو انہوں نے کہا	کیا ہم ایمان لے آئیں

تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ غلبہ پائے ہوئے لوگ تھے ○ تو کہنے لگے: کیا ہم اپنے جیسے

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ ۚ

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا	وَ	قَوْمُهُمَا	لَنَا	عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾
اپنے جیسے دو آدمیوں پر	اور (حالانکہ)	ان دونوں کی قوم	ہماری	اطاعت گزار، خدمتگار (ہے)

دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان کی قوم ہماری اطاعت گزار ہے ○

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوم پر انعام الٰہی

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَ لَقَدْ

فَكَذَّبُوْهُمَا	فَكَانُوْا	مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾	وَ	لَقَدْ
تو انہوں نے جھٹلایا ان دونوں کو	تو ہو گئے	ہلاک کئے جانے والوں میں سے	اور	ضرور بیشک

تو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو ہلاک کئے جانے والوں میں سے ہو گئے ○ اور بیشک

[1] ..... یہاں آیات سے مراد معجزات اور روشن دلیل سے مراد عصا ہے، یہ بھی اگرچہ معجزات میں داخل ہے لیکن بہت منفرد ہونے کی وجہ سے اسے جدا ذکر کیا گیا ہے۔

www.dawateislami.net

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی والدہ کا اجمالی تذکرہ

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَ جَعَلْنَا

اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾	وَ	جَعَلْنَا
ہم نے عطا کی	موسیٰ (کو)	کتاب	تاکہ وہ (بنی اسرائیل)	ہدایت پاجائیں	اور	ہم نے بنادیا

ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا فرمائی تاکہ (بنی اسرائیل) ہدایت پاجائیں ○ اور ہم نے

ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ

ابْنَ مَرْيَمَ	وَ	اُمَّهٗۤ	اٰيَةً[1]	وَّ	اٰوَيْنٰهُمَاۤ	اِلٰى رَبْوَةٍ
مریم کے بیٹے	اور	اس (بیٹے) کی ماں (کو)	نشانی	اور	ٹھکانہ دیا انہیں	ایک بلند زمین کی طرف

مریم اور اس کے بیٹے کو نشانی بنادیا اور انہیں ایک بلند،

رزقِ حلال اور نیک اعمال سے متعلق تمام رسولوں کو مشترکہ ہدایت

ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا

ذَاتِ قَرَارٍ	وَّ	مَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾	يٰۤاَيُّهَا	الرُّسُلُ	كُلُوْا
ٹھہرنے کے لائق	اور	آنکھوں کے سامنے بہتے پانی (والی)	اے	رسولو	کھاؤ

رہائش کے قابل اور آنکھوں کے سامنے بہتے پانی والی سرزمین میں ٹھکانہ دیا ○ اے رسولو! پاکیزہ چیزیں

مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

مِنَ الطَّيِّبٰتِ	وَ	اعْمَلُوْا[2]	صَالِحًا	اِنِّيْ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
پاکیزہ چیزوں سے	اور	عمل کرو	اچھا، نیک	بیشک میں	(اس) کو جو	تم عمل کرتے ہو

کھاؤ اور اچھا کام کرو، بیشک میں تمہارے کاموں کو

تمام انبیاء کا مل کر دین ایک ہی تھا

عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ ؕ وَ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ اَنَا

عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾	وَ	اِنَّ	هٰذِهٖۤ	اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّ	اَنَا
جاننے والا (ہوں)	اور	بیشک	یہ (اسلام)	تمہارا دین	ایک ہی دین (ہے)	اور	میں

جانتا ہوں ○ اور بیشک یہ تمہارا دین ایک ہی دین ہے اور میں

ع ۱۸ ۲

1 ..... حضرت مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا نشانی ہونا اس طور پر ہے کہ انہیں کسی مرد نے نہ چھوا لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ان کے پیٹ میں حمل پیدا فرمادیا اور حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا نشانی ہونا اس طور پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بغیر باپ کے پیدا فرمایا، جھولے میں انہیں کلام کرنے کی طاقت دی اور ان کے دستِ اقدس سے پیدائشی اندھوں اور کوڑھ کے مریضوں کو شفا دی اور مردوں کو زندہ فرمایا۔ 2 ..... انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام جیسی بارگاہِ الٰہی کی مقرب ترین ہستیوں پر بھی عبادات فرض تھیں، لہٰذا کوئی شخص خواہ وہ کسی درجہ کا ہو عبادت سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔

www.dawateislami.net

دین سے متعلق امتوں کا رویہ

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

رَبُّكُمْ	فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾	فَتَقَطَّعُوْۤا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
تمہارا رب (ہوں)	تو تم ڈرو مجھ سے	تو انہوں نے کاٹ کر ٹکڑے کر دیا	اپنا امر (دین)	اپنے درمیان

تمہارا رب ہوں تو مجھ سے ڈرو ○ تو ان کی امتوں نے اپنے دین کو آپس میں

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾

زُبُرًا	كُلُّ حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ	فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾
ٹکڑے ٹکڑے	تمام گروہ	(اس) پر جو	ان کے پاس (ہے)	خوش ہیں

ٹکڑے ٹکڑے کر لیا، ہر گروہ اس پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے ○

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تسلی

کفار پر نعمتوں کی بہتات رضائے الٰہی کی دلیل نہیں

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

فَذَرْهُمْ	فِيْ غَمْرَتِهِمْ	حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾	اَيَحْسَبُوْنَ
تو تم چھوڑ دو انہیں	ان کی جہالت (گمراہی) میں	ایک مدت تک	کیا وہ گمان کر رہے ہیں

تو تم انہیں ایک مدت تک ان کی گمراہی میں چھوڑ دو ○ کیا یہ خیال کر رہے ہیں

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ۙ نُسَارِعُ

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ	مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِيْنَ ﴿۵۵﴾	نُسَارِعُ
کہ جس کے ساتھ ہم مدد کر رہے ہیں ان کی	(یعنی) مال اور بیٹوں سے	(تو) ہم جلدی کر رہے ہیں

کہ وہ جو ہم مال اور بیٹوں کے ساتھ ان کی مدد کر رہے ہیں ○ تو یہ ہم ان کیلئے

کامل ایمان والوں کی 5 صفات

لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ

لَهُمْ	فِي الْخَيْرٰتِ	بَلْ	لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ (1)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	هُمْ
ان کے لئے	بھلائیوں میں	بلکہ	انہیں خبر نہیں	بیشک	وہ لوگ جو	وہ

بھلائیوں میں جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ انہیں خبر نہیں ○ بیشک وہ جو

1 ..... کفار کے پاس مال اور اولاد کی کثرت اللہ تعالیٰ کے ان سے راضی ہونے کی دلیل نہیں بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں ڈھیل ہے۔ فی زمانہ کفار کی دنیوی علوم و فنون میں ترقی اور مال و دولت کی بہتات دیکھ بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہے جبھی تو وہ اس قدر ترقی یافتہ ہیں۔ یہ غلط فہمی ہے ورنہ تو فرعون و نمرود کو بھی عذاب سے پہلے خدا کا پسندیدہ بندہ مان لینا چاہئے کہ یہ سب کچھ تو ان کے پاس بھی تھا تو جب وہ دنیوی ترقی کے باوجود خدا کے دشمن ہی تھے، پسندیدہ بندے نہیں تو آج کے کفار اسی ترقی و خوشحالی سے خدا کے پسندیدہ کیوں بن گئے۔

www.dawateislami.net

مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ	مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
اپنے رب کے خوف سے	ڈرنے والے (ہیں)	اور	وہ لوگ جو	وہ	اپنے رب کی آیتوں پر

اپنے رب کے ڈر سے خوفزدہ ہیں ○ اور وہ جو اپنے رب کی آیتوں پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	بِرَبِّهِمْ	لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾	وَ
ایمان لاتے ہیں	اور	وہ لوگ جو	وہ	اپنے رب کے ساتھ	(کسی کو) شریک نہیں کرتے	اور

ایمان لاتے ہیں ○ اور وہ جو اپنے رب کے ساتھ (کسی کو) شریک نہیں کرتے ○ اور

الَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ

الَّذِيْنَ	يُؤْتُوْنَ	مَآ	اٰتَوْا	وَّ	قُلُوْبُهُمْ	وَجِلَةٌ (1)
وہ لوگ جو	دیتے ہیں	جو کچھ	انہوں نے دیا	اور (جبکہ)	ان کے دل	ڈر رہے ہیں

وہ جنہوں نے جو کچھ دیا وہ اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل اس بات سے ڈر رہے ہیں

اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ

اَنَّهُمْ	اِلٰى رَبِّهِمْ	رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾	اُولٰٓئِكَ	يُسٰرِعُوْنَ
(اس سے) کہ وہ	اپنے رب کی طرف	لوٹنے والے (ہیں)	یہ لوگ	جلدی کرتے ہیں

کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ○ یہ لوگ بھلائیوں میں

فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ

فِي الْخَيْرٰتِ	وَ	هُمْ	لَهَا	سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾	وَ	لَا نُكَلِّفُ
بھلائیوں میں	اور	وہی	ان کے لیے	آگے بڑھنے والے (ہیں)	اور	ہم بوجھ نہیں رکھتے

جلدی کرتے ہیں اور یہی بھلائیوں کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں ○ اور ہم کسی جان پر

ایمان والوں کو ایک بشارت

(1) ..... پہلے زمانے کے لوگ شب و روز عبادت میں گزارتے اور پھر بھی ڈرتے تھے کہ کہیں ان کے عمل نامقبول نہ ہو جائیں لیکن آج کی صورتِ حال ایسی ہے جیسی ایک روایت میں بیان کی گئی ہے۔ ”لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں قرآنِ پاک ان کے دلوں میں ایسے پرانا ہو جائے گا جیسے بدن پر کپڑے پرانے ہو جاتے ہیں، ان کے تمام کام لالچ کی وجہ سے ہوں گے جس میں خوف نہیں ہو گا، اگر ان میں سے کوئی اچھا عمل کرے گا تو کہے گا یہ مقبول ہو گا اور اگر برائی کرے گا تو کہے گا میری بخشش ہو جائے گی۔ (احیاء علوم الدین، ۳/۴۷۴)

www.dawateislami.net

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ

نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا[1]	وَ	لَدَيْنَا	كِتٰبٌ
کسی جان (پر)	مگر	اس کی طاقت (کے مطابق)	اور	ہمارے پاس	ایک کتاب (ہے)

اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں رکھتے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے

يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ

يَّنْطِقُ	بِالْحَقِّ	وَ	هُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾	بَلْ	قُلُوْبُهُمْ
جو بیان کرتی ہے	حق	اور	وہ	ان پر ظلم نہ کیا جائے گا	بلکہ	ان (کافروں) کے دل

جو حق بیان کرتی ہے اور ان پر ظلم نہ ہو گا ○ بلکہ کافروں کے دل

فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ

فِيْ غَمْرَةٍ	مِّنْ هٰذَا	وَ	لَهُمْ	اَعْمَالٌ	مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ
غفلت میں (ہیں)	اس (قرآن) سے	اور	ان کے	کام	ان (مسلمانوں کے اعمال) کے علاوہ (ہیں)

اس قرآن سے غفلت میں ہیں اور کافروں کے کام ان اعمال کے علاوہ ہیں

هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ

هُمْ لَهَا	عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾	حَتّٰۤى	اِذَاۤ	اَخَذْنَا	مُتْرَفِيْهِمْ
جن کو وہ	کر رہے (ہیں)	یہاں تک کہ	جب	ہم نے پکڑا	ان کے خوشحال لوگوں (کو)

جنہیں یہ کر رہے ہیں ○ یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب میں

بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ

بِالْعَذَابِ[2]	اِذَا	هُمْ	يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾	لَا تَجْـَٔرُوا	الْيَوْمَ	اِنَّكُمْ
عذاب میں	(تو) جبھی	وہ	فریاد کرنے لگے	تم فریاد نہ کرو	آج	بیشک تم

پکڑا تو جبھی وہ فریاد کرنے لگے ○ آج فریاد نہ کرو، بیشک

کافروں کی قرآن مجید سے غفلت

مثالے عذاب کفار کی فریاد

فریادِ کفار کا جواب

1 ..... یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل اور احسان ہے کہ وہ اپنے بندوں پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہمیں عبادات و معاملات کے متعلق وہی احکام دیئے گئے ہیں جن پر ہم عمل کر سکتے ہیں۔ اپنی سستی اور کوتاہی کو اس حیلے کا ذریعہ نہ بنایا جائے کہ دینی احکام پر عمل کرنا آج کے زمانے میں بڑا مشکل ہے۔ 2 ..... یہاں عذاب سے مراد بدر کے دن قتل کیا جانا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد فاقوں اور بھوک کی وہ مصیبت ہے جو حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی دعا سے ان پر مسلط کی گئی اور اس کی وجہ سے ان کی حالت یہاں تک پہنچ گئی تھی کہ وہ کتے اور مردار تک کھا گئے۔

www.dawateislami.net

مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰى عَلَیْكُمْ

مِّنَّا	لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾	قَدْ	كَانَتْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰى	عَلَیْكُمْ
ہماری طرف سے	تمہاری مدد نہیں کی جائے گی	بیشک	میری آیتیں پڑھی جاتی تھیں	تم پر

ہماری طرف سے تمہاری مدد نہیں کی جائے گی ○ بیشک میری آیات کی تمہارے سامنے تلاوت کی جاتی تھی

فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ۙ مُسْتَكْبِرِیْنَ ۖۗ بِهٖ

فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾	مُسْتَكْبِرِیْنَ	بِهٖ
تو تم اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پلٹ جاتے تھے	تکبر کرتے	اس (خانہ کعبہ کی خدمت) پر

تو تم اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پلٹتے تھے ○ خانہ کعبہ کی خدمت پر ڈینگیں مارتے،

سٰمِرًا تَّهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا

سٰمِرًا	تَّهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾	اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا
رات کو الٹی سیدھی باتیں کرتے	(حق کو) چھوڑتے ہوئے	تو کیا انہوں نے غور و فکر نہیں کیا

رات کو الٹی سیدھی باتیں ہانکتے، (حق کو) چھوڑتے ہوئے ○ کیا انہوں نے قرآن میں

الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ یَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿٦٨﴾

الْقَوْلَ	اَمْ	جَآءَهُمْ	مَّا	لَمْ یَاْتِ	اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿٦٨﴾ (1)
بات (یعنی قرآن میں)	یا	آیا ان کے پاس	وہ جو	نہ آیا تھا	ان کے پہلے باپ دادا (کے پاس)

غور و فکر نہیں کیا؟ یا کیا اُن کے پاس وہ آیا جو اُن کے باپ دادا کے پاس نہ آیا تھا؟ ○

اَمْ لَمْ یَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ

اَمْ	لَمْ یَعْرِفُوْا	رَسُوْلَهُمْ	فَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾	اَمْ
یا	انہوں نے نہیں پہچانا	اپنے رسول (کو)	تو وہ	اس کا	انکار کرنے والے (ہیں)	یا

یا کیا اُنہوں نے اپنے رسول کو پہچانا نہیں ہے؟ تو وہ اس کا انکار کر رہے ہیں ○ یا

اثبات حق سے اعراض کرنے پر کفار مکہ کو زجر و ملامت

انکار رسالت میں کفار کی ہٹ دھرمی

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی طرف نسبت جنون کی تردید

(1) ..... یعنی رسول کا تشریف لانا ایسی نرالی بات نہیں ہے جو کبھی پہلے زمانے میں ہوئی ہی نہ ہو جس کی بنا پر کفار یہ کہہ کر ایمان لانے سے انکار کر دیں کہ ہمیں خبر ہی نہ تھی کہ رسول بھی آیا کرتے ہیں۔ اگر کبھی پہلے کوئی رسول آیا ہوتا اور ہم نے اس کا تذکرہ سنا ہوتا تو ہم کیوں اس رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو نہ مانتے۔

www.dawateislami.net

يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَ

يَقُوْلُوْنَ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلْ	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَ
وہ کہتے ہیں	اس (رسول) پر	جنون (طاری ہے)	بلکہ	وہ آیا ان کے پاس	حق کے ساتھ	اور

وہ کہتے ہیں کہ اس رسول پر جنون طاری ہے بلکہ وہ تو ان کے پاس حق کے ساتھ تشریف لائے ہیں اور

اَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَ لَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ

اَكْثَرُهُمْ	لِلْحَقِّ	كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾	وَ	لَوِ	اتَّبَعَ	الْحَقُّ
ان (کافروں) میں اکثر	حق کو	ناپسند کرنے والے (ہیں)	اور	اگر	پیروی کرتا	حق

ان کافروں میں اکثر حق کو ناپسند کرنے والے ہیں ○ اور اگر حق ان کی خواہشوں کی

اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ وَ مَنْ

اَهْوَآءَهُمْ (1)	لَفَسَدَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَ	الْاَرْضُ	وَ	مَنْ
ان کی خواہشات (کی)	(تو) ضرور تباہ ہو جاتے	آسمان	اور	زمین	اور	جو کوئی

پیروی کرتا تو ضرور آسمان اور زمین اور جو کوئی

فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

فِيْهِنَّ	بَلْ	اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ	فَهُمْ	عَنْ ذِكْرِهِمْ
ان میں (ہیں)	بلکہ	ہم لائے ان کے پاس ان کی نصیحت	تو وہ	اپنی نصیحت (ہی) سے

ان میں ہیں سب تباہ ہو جاتے بلکہ ہم تو ان کے پاس ان کی نصیحت لائے ہیں تو وہ اپنی نصیحت ہی سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾	اَمْ	تَسْـَٔلُهُمْ	خَرْجًا	فَخَرَاجُ رَبِّكَ
منہ پھیرے ہوئے (ہیں)	کیا	تم مانگتے ہو ان سے	کچھ اجرت	تو تمہارے رب کا اجر

منہ پھیرے ہوئے ہیں ○ کیا تم ان سے کچھ اجرت مانگتے ہو؟ تو تمہارے رب کا اجر

(1) ..... یعنی اگر قرآن پاک میں کفار کی خواہشات و نظریات کے مطابق مضامین ہوتے جیسے ایک سے زیادہ خدا ہونا وغیرہ، تو کائنات کا نظام تباہ ہو کر رہ جاتا کیونکہ قرآن مجید سچی کتاب ہے اور اس میں جو چیز مذکور ہے وہ حقیقت بھی ہے، اب اگر قرآن میں دو خدا لکھے ہوتے تو حقیقت میں بھی دو ہوتے لیکن اگر ایسا ہوتا اور ہر خدا کا حکم دوسرے کے مختلف ہوتا تو اب اگر سب کے ارادے ایک ہی وقت میں پورے ہوتے تو ساری کائنات تباہ ہو جاتی۔ خلاصہ یہ کہ قرآن حق کے بیان اور نصیحت پر مشتمل ہے لہٰذا جو اس میں مذکور ہے اسی کو تسلیم کیا جائے۔

قرآن خواہشاتِ کفار کے تابع نہیں

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا کمالِ اخلاص

www.dawateislami.net

صراطِ مستقیم کے داعی

خَیْرٌ وَّ هُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۷۲﴾ وَ اِنَّكَ

خَیْرٌ	وَّ	هُوَ	خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۷۲﴾	وَ	اِنَّكَ
سب سے بہتر (ہے)	اور	وہ	سب سے بہتر روزی دینے والا (ہے)	اور	بیشک تم

سب سے بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے ○ اور بیشک تم

سیدھی راہ سے کترانے والے لوگ

لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۷۳﴾ وَ اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ

لَتَدْعُوْهُمْ	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۷۳﴾	وَ	اِنَّ	الَّذِیْنَ	لَا یُؤْمِنُوْنَ
ضرور بلاتے ہو انہیں	سیدھے راستے کی طرف	اور	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے

انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہو ○ اور بیشک جو آخرت پر

موت ٹلنے کے بعد کفار کی عناد و سرکشی

بِالْاٰخِرَةِ[1] عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَ لَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَ

بِالْاٰخِرَةِ[1]	عَنِ الصِّرَاطِ	لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾	وَ	لَوْ	رَحِمْنٰهُمْ	وَ
آخرت پر	(سیدھی) راہ سے	ضرور کترائے ہوئے (ہیں)	اور	اگر	ہم رحم فرماتے ان پر	اور

ایمان نہیں لاتے وہ ضرور سیدھی راہ سے کترائے ہوئے ہیں ○ اور اگر ہم ان پر رحم فرماتے اور

مصیبت کے موقع پر کفار کی اطاعتِ الٰہی سے روگردانی

كَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِیْ طُغْیَانِهِمْ

كَشَفْنَا	مَا	بِهِمْ	مِّنْ ضُرٍّ	لَّلَجُّوْا	فِیْ طُغْیَانِهِمْ
ٹال دیتے	جو	ان پر (پڑی تھی)	مصیبت	(تو) ضرور ڈھیٹ پن کرتے	اپنی سرکشی میں

جو مصیبت ان پر پڑی تھی وہ ٹال دیتے تو یہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے ہوئے

یَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَ لَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا

یَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾	وَ	لَقَدْ	اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	فَمَا اسْتَكَانُوْا
بھٹکتے ہوئے	اور	ضرور بیشک	ہم نے پکڑا انہیں	عذاب میں	تو نہ وہ جھکے

ضرور ڈھیٹ پن کرتے ○ اور بیشک ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کر دیا تو وہ نہ تب اپنے رب کے حضور

[1] ..... آخرت پر ایمان اور قیامت کی ہولناکیوں کا خوف راہِ حق تلاش کرنے اور اس پر چلنے کا بہت مضبوط ذریعہ ہے۔ جس کے دل سے قیامت کا خوف نکل گیا اس کا سیدھے راستے پر چلنا ممکن نہیں۔ سلف صالحین قیامت سے بہت ڈرتے تھے، مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سورۂ ”اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ“ کی تلاوت فرمائی (جس میں قیامت کی ہولناکیوں کا ذکر ہے) جب اس آیت ”وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ“ (اور جب نامۂ اعمال کھولے جائیں گے) پر پہنچے تو (غلبۂ خوف کی وجہ سے) بیہوش ہو کر گر پڑے۔ (احیاء علوم الدین، ۴/۲۲۶)

www.dawateislami.net

مبتلائے عذاب کفار کی ناامیدی

لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ

لِرَبِّهِمْ	وَ	مَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾	حَتّٰى	اِذَا	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ
اپنے رب کے حضور	اور	نہ (اب) عاجزی کررہے ہیں	یہاں تک کہ	جب	ہم کھولتے ہیں	ان پر

جھکے اور نہ ہی (اب) عاجزی کررہے ہیں ○ یہاں تک کہ جب ہم اُن پر کسی سخت عذاب والا

اعضاء کی نعمتیں اور مخلوق کی ناشکری

بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع وَهُوَ

بَابًا	ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ	اِذَا	هُمْ	فِيْهِ	مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾	وَ	هُوَ
دروازہ	کسی سخت عذاب والا	(تو) اس وقت	وہ	اس میں	ناامید ہونے والے (ہیں)	اور	وہی (ہے)

دروازہ کھولتے ہیں تو اس وقت وہ اس میں ناامید پڑے ہوتے ہیں ○ اور وہی ہے

الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

الَّذِيْ	اَنْشَاَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ	قَلِيْلًا مَّا
جس نے	بنائے	تمہارے لیے	کان	اور	آنکھیں	اور	دل	بہت ہی کم

جس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے، تم بہت ہی کم

وقوعِ قیامت کی طرف اشارہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ

تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ (۱)	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	ذَرَاَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	وَ	اِلَيْهِ
تم شکر ادا کرتے ہو	اور	وہی (ہے)	جس نے	پھیلایا تمہیں	زمین میں	اور	اسی کی طرف

شکر ادا کرتے ہو ○ اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف

قدرتِ الٰہی کی نشانیاں

تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَ

تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	يُحْيٖ	وَ	يُمِيْتُ	وَ
تمہیں اٹھایا جائے گا	اور	وہی (ہے)	جو	زندہ کرتا ہے	اور	موت دیتا ہے	اور

تمہیں اٹھایا جائے گا ○ اور وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے،

(۱) ..... کانوں کی تخلیق کا ایک مقصد حق سن کر ہدایت پانا ہے اور آنکھوں کا ایک مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت پر دلالت کرنے والی نشانیوں کا مشاہدہ کیا جائے اور دلوں کی تخلیق کا ایک مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں میں غور و فکر کیا جائے۔ اب جس نے ان نعمتوں کو ان کے مقصد میں استعمال نہ کیا تو اس نے ناشکری کی اور حقیقت یہی ہے کہ لوگ بہت کم شکر ادا کرتے ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے: جس نے صبح کے وقت یہ کہا "اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ" تو اس نے اپنے دن کا شکر ادا کر دیا اور جس نے شام کے وقت ایسا کہا تو اس نے اپنی رات کا شکر ادا کر دیا۔ (سنن ابو داؤد، ۴/۴۱۳، الحدیث: ۵۰۷۳)

www.dawateislami.net

لَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا

لَهُ	اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾	بَلْ	قَالُوْا
اسی کے لئے (ہے)	رات اور دن کا تبدیل ہونا	تو کیا تم سمجھتے نہیں	بلکہ	انہوں نے کہا

رات اور دن کا تبدیل ہونا اسی کے اختیار میں ہے۔ تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ ○ بلکہ انہوں نے وہی بات

مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا

مِثْلَ	مَا	قَالَ	الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾	قَالُوْٓا	ءَاِذَا	مِتْنَا
(اس کے) جیسا	جو	کہتے تھے	پہلے لوگ	انہوں نے کہا تھا	کیا جب	ہم مر جائیں گے

کہی جو پہلے والے کہتے تھے ○ انہوں نے کہا تھا: کیا جب ہم مر جائیں گے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ

وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾	لَقَدْ
اور	ہو جائیں گے	مٹی	اور	ہڈیاں	(تو) کیا بیشک ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے	ضرور بیشک

اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا پھر ہم اٹھائے جائیں گے؟ ○ بیشک

وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

وُعِدْنَا	نَحْنُ	وَ	اٰبَآؤُنَا	هٰذَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ
وعدہ دیا گیا	ہمیں	اور	ہمارے باپ دادا (کو)	یہ	(اس سے) پہلے	نہیں	یہ	مگر

ہمیں اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا کو یہ وعدہ دیا گیا، یہ تو صرف

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ [1]	قُلْ	لِّمَنِ الْاَرْضُ	وَ	مَنْ	فِيْهَآ	اِنْ
پہلے لوگوں کی جھوٹی داستانیں	تم کہو	کس کی ہے زمین	اور	جو کچھ	اس میں (ہے)	اگر

پہلے لوگوں کی جھوٹی داستانیں ہیں ○ تم فرماؤ: زمین اور جو کچھ اس میں ہے وہ سب کس کا ہے؟ اگر

1 ..... کفارِ مکہ گزشتہ قوموں میں انبیاءعَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بعثت اور پھر قوموں کے کفر و انکار پر عذابِ الٰہی سے ان کی ہلاکت کا حال اچھی طرح جانتے تھے۔ انہوں نے آباؤ اجداد کے انکار کو پیشِ نظر رکھا اور اس کی تو پیروی کی لیکن ان کے انجام کو نظر انداز کر دیا۔ وجہ یہ کہ جب انسان میں ضد پیدا ہو جائے تو پڑھا لکھا، سمجھدار اور تاریخ و حالات سے باخبر آدمی بھی حق ماننے اور عبرت و نصیحت حاصل کرنے سے آنکھیں بند کر لیتا اور اپنی تمام صلاحیتوں کو باطل کی طرف ہی لگا دیتا ہے۔

www.dawateislami.net

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾
تم جانتے ہو	اب وہ کہیں گے	اللہ کا	تم کہو	تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے

تم جانتے ہو ○ اب کہیں گے کہ اللہ کا۔ تم فرماؤ: تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ ○

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ	وَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾
تم کہو	کون (ہے)	ساتوں آسمانوں کا مالک	اور	عرشِ عظیم کا مالک

تم فرماؤ: ساتوں آسمانوں کا مالک اور عرشِ عظیم کا مالک کون ہے؟ ○

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ قُلْ

سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ (1)	قُلْ
اب وہ کہیں گے	(یہ سب) اللہ ہی کا (ہے)	تم کہو	تو کیا تم ڈرتے نہیں	تم کہو

اب کہیں گے: یہ سب اللہ ہی کا ہے۔ تم فرماؤ: تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ ○ تم فرماؤ:

مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ هُوَ يُجِيْرُ وَ لَا يُجَارُ

مَنْۢ بِيَدِهٖ	مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ	وَّ	هُوَ	يُجِيْرُ	وَ	لَا يُجَارُ
کس کے ہاتھ میں (ہے)	ہر چیز کی ملکیت، قبضہ	اور	وہ	پناہ دیتا ہے	اور	پناہ نہیں دی جاسکتی

ہر چیز کی ملکیت کس کے ہاتھ میں ہے؟ اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف

عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ

عَلَيْهِ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ
اس کے خلاف	اگر	تم جانتے ہو (تو جواب دو)	اب وہ کہیں گے	(یہ ملکیت) اللہ ہی کیلئے (ہے)

پناہ نہیں دی جاسکتی، اگر تمہیں علم ہے ○ اب کہیں گے: یہ (ملکیت) اللہ ہی کیلئے ہے۔

1 ..... یہاں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے دلائل میں غور و فکر کرنے کا پہلے اور اس کی نافرمانی سے بچنے کا بعد میں ذکر کیا گیا، اس میں حکمت یہ ہے کہ ان دلائل میں غور و فکر سے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو گی اور معرفت خوفِ خدا تک لیجائے گی۔ معلوم ہوا کہ کائنات اور مخلوقات میں غور و فکر کرتے رہنا چاہئے تاکہ دل معرفتِ خداوندی سے لبریز ہوں اور اس سے خوفِ خدا پیدا ہو جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے ہمیں روکے۔

www.dawateislami.net

قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَ اِنَّهُمْ

قُلْ	فَاَنّٰى	تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾	بَلْ	اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّهُمْ
تم کہو	تو کیسے	جادو کے فریب میں پڑے ہو	بلکہ	ہم لائے ان کے پاس حق	اور	بیشک وہ

تم فرماؤ: تو کیسے جادو کے فریب میں پڑے ہو؟ ○ بلکہ ہم ان کے پاس حق لائے اور وہ بیشک

لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّ مَا كَانَ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾	مَا اتَّخَذَ	اللّٰهُ	مِنْ وَّلَدٍ (1)	وَّ	مَا كَانَ
ضرور جھوٹے (ہیں)	نہ بنایا، اختیار نہ کیا	اللہ (نے)	(اپنا) کوئی بچہ	اور	نہیں ہے

جھوٹے ہیں ○ اللہ نے کوئی بچہ اختیار نہ کیا اور نہ اس کے ساتھ

مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا

مَعَهٗ	مِنْ اِلٰهٍ	اِذًا	لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا
اس کے ساتھ	کوئی (دوسرا) معبود	(اگر ایسا ہوتا تو) اس وقت	ضرور لے جاتا ہر معبود جو

کوئی دوسرا معبود ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود

خَلَقَ وَ لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

خَلَقَ	وَ	لَعَلَا	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ
اس نے پیدا کیا	اور	ضرور بڑائی، غلبہ چاہتے	ان کے بعض	بعض پر	اللہ پاک ہے

اپنی مخلوق لے جاتا اور ضرور ان میں سے ایک دوسرے پر بڑائی و غلبہ چاہتا۔ اللہ ان باتوں سے

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا

عَمَّا	يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾	عٰلِمِ الْغَيْبِ (2) وَ الشَّهَادَةِ	فَتَعٰلٰى	عَمَّا
(اس) سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	ہر پوشیدہ اور ظاہر بات کو جاننے والا	تو وہ بلند ہے	(اس) سے جو

پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں ○ (وہ اللہ) ہر پوشیدہ اور ظاہر بات کا جاننے والا ہے تو وہ اس سے بلند ہے جو

اللہ تعالیٰ اولاد اور شریک سے پاک ہے

عظمت و شانِ الٰہی

1 ..... اللہ تعالیٰ اولاد سے پاک ہے کیونکہ اولاد اپنے والدین کی جنس سے ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ نوع اور جنس سے پاک ہے۔ یونہی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی دوسرا خدا نہیں ہے، اگر بالفرض کوئی دوسرا خدا ہوتا تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ہر معبود اپنی مخلوق کو جدا کر لیتا اور اسے دوسرے کے اختیار میں نہ چھوڑتا اور ضرور ان میں سے ایک دوسرے پر غلبہ پانا چاہتا تو ایسی صورت میں کائنات کے نظام کی تباہی یقینی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ دو خدا ہونا باطل ہے، خدا ایک ہی ہے اور ہر چیز اسی کے اختیار میں ہے۔ 2 ..... قرآن سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے غیب کا علم اپنے پیارے بندوں کو عطا فرمایا ہے لیکن اس کے باوجود خاص لفظ ”عالِمُ الغیب“ اللہ تعالیٰ کی

www.dawateislami.net

ع ۵

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی عاجزی اور اظہارِ بندگی

يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا

يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾	قُلْ	رَّبِّ	اِمَّا	تُرِيَنِّيْ	مَا
وہ شریک ٹھہراتے ہیں	تم عرض کرو	اے میرے رب	اگر	تو دکھادے مجھے	(وہ) جس کا

یہ شریک ٹھہراتے ہیں ○ تم عرض کرو: اے میرے رب! اگر تو مجھے وہ دکھادے جس کا

نزولِ عذاب پر قدرتِ الٰہی

يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَ

يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾	رَبِّ	فَلَا تَجْعَلْنِيْ	فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ (1)	وَ
انہیں وعدہ دیا جاتا ہے	اے میرے رب	تو تو (شامل) نہ کرنا مجھے	ظالم لوگوں میں	اور

ان سے وعدہ کیا جاتا ہے ○ تو اے میرے رب! مجھے ان ظالموں میں (شامل) نہ کرنا ○ اور

اِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ

اِنَّا	عَلٰٓى	اَنْ	نُّرِيَكَ	مَا	نَعِدُهُمْ
بیشک ہم	(اس) پر	کہ	دکھادیں تجھے	جس کا	ہم وعدہ دے رہے ہیں انہیں

بیشک ہم اس پر قادر ہیں کہ تمہیں وہ دکھادیں جس کا

برائی کو بھلائی سے دور کرنے کی تعلیم

لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ

لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾	اِدْفَعْ (2)	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	السَّيِّئَةَ
ضرور قادر (ہیں)	تم دور کرو	(اس کے) ذریعے جو	وہ	سب سے اچھی بھلائی (ہے)	برائی (کو)

ہم انہیں وعدہ دے رہے ہیں ○ سب سے اچھی بھلائی سے برائی کو دفع کرو۔

شیطان کے وسوسوں اور اس کی رسائی سے پناہ مانگنے کی دعا

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَ قُلْ رَّبِّ

نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾	وَ	قُلْ	رَّبِّ
ہم	خوب جانتے ہیں	(اس) کو جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور	تم عرض کرو	اے میرے رب

ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں یہ کر رہے ہیں ○ اور تم عرض کرو: اے میرے رب!

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) صفت خاصہ ہے، یہ کسی دوسرے کیلئے استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔ 1 ..... یقیناً اللہ تعالیٰ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کفار کا ساتھی نہ بنائے گا، اس کے باوجود آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا اس طرح دعا فرمانا، عاجزی اور بندگی کے اظہار نیز امت کی تعلیم کیلئے ہے۔ 2 ..... مفسرین نے اس خوبصورت جملے کے بہت سے معنی بیان کئے ہیں، ان میں ایک یہ ہے کہ برا سلوک کرنے والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرکے ان کی برائی کو دور کریں۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پاکیزہ سیرت میں اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ اگر لوگ اس پر عمل کریں تو معاشرہ خوشگوار اور پرسکون ہو جائے۔ آیت کے دوسرے معانی یہ ہیں کہ شرک کو توحید

www.dawateislami.net

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَ اَعُوْذُ بِكَ

اَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ (1)	وَ	اَعُوْذُ	بِكَ
میں پناہ مانگتا ہوں	تیری	شیطانوں کے وسوسوں سے	اور	میں پناہ مانگتا ہوں	تیری

میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں ○ اور اے میرے رب! میں تیری

رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ

رَبِّ	اَنْ	يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾	حَتّٰى	اِذَا	جَآءَ
اے میرے رب	(اس سے) کہ	وہ آئیں میرے پاس	یہاں تک کہ	جب	آتی ہے

پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ شیطان میرے پاس آئیں ○ یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو

اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾

اَحَدَهُمُ	الْمَوْتُ	قَالَ	رَبِّ	ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾
ان میں کسی ایک (کو)	موت	(تو) کہتا ہے	اے میرے رب	واپس لوٹا دے مجھے

موت آتی ہے تو کہتا ہے کہ اے میرے رب! مجھے واپس لوٹا دے ○

لَعَلِّيْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

لَعَلِّيْۤ	اَعْمَلُ	صَالِحًا (2)	فِيْمَا	تَرَكْتُ
شاید میں	عمل کرلوں	نیک	(اس دنیا) میں جسے	میں چھوڑ آیا ہوں

جس دنیا کو میں نے چھوڑ دیا ہے شاید اب میں اس میں کچھ نیک عمل کرلوں۔

كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

كَلَّا	اِنَّهَا	كَلِمَةٌ	هُوَ	قَآئِلُهَا	وَ	مِنْ وَّرَآئِهِمْ
ہرگز نہیں	بیشک وہ	ایک بات (ہے)	وہ	کہہ رہا ہے اسے	اور	ان کے آگے

ہرگز نہیں! یہ تو ایک بات ہے جو وہ کہہ رہا ہے اور ان کے آگے

موت کے وقت کافر کا سوال اور اسے جواب

کافر کے سوال کی حقیقت اور دنیا میں واپسی سے مانع

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) سے، کفر کو ایمان سے اور نافرمانی کو فرمانبرداری سے دور کرو۔ (1) ..... رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم شیطان کے اثرات سے محفوظ ہیں حتی کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا قرین شیطان بھی مسلمان ہو گیا تھا جیسا کہ مسلم شریف میں ہے، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ایک شیطان مسلط کر دیا گیا ہے، صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے عرض کی: یا رسول اللہ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آپ کے ساتھ بھی؟ ارشاد فرمایا: میرے ساتھ بھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے مقابلے میں میری مدد فرمائی اور وہ مسلمان ہو گیا اور وہ مجھے خیر کے سوا کوئی بات نہیں کہتا۔ (مسلم، ص ۱۵۱۲، الحدیث: ۶۹ (۲۸۱۴))

www.dawateislami.net

بروزِ قیامت نسبی تعلقات کا اختتام اور نفسی کا عالم

بھاری اور ہلکے پلڑے والوں کا حال

بَرْزَخٌ(1)	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾	فَاِذَا
ایک رکاوٹ (ہے)	(اس) دن تک	(جس دن) وہ اٹھائے جائیں گے	تو جب

ایک رکاوٹ ہے اس دن تک جس دن وہ اٹھائے جائیں گے ○ تو جب

نُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَلَآ	اَنْسَابَ(2)	بَيْنَهُمْ
پھونک ماری جائے گی	صُور میں	تو نہ (رہیں گے)	رشتے	ان کے درمیان

صُور میں پھونک ماری جائے گی تو نہ ان کے درمیان رشتے رہیں گے

يَوْمَئِذٍ	وَّ	لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾	فَمَنْ	ثَقُلَتْ
اس دن	اور	نہ وہ ایک دوسرے سے پوچھیں گے	تو وہ شخص جو	بھاری ہوں گے

اور نہ ایک دوسرے کی بات پوچھیں گے ○ تو جن کے پلڑے

مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾	وَ	مَنْ
اس کے پلڑے	تو یہ لوگ	وہی	کامیاب ہونے والے (ہوں گے)	اور	وہ شخص جو

بھاری ہوں گے تو وہی کامیاب ہونے والے ہوں گے ○ اور جن کے

خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
ہلکے ہوں گے	اس کے پلڑے	تو یہ لوگ	وہ ہیں جنہوں نے	نقصان میں ڈالا

پلڑے ہلکے ہوں گے تو یہ وہی ہوں گے جنہوں نے اپنی جانوں کو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا شیطان سے پناہ مانگنا حکمِ الٰہی پر عمل اور امت کی تعلیم کے لئے تھا۔ ❷ ..... کافر ایمان و عبادت اور اعمالِ صالحہ کیلئے دنیا میں لوٹنے کی دعا، تمنا اور فریاد کرے گا لیکن یہ بھی ثابت ہے کہ بے عمل مسلمان بھی نیک اعمال کے لئے دنیا میں لوٹائے جانے کا سوال کریں گے، لہٰذا اس پچھتاوے سے بچنے کیلئے آج زندگی کی مہلت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نماز، عبادت، حقوق العباد، حسنِ اخلاق وغیرہا سب چیزوں کو اپنی زندگی میں شامل کر لینا چاہئے۔ ❶ ..... برزخ کا لفظی معنی ہے دو چیزوں کے درمیان کی حد، روک، حائل۔ اصطلاح میں موت سے حشر تک کے عالم کو برزخ کہتے ہیں۔ ❷ ..... قیامت میں نسب کے سبب نفع پہنچانا یا حاصل کرنا

(اس صفحے کا حاشیہ) یہاں سے

www.dawateislami.net

عذاب کفار کی کیفیت اور انہیں ڈانٹ ڈپٹ

اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ

اَنْفُسَهُمْ	فِيْ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾	تَلْفَحُ	وُجُوْهَهُمُ
اپنی جانوں (کو)	(وہ) جہنم میں	ہمیشہ رہنے والے (ہوں گے)	جھلس دے گی	ان کے چہروں (کو)

نقصان میں ڈالا، (وہ) ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے ○ ان کے چہروں کو آگ

النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى

النَّارُ	وَ	هُمْ	فِيْهَا	كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ (1)	اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى
آگ	اور	وہ	اس میں	منہ چڑائے (ہوں گے)	کیا میری آیتیں نہیں پڑھی جاتی تھیں

جلادے گی اور وہ اس میں منہ چڑائے ہوں گے ○ کیا تم پر میری آیتیں

جہنم میں کفار کا آہ و زاری

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

عَلَيْكُمْ	فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾	قَالُوْا	رَبَّنَا
تم پر	تو تم انہیں جھٹلاتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب

نہ پڑھی جاتی تھیں؟ تو تم انہیں جھٹلاتے تھے ○ وہ کہیں گے: اے ہمارے رب!

غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

غَلَبَتْ	عَلَيْنَا	شِقْوَتُنَا	وَ	كُنَّا	قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾
غالب آئی	ہم پر	ہماری بدبختی	اور	ہم تھے	گمراہ لوگ

ہم پر ہماری بدبختی غالب آئی اور ہم گمراہ لوگ تھے ○

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا

رَبَّنَآ	اَخْرِجْنَا	مِنْهَا	فَاِنْ	عُدْنَا
اے ہمارے رب	نکال دے ہمیں	اس (دوزخ) سے	پھر اگر	ہم لوٹیں (برے اعمال کی طرف)

اے ہمارے رب! ہمیں دوزخ سے نکال دے پھر اگر ہم ویسے ہی کریں

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) سب ختم ہو جائے گا، سوائے حضور پُرنور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نسب کے، کیونکہ یہ قیامت کے دن مومن سادات کو کام آئے گا، جیسا کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا "ان لوگوں کا کیا حال ہے جو یہ گمان کرتے ہیں کہ میری قرابت نفع نہ دے گی۔ ہر تعلق اور رشتہ قیامت میں منقطع ہو جائے گا مگر میرا رشتہ اور تعلق (منقطع نہ ہوگا) کیونکہ وہ دنیا و آخرت میں جڑا ہوا ہے۔ (مجمع الزوائد، ۸/۳۹۸، الحدیث: ۱۳۸۲۷)

1 ..... اس عذاب کی تفصیل حدیث پاک میں یہ بیان ہوئی کہ "آگ انہیں بھون ڈالے گی اور اوپر کا ہونٹ سکڑ کر آدھے سر تک پہنچ جائے گا اور نیچے کا ہونٹ

www.dawateislami.net

فریادِ کفار کا جواب

فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَ

فَاِنَّا	ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾	قَالَ	اخْسَـُٔوْا	فِيْهَا	وَ
تو بیشک ہم	ظلم کرنے والے (ہوں گے)	(اللہ) فرمائے گا	دھتکارے پڑے رہو	اس (جہنم) میں	اور

تو بیشک ہم ظالم ہوں گے ○ اللہ فرمائے گا: دھتکارے ہوئے جہنم میں پڑے رہو اور

نیک بندوں کا مذاق اڑانے کا انجام

لَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ

لَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾	اِنَّهٗ	كَانَ	فَرِيْقٌ	مِّنْ عِبَادِيْ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَاۤ
بات نہ کرو مجھ سے	بیشک	تھا	ایک گروہ	میرے بندوں سے	وہ کہتے تھے	اے ہمارے رب

مجھ سے بات نہ کرو ○ بیشک میرے بندوں کا ایک گروہ کہتا تھا: اے ہمارے رب!

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ

اٰمَنَّا	فَاغْفِرْ	لَنَا	وَ	ارْحَمْنَا	وَ	اَنْتَ
ہم ایمان لائے	تو تو بخش دے	ہمیں	اور	رحم فرما ہم پر	اور	تو

ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰۤى

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾	فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ	سِخْرِيًّا (۱)	حَتّٰۤى
سب سے بہتر رحم کرنے والا (ہے)	تو تم نے بنالیا انہیں	مذاق	یہاں تک کہ

سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے ○ تو تم نے انہیں مذاق بنالیا یہاں تک کہ

نیک بندوں کے صبر کا صلہ

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَ كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ

اَنْسَوْكُمْ	ذِكْرِيْ	وَ	كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾	اِنِّيْ
انہوں نے بھلا دی تمہیں	میری یاد	اور	تم ان سے ہنسا کرتے تھے	بیشک میں (نے)

ان لوگوں کا مذاق اڑانے نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم ان سے ہنسا کرتے تھے ○ بیشک

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) لٹک کر ناف کو چھونے لگے گا۔ (ترمذی، ۵/۱۲۹، الحدیث: ۳۱۸۷) الامان والحفیظ

(۱) ..... یہاں کفار کو جہنم میں سختی سے ڈانٹنے کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کا یہ کہہ کر مذاق اڑایا اور ان پر ہنسا کرتے تھے کہ کیا یہ غرباء اور گھٹیا لوگ ہم پر فضیلت رکھتے ہیں اور ہمیں گمراہ سمجھتے ہیں۔ افسوس! فی زمانہ مسلمان کہلانے والوں کی ایک تعداد اسی تمسخر واستہزاء میں مبتلا ہے کہ دنیوی تعلیم یافتہ، اخبار نویس، مالدار اور دانشور کہلانے والے لوگ علماءِ کرام اور احکامِ شریعت کے مطابق زندگی گزارنے والے دیندار لوگوں کا مذاق اڑانے، ان پر ہنسنے اور

www.dawateislami.net

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

جَزَيْتُهُمُ	الْيَوْمَ	بِمَا	صَبَرُوْٓا	اَنَّهُمْ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾
بدلہ دیا انہیں	آج	(اس) کا جو	انہوں نے صبر کیا	بیشک وہ	وہی	کامیابی پانے والے (ہیں)

آج میں نے ان کے صبر کا انہیں یہ بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہیں ○

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا

قٰلَ	كَمْ	لَبِثْتُمْ	فِي الْاَرْضِ	عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾	قَالُوْا
(اللہ) فرمائے گا	کتنا	تم ٹھہرے ہو	زمین میں	سالوں کی گنتی (کے اعتبار سے)	وہ کہیں گے

اللہ فرمائے گا: تم زمین میں سالوں کی گنتی کے اعتبار سے کتنا عرصہ ٹھہرے ہو؟ ○ وہ کہیں گے:

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾

لَبِثْنَا	يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ يَوْمٍ	فَسْـَٔلِ	الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾
ہم ٹھہرے ہیں	ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ	تو تو دریافت فرما	گننے والوں (سے)

ہم ایک دن رہے یا ایک دن کا بھی کچھ حصہ ٹھہرے ہیں تو گننے والوں سے دریافت فرما ○

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

قٰلَ	اِنْ	لَّبِثْتُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	لَّوْ	اَنَّكُمْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾
(اللہ) فرمائے گا	نہیں	تم ٹھہرے	مگر	بہت تھوڑا	اگر	بیشک تم	تم جانتے ہوتے

فرمائے گا: تم بہت تھوڑا ہی ٹھہرے ہو، اگر تم جانتے ○

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا

اَفَحَسِبْتُمْ	اَنَّمَا	خَلَقْنٰكُمْ	عَبَثًا[1]	وَّ	اَنَّكُمْ	اِلَيْنَا
تو کیا تم نے یہ سمجھا	کہ	ہم نے بنایا تمہیں	بیکار	اور	یہ کہ تم	ہماری طرف

تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تم ہماری طرف

دنیا میں رہنے کی مدت سے متعلق کفار سے سوال

لوگوں کو بے مقصد پیدا نہیں کیا گیا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) انہیں بدنام کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ ایسے افراد غور کرلیں کہ وہ کن کافروں کے طریقے پر چل رہے ہیں اور ان کا انجام کتنا دردناک ہوگا۔

1 ..... اللہ تعالیٰ نے ہمیں بیکار نہیں بنایا کہ ہمیں آزاد چھوڑ دیا ہو اور نہ ہم پر امر و نہی وغیرہ کے احکام ہوں، نہ ہمیں مرنے کے بعد اُٹھایا جائے، نہ ہم سے اعمال کا حساب لیا جائے اور نہ ہمیں اعمال کی جزا دی جائے، ایسا نہیں ہے بلکہ ہماری پیدائش کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت و بندگی ہے اور زندگی و موت کی تخلیق ہمیں جانچنے کیلئے ہے کہ ہم میں کون اچھے عمل کرتا ہے۔ تخلیقِ جن و انس کے اس مقصد پر غور کرنا بہت ضروری ہے۔

www.dawateislami.net

عظمت وشانِ الٰہی

لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا

لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ	الْمَلِكُ الْحَقُّ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا
لوٹائے نہیں جاؤ گے	تو بہت بلندی والا ہے	اللہ	سچا بادشاہ	نہیں	کوئی معبود	مگر

لوٹائے نہیں جاؤ گے ؟ ○ تو وہ اللہ بہت بلندی والا ہے جو سچا بادشاہ ہے، اس کے سوا

غیر اللہ کے عبادت گزاروں کا انجام

هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَ مَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

هُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾	وَ	مَنْ	يَّدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
وہی	(وہ) عزت والے عرش کا مالک (ہے)	اور	جو	عبادت کرے	اللہ کے ساتھ

کوئی معبود نہیں، وہ عزت والے عرش کا مالک ہے ○ اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی

اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ

اِلٰهًا اٰخَرَ	لَا	بُرْهَانَ	لَهٗ	بِهٖ	فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ
دوسرے معبود (کی)	نہیں	کوئی دلیل	اس کے پاس	اس کی	تو اس کا حساب صرف

عبادت کرے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تو اس کا حساب

مغفرت ورحمت کی دعا

عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ قُلْ

عِنْدَ رَبِّهٖ (1)	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ (2)	وَ	قُلْ
اس کے رب کے پاس (ہے)	بیشک	فلاح نہیں پائیں گے	کفر کرنے والے	اور	تم کہو

اس کے رب کے پاس ہی ہے، بیشک کافر فلاح نہیں پائیں گے ○ اور تم عرض کرو،

ع ۱۱۸ ۶ ۲۶ ۲

رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

رَّبِّ	اغْفِرْ (3)	وَ	ارْحَمْ	وَ	اَنْتَ	خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
اے میرے رب	بخش دے	اور	رحم فرما	اور	تو	سب سے بہتر رحم فرمانے والا (ہے)

اے میرے رب! بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے ○

1 ..... دنیاوی تکالیف اور قبر کا عذاب کفر کی کامل سزا نہیں ہے، کامل سزا قیامت کے دن جہنم میں شروع ہوگی۔ 2 ..... آخرت میں فلاح و کامیابی پانے کے لئے ایمان سب سے زیادہ ضروری چیز ہے، اس کے بغیر کسی صورت اُخروی کامیابی نہ ملے گی۔ 3 ..... نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو استغفار کا حکم اپنے درجات کی بلندی اور بارگاہِ خداوندی میں عاجزی کے اظہار کیلئے ہے نیز یہ استغفار امت کے گناہوں کیلئے بھی ہے اور امت کو استغفار کا طریقہ سکھانے کیلئے بھی۔ مذکورہ دعا بہت خوبصورت ہے، اسے یاد کر کے اپنے صبح و شام کے معمولات میں شامل کرنا چاہئے۔

www.dawateislami.net

آیات:64 | رکوع:09

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

سورۂ نور کی اہمیت

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا

سُوْرَةٌ	اَنْزَلْنٰهَا	وَ	فَرَضْنٰهَا	وَ	اَنْزَلْنَا
(یہ) ایک سورت (ہے)	ہم نے نازل کیا اسے	اور	فرض کئے اس کے (احکام)	اور	نازل کیں

یہ ایک سورت ہے جو ہم نے نازل فرمائی اور ہم نے اس کے احکام فرض کئے اور ہم نے اس میں

غیر شادی شدہ زانی کی سزا

فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ اَلزَّانِيَةُ وَ

فِيْهَآ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ ۝۱	اَلزَّانِيَةُ[1]	وَ
اس میں	روشن آیتیں	تاکہ تم	نصیحت حاصل کرو	زنا کرنے والی عورت	اور

روشن آیتیں نازل فرمائیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو ○ جو زنا کرنے والی عورت اور

شرعی سزا کے نفاذ میں نرمی کی ممانعت

الزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّ

اَلزَّانِيْ	فَاجْلِدُوْا	كُلَّ وَاحِدٍ	مِّنْهُمَا	مِائَةَ جَلْدَةٍ[2]	وَّ
زنا کرنے والا مرد	تو تم کوڑے مارو	ہر ایک (کو)	ان دونوں میں سے	سو کوڑے	اور

زنا کرنے والا مرد ہو تو ان میں ہر ایک کو سو سو کوڑے لگاؤ اور

(1) ..... زنا حرام، غضبِ الٰہی کا سبب اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ”جس بستی میں زنا اور سود ظاہر ہو جائے تو انہوں نے اپنے لئے اللہ تعالیٰ کے عذاب کو حلال کر لیا۔ (مستدرک، ۲/۳۳۹، الحدیث: ۲۳۰۸) آج کے معاشرے میں خود اس سے بچنا اور اولاد کی صحیح اسلامی دینی تربیت ضروری ہے تاکہ وہ بدکاری سے بچ سکیں۔ (2) ..... غیر شادی شدہ زانی مرد و عورت کی سزا سو کوڑے ہے۔ حد سزا کی ایک قسم ہے جس کی مقدار شریعت کی جانب سے مقرر ہے کہ اُس میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ نیز حد جاری کرنے کا اختیار حاکمِ اسلام کو یا اسے ہے جسے حاکمِ اسلام نے اس کام کے لئے مقرر کیا (بہارِ شریعت، ۲/۶۲)

www.dawateislami.net

لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ

لَا تَاْخُذْكُمْ	بِهِمَا	رَاْفَةٌ(1)	فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ
نہ پکڑے (نہ آئے) تمہیں	ان دونوں پر	کوئی ترس	اللہ کے دین میں	اگر	تم ایمان رکھتے ہو

اگر تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو تمہیں اللہ کے دین میں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَلْيَشْهَدْ	عَذَابَهُمَا	طَآئِفَةٌ
اللہ اور آخرت کے دن پر	اور چاہیے کہ موجود ہو	ان کی سزا (کے وقت)	ایک گروہ

ان پر کوئی ترس نہ آئے اور چاہیے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کا

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢	اَلزَّانِيْ	لَا يَنْكِحُ	اِلَّا	زَانِيَةً	اَوْ
ایمان والوں میں سے	زنا کرنے والا مرد	نکاح نہیں کرے گا	مگر	بدکار عورت	یا

ایک گروہ موجود ہو ○ زنا کرنے والا مرد بدکار عورت یا مشرکہ سے ہی

مُشْرِكَةً ۪ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ

مُشْرِكَةً	وَّ	الزَّانِيَةُ	لَا يَنْكِحُهَآ	اِلَّا	زَانٍ	اَوْ	مُشْرِكٌ
مشرکہ (سے)	اور	بدکار عورت	نکاح نہیں کرے گا اس سے	مگر	زانی	یا	مشرک

نکاح کرے گا اور بدکار عورت سے زانی یا مشرک ہی نکاح کرے گا

وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

وَ	حُرِّمَ(2)	ذٰلِكَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٣	وَ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ
اور	حرام کیا گیا ہے	یہ (زانیوں سے نکاح)	ایمان والوں پر	اور	وہ لوگ جو تہمت لگائیں

اور یہ ایمان والوں پر حرام ہے ○ اور جو پاکدامن عورتوں پر

نفاذِ سزا سے متعلق مزید ہدایات

نکاح کے معاملے میں بدکاروں کا حال

پاکدامن مرد عورت پر تہمتِ زنا کی شرعی سزا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ہے۔ عام لوگ کسی پر حد جاری نہیں کرسکتے۔ 1 ..... نرمی، شفقت اور محبت بہت خوبصورت اسلامی اخلاق ہیں لیکن ہر اخلاق کے لئے حدود ہیں۔ نرمی و شفقت کے نام پر اسلامی سزاؤں پر عمل درآمد کو روکنا حرام ہے۔ ایسی نرمی خدا سے جنگ کے مترادف ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بھی ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ کی حدود کو قریب و بعید سب میں قائم کرو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کا حکم پورا کرنے میں ملامت کرنے والے کی ملامت تمہیں نہ روکے۔ (ابن ماجہ، ۳/۲۱۸، الحدیث: ۲۵۴۰) اس آیت پر وہ لوگ غور کریں جو حدودِ الٰہی کو معاذ اللہ وحشیانہ سزائیں کہتے ہیں اور انہیں تبدیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ 2 ..... ابتدائے اسلام میں

www.dawateislami.net

الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ

الْمُحْصَنٰتِ[1]	ثُمَّ	لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ	فَاجْلِدُوْهُمْ
پاکدامن عورتوں (پر)	پھر	وہ نہ لائیں چار گواہ	تو کوڑے مارو انہیں

تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں تو انہیں اَسّی کوڑے

ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً	وَّ	لَا تَقْبَلُوْا	لَهُمْ	شَهَادَةً[2]	اَبَدًا	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
اَسّی کوڑے	اور	قبول نہ کرو	ان کی	گواہی	کبھی	اور	یہ لوگ	وہی

لگاؤ اور ان کی گواہی کبھی نہ مانو اور وہی

الْفٰسِقُوْنَ ۙ﴿۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾	اِلَّا	الَّذِيْنَ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	وَ
فسق کرنے والے (ہیں)	مگر	وہ لوگ جو	توبہ کرلیں	اس کے بعد	اور

فاسق ہیں ○ مگر جو اس کے بعد توبہ کرلیں اور

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

اَصْلَحُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾	وَ	الَّذِيْنَ	يَرْمُوْنَ
اپنی اصلاح کرلیں	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان (ہے)	اور	وہ لوگ جو	تہمت لگائیں

اپنی اصلاح کرلیں تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ○ اور وہ جو اپنی بیویوں پر

اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ

اَزْوَاجَهُمْ	وَ	لَمْ يَكُنْ	لَّهُمْ	شُهَدَآءُ	اِلَّآ	اَنْفُسُهُمْ
اپنی بیویوں (پر)	اور	نہ ہوں	ان کے پاس	گواہ	سوائے	اپنی ذاتوں (کے)

تہمت لگائیں اور ان کے پاس اپنی ذات کے علاوہ گواہ نہ ہوں

بہتان تراشوں کو کبھی توبہ قبول ہونے کی بشارت

بیویوں پر تہمت زنا سے متعلق شرعی احکام

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) زانیہ عورت سے نکاح کرنا حرام تھا بعد میں یہ حکم منسوخ کر دیا گیا یا پھر آیت کا مطلب ہے کہ زنا مومنوں پر حرام رکھا گیا ہے۔ اس صورت میں یہ حکم منسوخ نہیں۔

1 ..... یہاں پاکدامن عورتوں سے مراد وہ ہیں جو مسلمان، مکلف، آزاد اور زنا سے پاک ہوں۔ نیز یہاں صرف عورتوں کا ذکر مخصوص واقعہ کے سبب سے ہوا یا اس لئے کہ زیادہ تر عورتوں پر ہی تہمت لگائی جاتی ہے، وگرنہ پاک دامن مرد پر بھی زنا کی تہمت کی سزا یہی اسی کوڑے ہے۔ 2 ..... زنا کی تہمت میں سزا یافتہ لوگوں کی گواہی کبھی مقبول نہیں ہوتی اگرچہ وہ سزا پانے کے بعد توبہ بھی کرلے ہاں اگر وہ سزا کے بعد سچی توبہ کرلے تو اب فاسق نہیں رہے گا۔

www.dawateislami.net

فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ

فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ (1)	اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ
تو ان میں سے ایک کی گواہی	چار گواہیاں (دینا ہے)	اللہ (کے نام) کے ساتھ	(کہ) بیشک وہ

تو ان میں سے ایسے کسی کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کے نام کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ بیشک وہ

لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٦ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ

لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٦	وَ	الْخَامِسَةُ	اَنَّ	لَعْنَتَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ
ضرور سچوں میں سے (ہے)	اور	پانچویں (بار)	(یوں) کہ	اللہ کی لعنت (ہو)	اُس پر	اگر

سچا ہے ○ اور پانچویں گواہی یہ ہو کہ اُس پر اللہ کی لعنت ہو اگر

كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٧ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ

كَانَ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٧	وَ	يَدْرَؤُا	عَنْهَا	الْعَذَابَ	اَنْ
وہ ہو	جھوٹوں میں سے	اور	دور کر دے گی	اس (عورت) سے	سزا	(یہ بات) کہ

وہ جھوٹوں میں سے ہو ○ اور عورت سے سزا کو یہ بات دور کرے گی کہ

تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ

تَشْهَدَ	اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ
وہ گواہی دے	چار گواہیاں	اللہ (کے نام) کے ساتھ	(کہ) بیشک وہ (مرد)

وہ اللہ کے نام کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ بیشک مرد

لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٨ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ

لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٨	وَ	الْخَامِسَةَ	اَنَّ	غَضَبَ اللّٰهِ	عَلَيْهَآ
ضرور جھوٹوں میں سے (ہے)	اور	پانچویں (بار)	(یوں) کہ	اللہ کا غضب (ہو)	اس (عورت) پر

جھوٹوں میں سے ہے ○ اور پانچویں باریوں کہ عورت پر اللہ کا غضب ہو

(1)..... اس آیت سے بیویوں پر زنا کی تہمت لگانے کے احکام بیان فرمائے گئے ہیں، ان کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج6، ص588 پر ملاحظہ فرمائیں۔ فی زمانہ صرف شک کی بنیاد پر یا عورت کو بدنام کرنے یا شوہر کو عورت سے متنفر کرنے کے لئے اس پر غیر مردوں سے تعلقات کا الزام لگا کر اسے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جاتا اور کئی صورتوں میں غیرت کا نام لے کر قتل تک کر دیا جاتا ہے۔ عورت یا مرد اگر حقیقتاً بھی معاذ اللہ زنا کر بیٹھیں تو انہیں سزا دینا حکمران کا کام ہے۔ لوگوں کا خود سزا دینا یا قتل کر دینا حرام اور غیر اسلامی ہے۔

www.dawateislami.net

تہمت لگانے والوں کو ایک تنبیہ

اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٩ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اِنْ	كَانَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٩	وَ	لَوْ لَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
اگر	وہ (مرد) ہو	سچوں میں سے	اور	اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر

اگر مرد سچوں میں سے ہو ○ اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی

وَ رَحْمَتُهٗ وَ اَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ ع

وَ	رَحْمَتُهٗ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	تَوَّابٌ	حَكِيْمٌ ۝١٠
اور	اس کی رحمت	اور	یہ کہ	اللہ	بہت توبہ قبول فرمانے والا	حکمت والا (ہے)

رحمت تم پر نہ ہوتی اور یہ کہ اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا، حکمت والا ہے (تو وہ تمہارے راز کھول دیتا) ○

واقعۂ افک کی طرف اشارہ اور اس میں خیر کا پہلو

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	جَآءُوْ بِالْاِفْكِ (1)	عُصْبَةٌ	مِّنْكُمْ
بیشک	وہ لوگ جو	لائے بڑا بہتان	(وہ) ایک جماعت (ہے)	تم میں سے

بیشک جو لوگ بڑا بہتان لائے ہیں وہ تم ہی میں سے ایک جماعت ہے۔

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ

لَا تَحْسَبُوْهُ (2)	شَرًّا	لَّكُمْ	بَلْ	هُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ
تم نہ سمجھو اس (بہتان) کو	برا	اپنے لیے	بلکہ	وہ	بہتر (ہے)	تمہارے لیے

تم اس بہتان کو اپنے لیے برا نہ سمجھو، بلکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہے۔

ہر نفس کی طرف اشارہ

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَ الَّذِيْ تَوَلّٰى

لِكُلِّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	مَّا اكْتَسَبَ	مِنَ الْاِثْمِ	وَ	الَّذِيْ	تَوَلّٰى (3)
ہر شخص کیلئے	ان میں سے	(وہ ہے) جو اس نے کمایا	گناہ سے	اور	جس نے	اٹھایا

ان میں سے ہر شخص کیلئے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا اور ان میں سے وہ شخص

(1) ..... بڑے بہتان سے مراد اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا پر تہمت لگانا ہے۔ اس کی تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج6، ص590 پر ملاحظہ فرمائیں۔ (2) ..... اس آیت میں بہتان سے بچنے والوں سے خطاب فرمایا گیا کہ تم اس بہتان کو اپنے لئے برا نہ سمجھو، بلکہ اس سے بچنا تمہارے لئے بہتر ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اس پر جزا دے گا اور ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کی شان اور ان کی براءت ظاہر فرمائے گا۔ (3) ..... بہتان کا بڑا حصہ اٹھانے والے سے مراد عبد اللہ بن ابی بن ابی سلول منافق ہے۔

www.dawateislami.net

كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَوْلَآ

كِبْرَهٗ	مِنْهُمْ	لَهٗ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾	لَوْلَآ
اس (بہتان) کا بڑا حصہ	ان میں سے	اس کے لیے	بڑا عذاب (ہے)	(ایسا) کیوں نہ ہوا

جس نے اس بہتان کا سب سے بڑا حصہ اٹھایا اس کے لیے بڑا عذاب ہے ○ ایسا کیوں نہ ہوا

اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ

اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	ظَنَّ[1]	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتُ
جب	تم نے سنا یہ بہتان	(تو) گمان کرتے	ایمان والے مرد	اور	ایمان والی عورتیں

کہ جب تم نے یہ بہتان سنا تو مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں

بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْلَا

بِاَنْفُسِهِمْ	خَيْرًا	وَّ	قَالُوْا	هٰذَآ	اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾	لَوْلَا
اپنی جانوں (دینی بھائیوں) پر	نیک (گمان)	اور	کہتے	یہ	کھلا بہتان (ہے)	کیوں نہیں

اپنے لوگوں پر نیک گمان کرتے اور کہتے: یہ کھلا بہتان ہے ○ اس پر

جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ	فَاِذْ	لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ	فَاُولٰٓئِكَ	عِنْدَ اللّٰهِ
وہ لائے اس پر چار گواہ	تو جب	وہ نہ لائے گواہ	تو یہ لوگ	اللہ کے نزدیک

چار گواہ کیوں نہ لائے تو جب وہ گواہ نہ لائے تو وہی اللہ کے نزدیک

هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾[2]	وَ	لَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَ	رَحْمَتُهٗ
وہی	جھوٹے (ہیں)	اور	اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر	اور	اس کی رحمت

جھوٹے ہیں ○ اور اگر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

1 ..... بعض مسلمانوں کو اس معاملے میں بدگمانی ہوئی تھی لیکن حضور اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ہرگز نہ تھی بلکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یقینی طور پر حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کی پاک دامنی معلوم تھی جیسا کہ بخاری میں ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قسم کھا کر فرمایا: میں اپنے اہلِ خانہ کے متعلق صرف خیر ہی جانتا ہوں۔ (صحیح بخاری، ۳/۶۱، الحدیث: ۴۱۴۱) حدیث کے واضح فرمان کے باوجود جو حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف بدگمانی کی نسبت کرے وہ جھوٹا، بہتان تراش اور بدباطن ہے۔ 2 ..... یہاں جھوٹے ہونے سے ظاہری اور باطنی طور پر جھوٹا ہونا مراد ہے اور اگر بالفرض

www.dawateislami.net

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ	لَمَسَّكُمْ	فِيْ	مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ
دنیا اور آخرت میں	(تو) ضرور پہنچتا تمہیں	(اس معاملے) میں	جس میں تم پڑ گئے تھے

تم پر نہ ہوتی تو جس معاملے میں تم پڑ گئے تھے اس پر تمہیں

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَ

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾	اِذْ	تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ[1]	وَ
بڑا عذاب	جب	تم ایک دوسرے سے سن کر اسے اپنی زبانوں پر لاتے تھے	اور

بڑا عذاب پہنچتا ○ جب تم ایسی بات ایک دوسرے سے سن کر اپنی زبانوں پر لاتے تھے اور

تَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّ

تَقُوْلُوْنَ	بِاَفْوَاهِكُمْ	مَّا	لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَّ
کہتے تھے	اپنے مونہوں سے	(وہ بات) جو	نہیں ہے	تمہیں	اس کا	کوئی علم	اور

اپنے منہ سے وہ بات کہتے تھے جس کا تمہیں کوئی علم نہ تھا اور

تَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَ

تَحْسَبُوْنَهٗ	هَيِّنًا	وَّ	هُوَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾	وَ
تم سمجھتے تھے اسے	سہل، معمولی	اور (حالانکہ)	وہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑا (تھا)	اور

تم اسے معمولی سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا تھا ○ اور

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ

لَوْلَآ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	قُلْتُمْ	مَّا يَكُوْنُ	لَنَآ	اَنْ
(ایسا) کیوں نہ ہوا	جب	تم نے سنا اسے	(تو) تم کہہ دیتے	(جائز) نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ

کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے اسے سنا تھا تو تم کہہ دیتے کہ ہمارے لئے جائز نہیں کہ

اُمُّ المؤمنین پر لگائی جانے والی تہمت کی سنگینی

بہتان تراشوں کا رد نہ کرنے پر تنبیہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) وہ اپنے بہتان پر گواہ لے بھی آتے تو ظاہر جھوٹے نہ رہتے اگرچہ در حقیقت پھر بھی وہ اور ان کے سارے گواہ جھوٹے ہوتے۔

[1] ..... بعض صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم سے گناہ اور معصیت صادر ہوئی مگر وہ اس پر قائم نہ ہوئے بلکہ انہیں توبہ کی توفیق ملی، لہٰذا یہ درست ہے کہ سارے صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم عادل ہیں۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے تمام صحابہ سے جنت کا وعدہ فرمایا اور ان سب کو اپنی رضا کا مژدہ سنایا ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ فاسق سے راضی نہیں ہوتا اور نہ اس سے جنت کا وعدہ فرماتا ہے۔

www.dawateislami.net

تَتَكَلَّمَ بِهٰذَا ؕ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾

تَتَكَلَّمَ	بِهٰذَا	سُبْحٰنَكَ	هٰذَا	بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾
ہم کلام کریں	اس (بات) کے ساتھ	(اے اللہ) تو پاک ہے	یہ	بڑا بہتان (ہے)

یہ بات کہیں۔ (اے اللہ!) تو پاک ہے، یہ بڑا بہتان ہے ○

مسلمانوں کو آئندہ بہتان تراشی سے بچنے کی تاکید

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ

يَعِظُكُمُ	اللّٰهُ	اَنْ	تَعُوْدُوْا	لِمِثْلِهٖۤ	اَبَدًا	اِنْ
نصیحت فرماتا ہے تمہیں	اللہ	کہ	تم نہ لوٹنا	اس جیسی (بات) کی طرف	کبھی	اگر

اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ دوبارہ کبھی اس طرح کی بات کی طرف نہ لوٹنا اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ ۚ وَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَ

كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ (1)	وَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَ
تم ہو	ایمان والے	اور	صاف بیان فرماتا ہے	اللہ	تمہارے لیے	آیتیں	اور

تم ایمان والے ہو ○ اور اللہ تمہارے لیے آیتیں صاف بیان فرماتا ہے اور

اشاعتِ فاحشہ میں ملوث افراد کو دردناک عذاب

اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ

اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	تَشِيْعَ	الْفَاحِشَةُ (2)
اللہ	علم والا	حکمت والا (ہے)	بیشک	وہ لوگ جو	چاہتے ہیں	کہ	پھیلے	بے حیائی

اللہ علم والا، حکمت والا ہے ○ بیشک جو لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں

فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ وَ

فِي الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ	وَ
ان لوگوں میں جو	ایمان لائے	ان کے لیے	دردناک عذاب (ہے)	دنیا اور آخرت میں	اور

بے حیائی کی بات پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور

(1) ..... اب جو حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا پر تہمت لگائے یا ان کی جناب میں تردد میں رہے وہ مومن نہیں کافر ہے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں "ام المومنین صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا قذف (یعنی ان پر تہمت لگانا) کفر خالص ہے۔ (فتاوی رضویہ، ۱۴/۲۴۵) (2) ..... اشاعت سے مراد تشہیر کرنا اور ظاہر کرنا ہے جبکہ فاحشہ سے وہ تمام اقوال اور افعال مراد ہیں جن کی قباحت بہت زیادہ ہے۔ بے حیائی پر مشتمل گانے، ڈرامے، فلمیں، کتابیں، میوزک، مخلوط پروگرام، ویب سائٹس، ٹی وی چینلز، یونہی میوزک و بے حیائی پر مشتمل مخلوط جلسے، جلوس کرنے کرانے والے سب اس آیت میں داخل ہیں۔ مزید تفصیل (باقی صفحہ پر ملاحظہ ہو)

www.dawateislami.net

مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کا فضل و رحمت

اَللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

اللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَ	اَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾	وَ	لَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَ
اللہ	جانتا ہے	اور	تم	نہیں جانتے	اور	اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر	اور

اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ○ اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

رَحْمَتُهٗ وَ اَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع

رَحْمَتُهٗ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾
اس کی رحمت	اور	یہ کہ	اللہ	بے حد مہربان	رحم فرمانے والا (ہے، تو اس عذاب کا مزہ چکھتے)

تم پر نہ ہوتی اور یہ کہ اللہ نہایت مہربان، رحم فرمانے والا ہے (تو اس عذاب کا مزہ چکھتے) ○

اجتنابِ شیطان سے متعلق کی تاکید

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَ مَنْ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ	وَ	مَنْ
اے	وہ لوگو جو	ایمان لائے	تم پیروی نہ کرو	شیطان کے قدموں (کی)	اور	جو

اے ایمان والو! شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو اور جو

يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ

يَّتَّبِعْ	خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ (1)	فَاِنَّهٗ	يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ
پیروی کرتا ہے	شیطان کے قدموں (کی)	تو بیشک وہ	حکم دے گا	بے حیائی اور بری بات کا

شیطان کے قدموں کی پیروی کرتا ہے تو بیشک شیطان تو بے حیائی اور بُری بات ہی کا حکم دے گا

گناہوں کی گندگی سے پاک کرنا اللہ تعالیٰ کا فضل ہے

وَ لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ

وَ	لَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَ	رَحْمَتُهٗ	مَا زَكٰى	مِنْكُمْ
اور	اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر	اور	اس کی رحمت	(تو) پاک نہ ہوتا	تم میں سے

اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) تفسیر صراط الجنان، ج6، ص602 کا مطالعہ فرمائیں۔

1 ..... شیطان کے قدموں سے مراد شیطان کے طریقے ہیں، ان میں وہ تمام طریقے داخل ہیں جن پر بے حیائی اور بری بات ہونے کا اطلاق ہوتا ہے، جیسے زنا کی تہمت لگانا، گالی دینا، جھوٹ بولنا اور لوگوں کے عیبوں کی شرعی ضرورت کے بغیر چھان بین کرنا وغیرہ۔ بے حیائی شیطان کو بہت پسند ہے، اسی لئے جہاں شیطان کے اثرات زیادہ ہوں وہیں بے حیائی بھی زیادہ ہوتی ہے۔

www.dawateislami.net

مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّ لٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ

مِّنْ اَحَدٍ	اَبَدًا	وَّ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	يُزَكِّيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ
کوئی ایک	کبھی	اور	لیکن	اللہ	پاک کر دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	اللہ

کبھی پاکیزہ نہ ہوتا البتہ اللہ پاکیزہ فرما دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ وَ لَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾	وَ	لَا يَاْتَلِ (1)	اُولُوا الْفَضْلِ	مِنْكُمْ	وَ
سننے والا	جاننے والا (ہے)	اور	قسم نہ کھائیں	فضیلت والے	تم میں سے	اور

سننے والا، جاننے والا ہے ○ اور تم میں فضیلت والے اور (مالی) گنجائش والے

السَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ وَ

السَّعَةِ	اَنْ	يُّؤْتُوْٓا	اُولِي الْقُرْبٰى	وَ	الْمَسٰكِيْنَ	وَ
گنجائش (والے)	(اس کی) کہ	وہ (نہ) دیں گے	قرابت والوں	اور	مسکینوں	اور

یہ قسم نہ کھائیں کہ وہ رشتے داروں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں

الْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖۗ وَ لْيَعْفُوْا وَ لْيَصْفَحُوْا ؕ

الْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ لْيَعْفُوْا	وَ لْيَصْفَحُوْا
اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں (کو)	اور انہیں چاہیے کہ معاف کر دیں	اور در گزر کریں

ہجرت کرنے والوں کو (مال) نہ دیں گے اور انہیں چاہیے کہ معاف کر دیں اور در گزر کریں،

اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ

اَلَا تُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ
کیا تم پسند نہیں کرتے	(اس بات کو) کہ	بخشش فرما دے	اللہ	تمہاری	اور	اللہ	بخشنے والا

کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہاری بخشش فرما دے اور اللہ بخشنے والا

1 ..... حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی خالہ کے بیٹے حضرت مِسْطَح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ مالی حُسنِ سلوک کیا کرتے تھے۔ جب انہوں نے حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا پر تہمت لگانے میں شرکت کی تو صدیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قسم کھائی کہ مِسْطَح کو آئندہ کوئی مالی مدد نہیں دیں گے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ جب حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ پڑھ کر سنائی تو صدیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: بے شک میری آرزو ہے کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت کرے، چنانچہ آپ نے دوبارہ حضرت مِسْطَح کی مدد کرنا شروع کر دی۔ یہ صدیقیت کا اعلیٰ مرتبہ ہے۔

مالداروں کو غریبوں کی معاونت جاری رکھنے اور عفو و درگزر کی تلقین

www.dawateislami.net

رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَرْمُوْنَ	الْمُحْصَنٰتِ	الْغٰفِلٰتِ
مہربان (ہے)	بیشک	وہ لوگ جو	بہتان لگاتے ہیں	پاکدامن	انجان

مہربان ہے ○ بیشک وہ جو انجان، پاکدامن، ایمان والی عورتوں پر

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۪ وَلَهُمْ

الْمُؤْمِنٰتِ	لُعِنُوْا	فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ	وَ	لَهُمْ
ایمان والی عورتوں (پر)	ان پر لعنت کر دی گئی	دنیا اور آخرت میں	اور	ان کے لیے

بہتان لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے اور ان کے لیے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَ

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾	يَّوْمَ	تَشْهَدُ	عَلَيْهِمْ	اَلْسِنَتُهُمْ	وَ
بڑا عذاب (ہے)	(جس) دن	گواہی دیں گی	ان کے خلاف	ان کی زبانیں	اور

بڑا عذاب ہے ○ جس دن ان کے خلاف ان کی زبانیں اور

اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ

اَيْدِيْهِمْ	وَ	اَرْجُلُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾	يَوْمَئِذٍ
ان کے ہاتھ	اور	ان کے پاؤں	(اس) کی جو	وہ عمل کرتے تھے	اس دن

ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے ○ اس دن

يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ

يُّوَفِّيْهِمُ	اللّٰهُ	دِيْنَهُمُ الْحَقَّ (1)	وَ	يَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ
پورا دے گا انہیں	اللہ	ان کا سچا بدلہ	اور	وہ جان لیں گے	کہ	اللہ	وہی

اللہ انہیں ان کی پوری سچی سزا دے گا اور وہ جان لیں گے کہ اللہ ہی

1 ..... قرآنِ کریم میں کسی گناہ پر ایسی سختی، شدت اور تکرار و تاکید نہیں فرمائی گئی جیسی حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے اوپر بہتان باندھنے پر فرمائی گئی، اس سے رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رِفعتِ منزلت ظاہر ہوتی ہے اور آپ سے نسبت رکھنے والوں کا بھی مقام معلوم ہوا۔

www.dawateislami.net

گندگی اور پاکیزگی کا اپنا اپنا جنس کی طرف رجحان

اَلْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ

اَلْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾	اَلْخَبِيْثٰتُ	لِلْخَبِيْثِيْنَ	وَ	الْخَبِيْثُوْنَ
صریح حق (ہے)	گندی عورتیں	گندے مردوں کے لئے	اور	گندے مرد

صریح حق ہے ○ گندی عورتیں گندے مردوں کیلئے ہیں اور گندے مرد

لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ

لِلْخَبِيْثٰتِ	وَ	الطَّيِّبٰتُ	لِلطَّيِّبِيْنَ	وَ	الطَّيِّبُوْنَ
گندی عورتوں کے لئے (ہیں)	اور	پاکیزہ عورتیں	پاکیزہ مردوں کے لئے	اور	پاکیزہ مرد

گندی عورتوں کیلئے ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کیلئے ہیں اور پاکیزہ مرد

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی برأت کا اعلان

لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ

لِلطَّيِّبٰتِ	اُولٰٓئِكَ	مُبَرَّءُوْنَ	مِمَّا	يَقُوْلُوْنَ
پاکیزہ عورتوں کے لئے (ہیں)	یہ لوگ	پاک، بَری ہیں	(ان باتوں) سے جو	لوگ کہہ رہے ہیں

پاکیزہ عورتوں کیلئے ہیں۔ وہ ان باتوں سے بَری ہیں جو لوگ کہہ رہے ہیں۔

دوسروں کے گھروں میں جانے کے آداب اور احکام

ع ٣ ٢ ٤ ٥

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ان کے لیے	بخشش	اور	عزت کی روزی (ہے)	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے

ان (پاکیزہ لوگوں) کے لیے بخشش اور عزت کی روزی ہے ○ اے ایمان والو!

لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ

لَا تَدْخُلُوْا	بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ (1)	حَتّٰى	تَسْتَاْنِسُوْا	وَ
تم داخل نہ ہو	اپنے گھروں کے علاوہ گھروں (میں)	یہاں تک کہ	اجازت لے لو	اور

اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں داخل نہ ہو جب تک اجازت نہ لے لو اور

1 ..... یہاں متعدد آیات میں آدابِ زندگی سے متعلق ایک اہم ادب اور دوسروں کی سہولت کا خیال رکھنے کی تعلیم دی گئی ہے، ان کا خلاصہ یہ ہے کہ جب بھی کسی کے گھر میں جائیں تو سلام کرکے اجازت مانگیں، اگر داخلے کی اجازت مل جائے تو اندر داخل ہو جائیں۔ یونہی اگر گھر میں کوئی موجود نہ ہو تب بھی اندر داخل نہ ہوں اور اگر گھر میں موجود شخص ملاقات کرنے سے منع کردے تو واپس لوٹ جائیں۔ اجازت طلب کرنے میں اصرار نہ کریں۔ مزید تفصیل تفسیر صراط الجنان، ج6، ص612 پر ملاحظہ فرمائیں۔

www.dawateislami.net

تُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ

تُسَلِّمُوْا	عَلٰۤى اَهْلِهَا (۱)	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	لَعَلَّكُمْ
سلام کرلو	ان میں رہنے والوں پر	یہ (حکم)	بہتر (ہے)	تمہارے لیے	تاکہ تم

ان میں رہنے والوں پر سلام نہ کرلو۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فِيْهَاۤ	اَحَدًا	فَلَا تَدْخُلُوْهَا
نصیحت قبول کرو	پھر اگر	تم نہ پاؤ	ان (گھروں) میں	کسی ایک (کو)	تو تم داخل نہ ہو ان میں

نصیحت مان لو ○ پھر اگر تم ان گھروں میں کسی کو نہ پاؤ تو بھی ان میں داخل نہ ہونا

حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَ اِنْ قِيْلَ لَكُمُ

حَتّٰى	يُؤْذَنَ	لَكُمْ	وَ	اِنْ	قِيْلَ	لَكُمُ
یہاں تک کہ	اجازت دیدی جائے	تمہیں	اور	اگر	کہا جائے	تم سے

جب تک تمہیں اجازت نہ دیدی جائے اور اگر تمہیں کہا جائے

ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ

ارْجِعُوْا	فَارْجِعُوْا	هُوَ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَ	اللّٰهُ
(کہ) واپس لوٹ جاؤ	تو واپس لوٹ جاؤ	وہ	زیادہ پاکیزہ (ہے)	تمہارے لیے	اور	اللہ

"واپس لوٹ جاؤ" تو تم واپس لوٹ جاؤ، یہ تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہے اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
(اس) کو جو	تم عمل کرتے ہو	خوب جاننے والا (ہے)	نہیں ہے	تم پر	کچھ گناہ	(اس میں) کہ

تمہارے کاموں کو خوب جاننے والا ہے ○ اس بارے میں تم پر کچھ گناہ نہیں کہ

1 ..... جب بھی کسی کے گھر جائیں تو اجازت لینے میں یہ خیال رکھیں کہ دروازہ زور سے نہ بجائیں کیونکہ یہ بدتہذیبی ہے خصوصاً علماء اور بزرگوں کے دروازوں پر ایسا کرنا خلافِ ادب ہے۔ لہٰذا دروازہ بجانے، آواز دینے میں معتدل و مناسب انداز اپنائیں، شور کر کے دیگر محلے والوں کو پریشان نہ کریں یونہی بیل بجانے میں اس کا خیال رکھیں، بیل پر ہاتھ رکھ کر بھول نہ جائیں۔ تین مرتبہ تک کوشش کرلیں، جواب نہ ملے تو واپس چلے جائیں۔

www.dawateislami.net

تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَ

تَدْخُلُوْا	بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ[1]	فِيْهَا	مَتَاعٌ	لَّكُمْ	وَ
تم داخل ہو جاؤ	(ایسے) غیر رہائشی گھروں (میں)	جن میں	نفع اٹھانے (کا اختیار ہے)	تمہیں	اور

ان گھروں میں جاؤ جو خاص کسی کی رہائش نہیں جن میں تمہیں نفع اُٹھانے کا اختیار ہے اور

اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ	مَا	تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾	قُلْ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
اللہ	جانتا ہے	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور	جو	تم چھپاتے ہو	تم کہو	ایمان والوں سے

اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو ○ مسلمان مردوں کو

يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ

يَغُضُّوْا	مِنْ اَبْصَارِهِمْ[2]	وَ	يَحْفَظُوْا	فُرُوْجَهُمْ	ذٰلِكَ
وہ کچھ نیچی رکھیں	اپنی نگاہیں	اور	حفاظت کریں	اپنی شرمگاہوں (کی)	یہ

حکم دو کہ اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ

اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَ

اَزْكٰى	لَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾	وَ
زیادہ پاکیزہ (ہے)	ان کے لیے	بیشک	اللہ	خبر دار ہے	(اس) سے جو	وہ کام کرتے ہیں	اور

ان کے لیے زیادہ پاکیزہ ہے، بیشک اللہ ان کے کاموں سے خبر دار ہے ○ اور

قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ

قُلْ	لِّلْمُؤْمِنٰتِ	يَغْضُضْنَ	مِنْ اَبْصَارِهِنَّ	وَ	يَحْفَظْنَ
تم کہو	ایمان والیوں سے	وہ کچھ نیچی رکھیں	اپنی نگاہیں	اور	حفاظت کریں

مسلمان عورتوں کو حکم دو کہ وہ اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی پارسائی کی

مسلمان مردوں کو نگاہیں نیچی رکھنے اور شرمگاہوں کی حفاظت کا حکم

عورتوں کے پردے سے متعلق احکام

1 ..... اس سے مراد ہر وہ جگہ ہے جہاں شرعاً و عرفاً اجازت لے کر جانے کی حاجت نہیں جیسے مسافر خانے اور دوکانیں وغیرہ۔ 2 ..... اس آیت میں مسلمان مردوں کو اپنی نگاہیں کچھ جھکا کر رکھنے اور شرمگاہوں کی حفاظت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو، میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں (1) جب تم میں سے کوئی بات کرے تو جھوٹ نہ بولے۔ (2) جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی نہ کرے (3) جب اسے امانت دی جائے تو خیانت نہ کرے۔ (4) تم اپنی نگاہیں جھکا کر رکھو۔ (5) اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ (6) اور اپنے ہاتھوں کو روک کر (رکوع ۴ پارہ ۱۸)

www.dawateislami.net

فُرُوْجَهُنَّ وَ لَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا

فُرُوْجَهُنَّ	وَ	لَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ (1)	اِلَّا	مَا	ظَهَرَ	مِنْهَا
اپنی شرمگاہوں (کی)	اور	ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر	جتنی	(خود ہی) ظاہر ہو	اس میں سے

حفاظت کریں اور اپنی زینت نہ دکھائیں مگر جتنا (بدن کا حصہ) خود ہی ظاہر ہے

وَ لْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۪ وَ لَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا

وَ لْيَضْرِبْنَ	بِخُمُرِهِنَّ	عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ (2)	وَ	لَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا
اور چاہئے کہ وہ ڈال کر رکھیں	اپنے دوپٹے	اپنے گریبانوں پر	اور	ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر

اور وہ اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر

لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ

لِبُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآئِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآئِهِنَّ	اَوْ
اپنے شوہروں کیلئے	یا	اپنے باپ	یا	اپنے شوہروں کے باپ	یا	اپنے بیٹوں	یا

اپنے شوہروں پر یا اپنے باپ یا شوہروں کے باپ یا اپنے بیٹوں یا

اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ

اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ	بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ	بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ	
اپنے شوہروں کے بیٹوں	یا	اپنے بھائیوں	یا	اپنے بھائیوں کے بیٹوں	یا	اپنی بہنوں کے بیٹوں	

شوہروں کے بیٹوں یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھتیجوں یا اپنے بھانجوں

اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ

اَوْ	نِسَآئِهِنَّ	اَوْ	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُنَّ	اَوِ
یا	اپنی (مسلمان) عورتوں	یا	جن (عورتوں) کے	مالک ہوئے	ان کے دائیں ہاتھ	یا

یا اپنی (مسلمان) عورتوں یا اپنی کنیزوں پر جو ان کی ملکیت ہوں یا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) رکھو (یعنی ظلم وغیرہ سے)۔ (معجم الاوسط، ۲/۶۷، الحدیث: ۲۵۳۹) 1 ..... مسلمان عورتوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے بدن کے ان اعضاء کو غیر مردوں کے سامنے ظاہر نہ کریں جہاں زینت کرتی ہیں جیسے سر، کان، گلا وغیرہ البتہ وہ اعضاء جو عام طور پر ظاہر ہوتے ہیں جیسے چہرہ، دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں، انہیں چھپانے میں مشقت ہونے کی وجہ سے ظاہر کرنے کی اجازت ہے لیکن فی زمانہ بے حیائی، بدنگاہی اور گندے خیالات کی کثرت کی وجہ سے چہرہ چھپانے کا بھی حکم ہے۔

2 ..... یعنی مسلمان عورتیں اپنے دوپٹوں کے ذریعے اپنے بالوں، گردن، پہنے ہوئے زیور اور سینے وغیرہ کو ڈھانپ کر رکھیں۔ بخاری شریف میں ہے کہ جب یہ

www.dawateislami.net

اَلتّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ

اَلتّٰبِعِيْنَ	غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ	مِنَ الرِّجَالِ (1)	اَوِ	الطِّفْلِ	الَّذِيْنَ
(ان)نوکروں(کیلئے)	(جو)شہوت والے نہیں	مردوں میں سے	یا	(ان)بچوں(کیلئے)	جو

مردوں میں سے وہ نوکر جو شہوت والے نہ ہوں یا وہ بچے جنہیں

لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَ لَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ

لَمْ يَظْهَرُوْا	عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ	وَ	لَا يَضْرِبْنَ (2)	بِاَرْجُلِهِنَّ
خبر نہیں رکھتے	عورتوں کی شرم کی چیزوں پر	اور	وہ(زمین پر)زور سے نہ ماریں	اپنے پاؤں

عورتوں کی شرم کی چیزوں کی خبر نہیں اور زمین پر اپنے پاؤں اس لئے زور سے نہ ماریں

لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَ تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ

لِيُعْلَمَ	مَا	يُخْفِيْنَ	مِنْ زِيْنَتِهِنَّ	وَ	تُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ
تاکہ معلوم ہو جائے	جو	انہوں نے چھپائی ہو	اپنی زینت سے	اور	تم توبہ کرو	اللہ کی طرف

کہ ان کی اس زینت کا پتہ چل جائے جو انہوں نے چھپائی ہوئی ہے اور اے مسلمانو! تم سب اللہ کی طرف

جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

جَمِيْعًا	اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾	وَ	اَنْكِحُوا	الْاَيَامٰى
سب	اے ایمان والو	تاکہ تم	کامیاب ہو جاؤ	اور	نکاح کر دو	(ان کے جو)بے نکاح(ہوں)

توبہ کرو اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ ﴿۳۱﴾ اور تم میں سے جو بغیر نکاح کے ہوں

مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا

مِنْكُمْ	وَ	الصّٰلِحِيْنَ	مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآئِكُمْ	اِنْ	يَّكُوْنُوْا
تم میں سے	اور	(جو)نیک لوگ(ہیں)	تمہارے غلاموں اور لونڈیوں میں سے	اگر	وہ ہوں گے

اور تمہارے غلاموں اور لونڈیوں میں سے جو نیک ہیں ان کے نکاح کر دو۔ اگر وہ

تمام مسلمانوں کو توبہ کی ہدایت

کنوارے مرد و عورت کا نکاح کرنے کی ہدایت اور برکتِ نکاح

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) آیت نازل ہوئی تو صحابیات نے اپنی اونی چادروں کو پھاڑ کر اوڑھنیاں بنالیا تھا۔(بخاری، ۳/۲۹۰، الحدیث: ۴۷۵۸) 1 ..... مردوں میں سے وہ نوکر جو شہوت والے نہ ہوں مثلاً ایسے بوڑھے ہوں جنہیں اصلاً شہوت باقی نہ رہی ہو اور وہ نیک ہوں تو ان سے پردہ نہ کرنے کی اجازت ہے البتہ جو ایسے نہ ہوں خواہ وہ کتنے ہی با اعتماد اور بچپن سے نوکری کرتے آرہے ہوں ان سے بہر صورت پردہ کرنے کا حکم ہے۔ آج کل گھر کے نوکروں، ڈرائیوروں، مالیوں، دودھ بیچنے والوں سے عموماً پردہ نہیں کیا جاتا ہے یہ حرام ہے۔ 2 ..... یعنی عورتیں چلنے پھرنے میں پاؤں اس قدر آہستہ رکھیں کہ اُن کے زیور کی جھنکار نہ سنی جائے۔ عورتیں بجنے والے جھانجھن نہ پہنیں۔ (پارہ ۱۸، رکوع ۱۰)

www.dawateislami.net

فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ

فُقَرَآءَ	يُغْنِهِمُ(1)	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	اللّٰهُ	وَاسِعٌ
فقیر، تنگدست	(تو) مالدار کردے گا انہیں	اللہ	اپنے فضل سے	اور	اللہ	وسعت والا

فقیر ہوں گے تو اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کردے گا اور اللہ وسعت والا،

عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَ لْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ

عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾	وَ لْيَسْتَعْفِفِ(2)	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ
علم والا (ہے)	اور چاہئے کہ پاکدامنی اختیار کریں	وہ لوگ جو	نہیں پاتے

علم والا ہے ○ اور جو لوگ نکاح کرنے کی طاقت نہیں پاتے

نکاح کی استطاعت نہ رکھنے پر پاکدامنی کی تاکید

نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ

نِكَاحًا	حَتّٰى	يُغْنِيَهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ
نکاح کرنے کی طاقت	یہاں تک کہ	غنی کردے انہیں	اللہ	اپنے فضل سے	اور

انہیں چاہیے کہ پاکدامنی اختیار کریں یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کردے اور

غلاموں کو مکاتب بنانے سے متعلق ہدایات

الَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ

الَّذِيْنَ	يَبْتَغُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِمَّا	مَلَكَتْ
وہ لوگ جو	چاہتے ہیں	مال کما کر دینے کی شرط پر آزادی	(ان میں) سے جن کے	مالک ہوئے

تمہارے غلام اور لونڈیوں میں سے جو مال کما کر دینے کی شرط پر آزادی کے

اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّ

اَيْمَانُكُمْ	فَكَاتِبُوْهُمْ	اِنْ	عَلِمْتُمْ	فِيْهِمْ	خَيْرًا	وَّ
تمہارے دائیں ہاتھ	تو تم (یہ معاہدہ) لکھ دو انہیں	اگر	تم جانو	ان میں	کچھ بھلائی	اور

طلبگار ہوں تو تم انہیں (یہ معاہدہ) لکھ دو اگر تم ان میں کچھ بھلائی جانو اور

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس قوم کی دعا نہیں قبول فرماتا جن کی عورتیں جھانجھن پہنتی ہوں۔ اس سے سمجھ لینا چاہئے کہ جب زیور کی آواز دعا قبول نہ ہونے کا سبب ہے تو خاص عورت کی آواز اور اس کی بے پردگی کیسی اللہ تعالیٰ کے غضب کو لازم کرنے والی ہوگی۔ (1)..... اس غناء سے مراد قناعت یا کفایت ہے یا اس سے شوہر اور بیوی کے دو رزقوں کا جمع ہو جانا یا نکاح کی برکت سے فراخی حاصل ہونا مراد ہے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا "تم عورتوں سے نکاح کرو کیونکہ وہ تمہارے پاس (اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق اور) مال لائیں گی۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، ۳/۲۷۱، الحدیث: ۱۰) (2)..... یعنی جو لوگ مہر اور اخراجات نہ ہونے کے

www.dawateislami.net

کنیزوں کو بدکاری پر مجبور کرنے کی ممانعت

اٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِیْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَ لَا تُكْرِهُوْا فَتَیٰتِكُمْ

اٰتُوْهُمْ	مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ	الَّذِیْۤ	اٰتٰىكُمْ	وَ	لَا تُكْرِهُوْا[1]	فَتَیٰتِكُمْ
دو انہیں	اللہ کے مال سے	وہ جو	اس نے دیا تمہیں	اور	تم مجبور نہ کرو	اپنی کنیزوں (کو)

تم ان کی اللہ کے اس مال سے مدد کرو جو اس نے تمہیں دیا ہے اور تم دنیوی زندگی کا مال طلب کرنے کیلئے

عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا

عَلَى الْبِغَآءِ	اِنْ	اَرَدْنَ	تَحَصُّنًا[2]	لِّتَبْتَغُوْا
بدکاری پر	(خصوصاً) اگر	وہ (خود بھی) چاہیں	بچنا	تاکہ تم چاہو، طلب کرو

اپنی کنیزوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو (خصوصاً) اگر وہ

عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَ مَنْ یُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ

عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا	وَ	مَنْ	یُّكْرِهْهُّنَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ
دنیوی زندگی کا کچھ مال	اور	جو	مجبور کرے گا انہیں	تو بیشک	اللہ

خود (بھی) بچنا چاہتی ہوں اور جو انہیں مجبور کرے گا تو بیشک اللہ

قرآن مجید کے تین اوصاف

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۳﴾ وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ ﴿۳۳﴾	وَ	لَقَدْ	اَنْزَلْنَاۤ
ان کے مجبور کئے جانے کے بعد	بخشنے والا	مہربان (ہے)	اور	ضرور بیشک	ہم نے نازل فرمائیں

ان کے مجبور کئے جانے کے بعد بہت بخشنے والا، مہربان ہے ○ اور بیشک ہم نے تمہاری طرف

اِلَیْكُمْ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ وَّ مَثَلًا مِّنَ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

اِلَیْكُمْ	اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ	وَّ	مَثَلًا	مِّنَ الَّذِیْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ
تمہاری طرف	روشن آیتیں	اور	حال	ان لوگوں کا جو	گزر گئے	تم سے پہلے

روشن آیتیں اور تم سے پہلے لوگوں کا حال

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) سبب نکاح نہ کر سکیں تو وہ بدکاری سے بہر حال بچیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فضل سے مالدار کر دے اور وہ مہر و نان نفقہ ادا کرنے کے قابل ہو جائیں۔

1 ..... عورت کے حق میں زنا پر مجبوری اس وقت ثابت ہو گی جب کوئی جان سے مار دینے یا جسم کا کوئی عضو ضائع کر دینے یا شدید مار مارنے کی دھمکی دے اور دھمکی دینے والے کو قدرت بھی ہو اور عورت کو غالب گمان ہو کہ وہ دھمکی پر عمل کر گزرے گا۔ اس سے کم میں مجبوری ثابت نہ ہو گی۔ کنیزوں کی طرح آزاد عورتوں کو بھی بدکاری پر مجبور کرنا حرام ہے، خواہ مال کی خاطر ہو یا کسی اور سبب سے۔ زنا پر مجبور کرنے والے سخت گناہگار اور عذابِ الٰہی کے حقدار ہیں۔ 2 ..... کنیزیں

www.dawateislami.net

اللہ تعالیٰ کے نور کی مثال ع ١٠

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾ ع اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ

وَ	مَوْعِظَةً	لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾	اَللّٰهُ	نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (1)	مَثَلُ نُوْرِهٖ
اور	نصیحت	ڈر والوں کے لیے	اللہ	آسمانوں اور زمین کا نور (ہے)	اس کے نور کی مثال

اور ڈر والوں کے لیے نصیحت نازل فرمائی ○ اللہ آسمانوں اور زمینوں کو روشن کرنے والا ہے۔ اس کے نور کی مثال

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ

كَمِشْكٰوةٍ	فِيْهَا	مِصْبَاحٌ	اَلْمِصْبَاحُ	فِيْ زُجَاجَةٍ	اَلزُّجَاجَةُ
(ایسی ہے) جیسے ایک طاق	جس میں	چراغ (ہے)	(وہ) چراغ	ایک فانوس میں (ہے)	فانوس

ایسی ہے جیسے ایک طاق ہو جس میں چراغ ہے، وہ چراغ ایک فانوس میں ہے، وہ فانوس

كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ

كَاَنَّهَا	كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ	يُّوْقَدُ	مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ (2)
گویا کہ وہ	ایک موتی کی طرح چمکتا ہوا ستارہ (ہے)	جو روشن ہوتا ہے	برکت والے درخت زیتون سے

گویا ایک موتی کی طرح چمکتا ہوا ستارہ ہے جو زیتون کے برکت والے درخت سے روشن ہوتا ہے

لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ

لَّا	شَرْقِيَّةٍ	وَّ	لَا	غَرْبِيَّةٍ	يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ	وَلَوْ
(جو) نہ	مشرق والا (ہے)	اور	نہ	مغرب والا	قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے	اگرچہ

جو نہ مشرق والا ہے اور نہ مغرب والا ہے۔ قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے اگرچہ

لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

لَمْ تَمْسَسْهُ	نَارٌ	نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ	يَهْدِي	اللّٰهُ	لِنُوْرِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ
نہ چھوئے اسے	آگ	نور پر نور (ہے)	راہ دکھاتا ہے	اللہ	اپنے نور کی	جسے	وہ چاہتا ہے

اسے آگ نہ چھوئے۔ نور پر نور ہے، اللہ اپنے نور کی راہ دکھاتا ہے جسے چاہتا ہے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) پاکدامن رہنا چاہیں یا نہ چاہیں، کسی صورت بھی انہیں بدکاری پر مجبور نہیں کیا جاسکتا اور آیت میں کلام اس اعتبار سے ہے کہ جب عورتیں خود بھی پاکدامن رہنا چاہتی ہیں تو پھر تو تمہیں بطریقِ اَولیٰ انہیں بدکاری پر مجبور نہیں کرنا چاہئے۔ ❶..... نور اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے اور یہاں معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمینوں کا ہادی ہے تو زمین و آسمان والے اس کے نور سے حق کی راہ پاتے ہیں یا یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمینوں کو منور فرمانے والا ہے۔ بعض مفسرین نے اس نور سے قرآن مراد لیا ہے اور ایک تفسیر یہ ہے کہ اس نور سے مراد سیّد کائنات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہیں۔ ❷..... زیتون کا درخت انتہائی برکت والا

www.dawateislami.net

وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ

وَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ	وَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَیْءٍ
اور	بیان فرماتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کیلئے	اور	اللہ	ہر چیز کو

اور اللہ لوگوں کیلئے مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر شے کو

عَلِیْمٌ ﴿۳۵﴾ فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ

عَلِیْمٌ ﴿۳۵﴾	فِیْ بُیُوْتٍ (1)	اَذِنَ	اللّٰهُ	اَنْ
خوب جاننے والا (ہے)	(ان) گھروں میں (ہے)	حکم دیا	اللہ (نے)	کہ

خوب جاننے والا ہے ○ ان گھروں میں ہے جن کی تعظیم کرنے

تُرْفَعَ وَ یُذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ ۙ یُسَبِّحُ

تُرْفَعَ	وَ	یُذْكَرَ	فِیْهَا	اسْمُهٗ	یُسَبِّحُ (2)
انہیں بلند کیا جائے، ان کی تعظیم کی جائے	اور	ذکر کیا جائے	ان میں	اس (اللہ) کا نام	تسبیح کرتے ہیں

اور ان میں اللہ کا نام ذکر کئے جانے کا اللہ نے حکم دیا ہے، ان میں صبح و شام

لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ ۙ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ

لَهٗ	فِیْهَا	بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾	رِجَالٌ (3)	لَّا تُلْهِیْهِمْ	تِجَارَةٌ
اس کی	ان (گھروں) میں	صبح اور شام	(وہ) مرد	غافل نہیں کرتی انہیں	کوئی تجارت

اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں ○ وہ مرد جن کو تجارت

وَّ لَا بَیْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ

وَّ	لَا	بَیْعٌ	عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	وَ	اِقَامِ الصَّلٰوةِ	وَ	اِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ
اور	نہ	خرید و فروخت	اللہ کے ذکر سے	اور	نماز قائم کرنے	اور	زکوٰۃ دینے (سے)

اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے سے غافل نہیں کرتی

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ہے اور اس میں بہت سارے فوائد ہیں، حدیثِ پاک میں ہے "زیتون کھاؤ اور اس کا تیل استعمال کرو یہ مبارک درخت ہے۔ (ترمذی، ۳/۳۳۷، الحدیث: ۱۸۵۹)

1 ان گھروں سے مسجدیں مراد ہیں۔ 2 تسبیح سے مراد نمازیں ہیں، صبح کی تسبیح سے فجر اور شام سے ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں مراد ہیں۔

3 نور سے ہدایت پانے اور مسجدوں میں صبح و شام تسبیح کرنے والے لوگوں کا یہ وصف ہے کہ انہیں کوئی تجارت اور خرید و فروخت نماز اور ذکرُ اللہ سے غافل نہیں کرتی۔ فی زمانہ کاروبار، نوکری، کھیل کود، ٹی وی، دوستوں وغیرہا کی وجہ سے نمازوں میں غفلت کا معاملہ بڑا نازک ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے "جس نے نماز کی

بندگانِ خدا کے چند ظاہری و باطنی اوصاف

www.dawateislami.net

يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾

يَخَافُوْنَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ (۱)	فِيْهِ	الْقُلُوْبُ	وَ	الْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾
وہ ڈرتے ہیں	(اس) دن (سے)	الٹ جائیں گے	اس میں	دل	اور	آنکھیں

وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ جائیں گے ○

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ

لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا	عَمِلُوْا	وَ	يَزِيْدَهُمْ
تاکہ بدلہ دے انہیں	اللہ	سب سے بہتر	جو	انہوں نے کام کئے	اور	مزید عطا فرمائے انہیں

تاکہ اللہ انہیں ان کے بہتر کاموں کا بدلہ دے اور اپنے فضل سے انہیں

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَ

مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	اللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾	وَ
اپنے فضل سے	اور	اللہ	رزق دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	حساب کے بغیر	اور

مزید عطا فرمائے اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے ○ اور

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَعْمَالُهُمْ	كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	ان کے اعمال	کسی بیابان میں دھوپ میں چمکتی ریت جیسے (ہیں)

کافروں کے اعمال ایسے ہیں جیسے کسی بیابان میں دھوپ میں پانی کی طرح چمکنے والی ریت ہو،

يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ

يَّحْسَبُهُ	الظَّمْاٰنُ	مَآءً	حَتّٰى	اِذَا	جَآءَهٗ
گمان کرتا ہے اسے	پیاسا آدمی	پانی	یہاں تک کہ	جب	وہ آتا ہے اس کے پاس

پیاسا آدمی اسے پانی سمجھتا ہے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آتا ہے

نیک کاموں میں مشغولیت کا مقصد

کفار کے ظاہری اچھے اعمال کی مثال

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) محافظت نہ کی وہ قیامت کے دن قارون، فرعون، ہامان اور اُبَی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔ (مسند امام احمد، ۲/۵۴۳، الحدیث: ۶۵۸۷) علماء نے فرمایا ہے کہ جسے مال نے نماز سے غافل رکھا وہ قیامت کے دن قارون کے ساتھ، جسے حکمرانی نے غافل رکھا وہ فرعون کے ساتھ، جو وزارت کی وجہ سے غافل رہا وہ ہامان کے ساتھ اور جو تجارت کی وجہ سے غافل رہا وہ مکہ کے کافر اُبَی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔ (الزواجر، ۱/۲۸۸)

(۱) ..... دلوں کے الٹ جانے کا معنی یہ ہے کہ دل اپنی جگہ سے نکل کر حلق میں آجائیں گے، پھر نہ واپس اپنی جگہ جا سکیں گے اور نہ حلق سے باہر نکل سکیں گے اور

www.dawateislami.net

لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ

لَمْ يَجِدْهُ	شَيْـًٔا[1]	وَّ	وَجَدَ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗ	فَوَفّٰىهُ
(تو) نہیں پاتا اسے	کچھ (بھی)	اور	وہ پائے گا	اللہ (کو)	اپنے قریب	تو وہ پورا دے گا اسے

تو اسے کچھ بھی نہیں پاتا اور وہ اللہ کو اپنے قریب پائے گا تو اللہ اسے

حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ

حِسَابَهٗ	وَ	اللّٰهُ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾	اَوْ	كَظُلُمٰتٍ
اس کا حساب	اور	اللہ	جلد حساب کر لینے والا (ہے)	یا	جیسے تاریکیاں (ہوں)

اس کا پورا حساب دے گا اور اللہ جلد حساب کر لینے والا ہے ○ یا جیسے کسی گہرے سمندر میں

فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ

فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ	يَّغْشٰىهُ	مَوْجٌ	مِّنْ فَوْقِهٖ	مَوْجٌ
کسی گہرے سمندر میں	ڈھانپ لیا ہو اسے	ایک موج (نے)	اس کے اوپر سے	(دوسری) موج (ہو)

تاریکیاں ہوں جس کو اوپر سے ایک موج نے ڈھانپ لیا ہو، اس موج پر ایک اور موج ہو،

مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ

مِّنْ فَوْقِهٖ	سَحَابٌ	ظُلُمٰتٌۢ	بَعْضُهَا	فَوْقَ بَعْضٍ	اِذَاۤ
اس (موج) کے اوپر سے	بادل (ہوں)	اندھیرے (ہیں)	ان کے بعض	بعض کے اوپر (ہیں)	جب

(پھر) اس (دوسری) موج پر بادل ہوں۔ اندھیرے ہی اندھیرے ہیں ایک کے اوپر دوسرا اندھیرا ہے کہ جب

اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ

اَخْرَجَ	يَدَهٗ	لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا	وَ	مَنْ	لَّمْ يَجْعَلِ
کوئی نکالتا ہے	اپنا ہاتھ	(تو) وہ اسے دکھائی دیتا معلوم نہ ہو	اور	وہ شخص جو	نہ بنائے

کوئی اپنا ہاتھ نکالے تو اسے اپنا ہاتھ بھی دکھائی دیتا معلوم نہ ہو اور جس کیلئے اللہ

کفار کے برے اعمال کی مثال

نورِ قرآن سے ہدایت توفیقِ الٰہی پر موقوف ہے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) آنکھیں الٹنے کا معنی یہ ہے کہ اس دن سرگیں آنکھیں نیلی ہو جائیں گی۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں دلوں اور آنکھوں کا الٹنا بطورِ محارہ استعمال ہوا ہو اور مراد یہ ہو کہ قیامت کی دہشت اور ہولناکی دیکھ کر دل انتہائی خوفزدہ اور مضطرب ہو جائیں گے اور آنکھیں اوپر چڑھ جائیں گی۔

[1] ..... اس آیت میں بیان کی گئی مثال اگرچہ کفار کے ظاہری اچھے اعمال سے متعلق ہے لیکن مسلمان بھی اگر ریاکاری، یا شرائط کا لحاظ کئے بغیر نیک اعمال کرے گا تو اس کا حال بھی ایسا ہی ہو گا۔ اس لئے ریاکاری سے بھی بچیں اور دینی احکام بھی سیکھیں۔

www.dawateislami.net

کائنات کی ہر چیز مخلوق تسبیح ہے

اَللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿٤٠﴾ ع اَلَمْ تَرَ

اَللّٰهُ	لَهٗ	نُوْرًا	فَمَا	لَهٗ	مِنْ نُّوْرٍ ﴿٤٠﴾ (1)	اَلَمْ تَرَ
اللہ	اس کے لئے	نور	تو نہیں	اس کے لیے	کوئی نور	کیا تم نے نہ دیکھا

نور نہ بنائے اس کے لیے کوئی نور نہیں ○ کیا تم نے نہ دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

اَنَّ	اللّٰهَ	يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ
کہ	اللہ	تسبیح کرتا ہے	اس کی	جو کوئی	آسمانوں اور زمین میں (ہے)	اور

کہ جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ سب اور پرندے (اپنے) پَر پھیلائے ہوئے

الطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ

الطَّيْرُ	صٰٓفّٰتٍ	كُلٌّ	قَدْ	عَلِمَ	صَلَاتَهٗ	وَ	تَسْبِيْحَهٗ (2)
پرندے	پر پھیلائے ہوئے	سب (نے)	تحقیق	جان لی	اپنی نماز	اور	اپنی تسبیح

اللہ کی تسبیح کرتے ہیں سب کو اپنی نماز اور اپنی تسبیح معلوم ہے

زمین و آسمان کا حقیقی بادشاہ اللہ ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلِلّٰهِ

وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِمَا	يَفْعَلُوْنَ ﴿٤١﴾	وَ	لِلّٰهِ
اور	اللہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اس) کو جو	وہ کام کرتے ہیں	اور	اللہ ہی کے لیے (ہے)

اور اللہ ان کے کاموں کو خوب جاننے والا ہے ○ اور آسمانوں اور

آسمانوں میں قدرت الٰہی کے مظاہر

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٢﴾ اَلَمْ تَرَ

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	اِلَى اللّٰهِ	الْمَصِيْرُ ﴿٤٢﴾	اَلَمْ تَرَ
آسمانوں اور زمین کی بادشاہت	اور	اللہ ہی کی طرف	لوٹنا (ہے)	کیا تم نے نہ دیکھا

زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے ○ کیا تم نے نہ دیکھا

1 ..... یعنی جسے اللہ تعالیٰ قرآنِ مجید کے نور سے ہدایت دینا اور قرآنِ کریم پر ایمان لانے کی توفیق دینا نہ چاہے تو اسے اصلاً کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

2 ..... زمین و آسمان میں موجود چیزوں اور پرندوں میں سے ہر ایک اپنی نماز اور اپنی تسبیح جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے نماز و تسبیح کا جسے جو طریقہ سکھایا اسی کے مطابق وہ عمل کرتا ہے اگرچہ ہمیں وہ طریقہ دکھائی نہ دے یا سمجھ نہ آئے۔

www.dawateislami.net

اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ

اَنَّ	اللّٰهَ	يُزْجِيْ	سَحَابًا	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ
کہ	اللہ	نرمی کے ساتھ چلاتا ہے	بادل (کو)	پھر	ملاپ کر دیتا ہے

کہ اللہ نرمی کے ساتھ بادل کو چلاتا ہے پھر انہیں آپس میں

بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى

بَيْنَهٗ	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ	رُكَامًا	فَتَرَى
اس (بادل کے ٹکڑوں) کے درمیان	پھر	کر دیتا ہے اسے	تہ در تہ	تو تو دیکھتا ہے

ملا دیتا ہے پھر انہیں تہ در تہ کر دیتا ہے تو تم دیکھتے ہو

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ	وَ	يُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ
بارش (کو)	وہ نکلتی ہے	اس کے درمیان سے	اور	وہ اتارتا ہے	آسمان سے

کہ اس کے درمیان میں سے بارش نکلتی ہے اور وہ آسمان میں موجود

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا (1)	مِنْۢ بَرَدٍ	فَيُصِيْبُ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ
اس میں (موجود برف کے) پہاڑوں سے	کچھ اولے	پھر ڈال دیتا ہے	ان کو	جس (پر)	وہ چاہتا ہے

برف کے پہاڑوں سے اولے اُتارتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اس پر انہیں ڈال دیتا ہے

وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾

وَ	يَصْرِفُهٗ	عَنْ مَّنْ	يَّشَآءُ	يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾	
اور	پھیر دیتا ہے انہیں	جس سے	وہ چاہتا ہے	قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک لے جائے آنکھیں	

اور جس سے چاہتا ہے اس سے انہیں پھیر دیتا ہے قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک آنکھیں لے جائے ○

(1)..... اس آیت کے بارے میں مفسرین کے دو قول ہیں، (1) آسمان میں اولوں کے پہاڑ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اسی طرح پیدا فرمایا ہے، پھر وہ ان پہاڑوں میں سے جتنے اولے چاہتا ہے نازل فرماتا ہے۔ (2) آسمان سے مراد حقیقی آسمان نہیں بلکہ وہ بادل ہے جو لوگوں کے سروں پر بلند ہے، اسے بلندی کی وجہ سے آسمان فرمایا گیا کیونکہ "سماء" اس چیز کو کہتے ہیں جو تجھ سے بلند ہے اور تیرے اوپر ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بادل سے اولے نازل فرماتا ہے، یہی بادل پہاڑ ہیں کہ بڑا ہونے کی وجہ سے پہاڑوں کے مشابہ ہیں اور جہاز میں سفر کرتے ہوئے یہ بادل پہاڑ کی طرح ہی دکھائی دیتے ہیں۔

www.dawateislami.net

دن اور رات کی تبدیلی میں قدرتِ الٰہی کی دلیل

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

يُقَلِّبُ	اللّٰهُ	الَّيْلَ	وَ	النَّهَارَ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً
تبدیل فرماتا ہے	اللہ	رات	اور	دن (کو)	بیشک	اس میں	ضرور سمجھنے کا مقام (ہے)

اللہ رات اور دن کو تبدیل فرماتا ہے، بیشک اس میں آنکھ والوں کیلئے

جانوروں کی تخلیق اور احوال میں قدرتِ الٰہی کے دلائل

لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ

لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾	وَ	اللّٰهُ	خَلَقَ	كُلَّ دَآبَّةٍ	مِّنْ مَّآءٍ (1)	فَمِنْهُمْ
آنکھوں والوں کیلئے	اور	اللہ (نے)	بنایا	ہر جاندار	پانی سے	تو ان میں سے

سمجھنے کا مقام ہے ○ اور اللہ نے زمین پر چلنے والا ہر جاندار پانی سے بنایا تو ان میں کوئی

مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ

مَّنْ	يَّمْشِيْ	عَلٰى بَطْنِهٖ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّمْشِيْ
(کوئی وہ ہے) جو	چلتا ہے	اپنے پیٹ پر	اور	ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جو	چلتا ہے

اپنے پیٹ کے بل چلتا ہے اور ان میں کوئی دو پاؤں پر

عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ

عَلٰى رِجْلَيْنِ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّمْشِيْ	عَلٰٓى اَرْبَعٍ	يَخْلُقُ
دو پاؤں پر	اور	ان میں سے	(کوئی وہ ہے) جو	چلتا ہے	چار (پاؤں) پر	پیدا فرماتا ہے

چلتا ہے اور ان میں کوئی چار پاؤں پر چلتا ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے

نزولِ قرآن اور عطائے ہدایت کا بیان

اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدْ

اللّٰهُ	مَا	يَشَآءُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾	لَقَدْ
اللہ	جو	وہ چاہتا ہے	بیشک	اللہ	ہر چیز پر	قادر (ہے)	ضرور بیشک

پیدا فرماتا ہے۔ بیشک اللہ ہر شے پر قادر ہے ○ بیشک

1 ..... اللہ تعالیٰ نے جانداروں کی تمام اجناس کو پانی کی جنس سے پیدا کیا اور پانی ان سب کی اصل ہے اور اپنی اصل میں متحد ہونے کے باوجود ان سب کا حال ایک دوسرے سے کس قدر مختلف ہے، یہ کائنات کو تخلیق فرمانے والے کے علم و حکمت اور اس کی قدرت کے کمال کی روشن دلیل ہے کہ اس نے پانی جیسی چیز سے ایسی عجیب مخلوق پیدا فرمادی۔

www.dawateislami.net

اَنْزَلْنَاۤ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍؕ وَ اللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ

اَنْزَلْنَاۤ	اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ	وَ	اللّٰهُ	یَهْدِیْ	مَنْ	یَّشَآءُ
ہم نے نازل فرمائیں	صاف بیان کرنے والی آیتیں	اور	اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

ہم نے صاف بیان کرنے والی آیتیں نازل فرمائیں اور اللہ جسے چاہتا ہے

اطاعتِ رسول میں منافقوں کا حال

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۶﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالرَّسُوْلِ

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۶﴾	وَ	یَقُوْلُوْنَ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ	بِالرَّسُوْلِ
سیدھے راستے کی طرف	اور	(منافقین) کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور	رسول پر

سیدھی راہ کی طرف ہدایت دیتا ہے ○ اور (منافقین) کہتے ہیں: ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے

وَ اَطَعْنَا ثُمَّ یَتَوَلّٰى فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَؕ

وَ	اَطَعْنَا	ثُمَّ	یَتَوَلّٰى	فَرِیْقٌ	مِّنْهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
اور	ہم نے اطاعت کی	پھر	پلٹ جاتا ہے	ایک گروہ	ان میں سے	اس کے بعد

اور ہم نے اطاعت کی پھر ان میں سے ایک گروہ اس کے بعد پھر جاتا ہے

حکمِ رسول سے متعلق منافقوں کا حال

وَ مَاۤ اُولٰٓىٕكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اِذَا دُعُوْۤا

وَ	مَآ	اُولٰٓىٕكَ	بِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾	وَ	اِذَا	دُعُوْۤا[1]
اور	نہیں	یہ لوگ	ایمان والے	اور	جب	انہیں بلایا جاتا ہے

اور (حقیقت میں) وہ مسلمان نہیں ہیں ○ اور جب انہیں اللہ

اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اِذَا

اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ[2]	لِیَحْكُمَ	بَیْنَهُمْ	اِذَا
اللہ اور اس کے رسول کی طرف	تاکہ (رسول) فیصلہ کردے	ان کے درمیان	(تو) اسی وقت

اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ رسول ان کے درمیان فیصلہ فرمادے تو اسی وقت

1 ..... بشر نامی منافق کا زمین کے معاملے پر ایک یہودی سے جھگڑا تھا، یہودی نے مطالبہ کیا کہ ہمارے مقدمے کا فیصلہ رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کرایا جائے لیکن منافق نے کعب بن اشرف یہودی سے فیصلہ کرانے کا اصرار کیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

2 ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضری اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری ہے کیونکہ ان لوگوں کو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف بلایا گیا تھا، جسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا، اللہ و رسول کی طرف بلایا گیا۔

www.dawateislami.net

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ

فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾	وَ	اِنْ	يَّكُنْ	لَّهُمُ	الْحَقُّ
ایک گروہ	ان میں سے	منہ پھیر لیتا (ہے)	اور	اگر	ہو جائے	ان کے لئے	حق (فیصلہ)

ان میں سے ایک فریق منہ پھیرنے لگتا ہے ○ اور اگر فیصلہ ان کیلئے ہو جائے

منافقوں کے اعراض کی وجہ

يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

يَاْتُوْٓا	اِلَيْهِ	مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾	اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
(تو) وہ آتے ہیں	اس کی طرف	جلدی کرتے ہوئے، مانتے ہوئے	کیا ان کے دلوں میں	بیماری (ہے)

تو اس کی طرف خوشی خوشی جلدی سے آتے ہیں ○ کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے؟

اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

اَمِ	ارْتَابُوْٓا	اَمْ	يَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّحِيْفَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ
یا	وہ شک رکھتے ہیں	یا	ڈرتے ہیں	(اس بات سے) کہ	ظلم کرے گا	اللہ	ان پر

یا انہیں شک ہے؟ یا کیا وہ اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول

حکمِ رسول سے متعلق مسلمانوں کو ہدایت

وَ رَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا

وَ	رَسُوْلُهٗ	بَلْ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾	اِنَّمَا
اور	اس کا رسول	بلکہ	یہ لوگ	وہی	ظلم کرنے والے (ہیں)	صرف

ان پر ظلم کریں گے؟ بلکہ وہ خود ہی ظالم ہیں ○ مسلمانوں کی بات

كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

كَانَ	قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ (1)	اِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ
ہے	ایمان والوں کی بات	(کہ) جب	انہیں بلایا جائے	اللہ اور اس کے رسول کی طرف

تو یہی ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے

1 ..... منافقوں کا طرزِ عمل تو بتا دیا کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں آنے سے کتراتے ہیں جبکہ اس آیت میں مومنوں کا اچھا طرزِ عمل بیان فرمایا کہ جب انہیں اللہ تعالیٰ، اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور ان کے احکام کی طرف بلایا جائے تو وہ عرض کرتے ہیں کہ ہم نے دعوت کو سنا اور اسے قبول کر کے اطاعت کی۔ یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حکم کے سامنے اپنی عقل کے گھوڑے نہ دوڑائے جائیں اور نہ ہی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حکم کو قبول کرنے یا نہ کرنے کے معاملے میں صرف اپنی عقل کو معیار بنایا جائے بلکہ جس طرح ↵

www.dawateislami.net

لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ؕ

لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اَنْ	يَّقُوْلُوْا	سَمِعْنَا	وَ	اَطَعْنَا
تاکہ (رسول) فیصلہ کردے	ان کے درمیان	یہ کہ	وہ عرض کریں	ہم نے سنا	اور	ہم نے مانا

تاکہ رسول ان کے درمیان فیصلہ فرمادے تو وہ عرض کریں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی

وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ

وَ	اُولٰٓىِٕكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾	وَ	مَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَ
اور	یہ لوگ	وہی	کامیاب ہونے والے (ہیں)	اور	جو	اطاعت کرے	اللہ	اور

اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ○ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی

رَسُوْلَهٗ وَ يَخْشَ اللّٰهَ وَ يَتَّقْهِ

رَسُوْلَهٗ	وَ	يَخْشَ	اللّٰهَ	وَ	يَتَّقْهِ
اس کے رسول (کی)	اور	ڈرے	اللہ (سے)	اور	بچے، ڈرے اس (کی نافرمانی) سے

اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے اور اس (کی نافرمانی) سے ڈرے

فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْفَآىِٕزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ

فَاُولٰٓىِٕكَ	هُمُ	الْفَآىِٕزُوْنَ ﴿۵۲﴾	وَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ
تو یہ لوگ	وہی	کامیابی پانے والے (ہیں)	اور	انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی

تو یہی لوگ کامیاب ہیں ○ اور انہوں نے پوری کوشش سے

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	لَىِٕنْ	اَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ
اپنی قسموں میں پوری کوشش (سے)	ضرور اگر	آپ حکم دیں گے انہیں	(تو) ضرور وہ نکلیں گے

اللہ کی قسمیں کھائیں کہ اگر آپ انہیں حکم دو گے تو وہ ضرور نکلیں گے۔

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ایک مریض اپنے آپ کو ڈاکٹر کے سپرد کر دیتا ہے اور اس کی دی ہوئی دوائی کو چوں چرا کئے بغیر استعمال کرتا ہے اسی طرح بلکہ اس سے بڑھ کر خود کو حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حوالے کر دینا اور آپ کے ہر حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دینا چاہئے کیونکہ ہماری عقلیں ناقص اور حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عقلِ مبارک وحی کے نور سے روشن اور کائنات کی کامل ترین عقل ہے۔ اگر اس پر عمل ہو گیا تو پھر دین و دنیا میں کامیابی نصیب ہو گی۔

اطاعتِ رسول اور خوفِ خدا کا فائدہ

قول و فعل سے چل کر کے دکھانا چاہئے

www.dawateislami.net

قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ

قُلْ	لَّا تُقْسِمُوْا	طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ(1)	اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ
تم کہہ دو	تم قسمیں نہ کھاؤ	شریعت کے مطابق اطاعت (ہونی چاہیے)	بیشک	اللہ	خبر دار ہے

تم فرماؤ: قسمیں نہ کھاؤ، شریعت کے مطابق اطاعت ہونی چاہیے، بیشک اللہ تمہارے اعمال سے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾	قُلْ	اَطِيْعُوْا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ
(اس) سے جو	تم عمل کرتے ہو	تم کہو	اطاعت کرو	اللہ (کی)	اور	اطاعت کرو	رسول (کی)

خبر دار ہے ○ تم فرماؤ: اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ

فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا عَلَيْهِ	مَا	حُمِّلَ
پھر اگر	تم منہ پھیرو	تو اس (رسول) پر صرف	(وہی لازم ہے) جس کا	اس پر بوجھ رکھا گیا

پھر اگر تم منہ پھیرو تو رسول کے ذمے وہی تبلیغ ہے جس کی ذمے داری کا بوجھ ان پر رکھا گیا ہے

وَ عَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَ اِنْ تُطِيْعُوْهُ

وَ	عَلَيْكُمْ	مَّا	حُمِّلْتُمْ	وَ	اِنْ	تُطِيْعُوْهُ
اور	تم پر	(وہی لازم ہے) جس کا	تم پر بوجھ رکھا گیا	اور	اگر	تم اطاعت کرو گے اس کی

اور تم پر وہ (اطاعت) لازم ہے جس کا بوجھ تم پر رکھا گیا ہے اور اگر تم رسول کی فرمانبرداری کرو گے

تَهْتَدُوْا ؕ وَ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ

تَهْتَدُوْا(2)	وَ	مَا	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾	وَعَدَ
(تو) ہدایت پاؤ گے	اور	(لازم) نہیں	رسول پر	مگر	صاف صاف تبلیغ کر دینا	وعدہ فرمایا

تو ہدایت پاؤ گے اور رسول کے ذمے صرف صاف صاف تبلیغ کر دینا لازم ہے ○ اللہ نے

اطاعتِ رسول کا فائدہ اور عدمِ اطاعت کا نقصان

مسلمانوں سے زمین میں خلافت کا وعدہ

1 ..... اپنے قول کو اپنے عمل سے سچا کر کے دکھانا چاہئے، صرف قسموں سے سچا کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ بارگاہِ خداوندی میں عمل دیکھے جاتے ہیں نہ کہ محض زبانی دعوے۔ 2 ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اطاعت و فرمانبرداری ہدایت اور بارگاہِ الٰہی میں مقبولیت کا ذریعہ و معیار ہے۔ منقول ہے کہ حضرت امام احمد بن حنبل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جب حمام میں لوگوں کے درمیان ستر عورت کھولنے کے معاملے میں شرعی حکم کی رعایت کی (یعنی وہاں پردہ کر کے نہانے کا حکم ہے اور آپ نے اس پر عمل کیا) تو ان سے خواب میں کہا گیا: شرعی حکم کی رعایت کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو لوگوں کا امام بنا

www.dawateislami.net

اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللّٰهُ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
اللہ (نے)	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	تم میں سے	اور	انہوں نے عمل کئے	اچھے، نیک

تم میں سے ایمان والوں اور اچھے اعمال کرنے والوں سے وعدہ فرمایا ہے

لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ

لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ (1)	فِی الْاَرْضِ	كَمَا	اسْتَخْلَفَ	الَّذِیْنَ
(کہ) ضرور ضرور وہ خلافت دے گا انہیں	زمین میں	جیسی	اس نے خلافت دی	ان لوگوں کو جو

کہ ضرور ضرور انہیں زمین میں خلافت دے گا جیسی ان سے پہلوں کو

مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَ لَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ

مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	لَیُمَكِّنَنَّ	لَهُمْ	دِیْنَهُمُ
ان سے پہلے (گزرے)	اور	ضرور ضرور جمادے گا	ان کے لیے	ان کا دین

خلافت دی ہے اور ضرور ضرور اِن کے لیے اِن کے اُس دین کو جمادے گا

الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ وَ لَیُبَدِّلَنَّهُمْ

الَّذِی	ارْتَضٰى	لَهُمْ	وَ	لَیُبَدِّلَنَّهُمْ
وہ جو	اس نے پسند فرمایا	ان کے لیے	اور	ضرور ضرور بدل دے گا ان (کی حالت) کو

جو ان کے لیے پسند فرمایا ہے اور ضرور ضرور ان کے خوف کے بعد ان (کی حالت) کو امن سے

مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِكُوْنَ

مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ	اَمْنًا	یَعْبُدُوْنَنِیْ	لَا یُشْرِكُوْنَ
ان کے خوف کے بعد	امن (سے)	وہ عبادت کریں گے میری	شریک نہیں ٹھہرائیں گے

بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے، میرے ساتھ کسی کو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) دیا ہے۔ (روح البیان، النور، تحت الآیۃ: ۵۴، ۶/۱۷۲-۱۷۳)

1 ..... نزولِ وحی سے لے کر دس سال تک حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم کے ساتھ مکہ میں قیام فرمایا اور کفار کی ایذاؤں پر صبر کیا، پھر مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی اور انصار کے مکانات کو اپنی سکونت سے سرفراز کیا، مگر کفارِ قریش اس پر بھی باز نہ آئے، آئے دن ان کی طرف سے جنگ کے اعلان ہوتے اور طرح طرح کی دھمکیاں دی جاتیں۔ صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم ہر وقت خطرہ میں رہتے اور ہتھیار ساتھ رکھتے۔ ایک روز ایک صحابی

www.dawateislami.net

بِیْ شَیْـًٔا ؕ وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ

بِیْ	شَیْـًٔا	وَ	مَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓىِٕكَ	هُمُ
میرے ساتھ	کسی چیز (کو)	اور	جو	ناشکری کرے	اس کے بعد	تو یہ لوگ	وہی

شریک نہ ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد ناشکری کرے تو وہی لوگ

نماز، زکوٰۃ، اطاعتِ رسول کا حکم اور اس کا صلہ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾	وَ	اَقِیْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ
نافرمانی کرنے والے (ہیں)	اور	قائم رکھو	نماز	اور	ادا کرو	زکوٰۃ	اور

نافرمان ہیں ○ اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور

کفار کا حال اور انجام

اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ

اَطِیْعُوا	الرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾	لَا تَحْسَبَنَّ (1)
اطاعت کرتے رہو	رسول (کی)	تاکہ تم (پر)	رحم کیا جائے	تم ہرگز خیال نہ کرنا

رسول کی فرمانبرداری کرتے رہو اس امید پر کہ تم پر رحم کیا جائے ○ ہرگز کافروں کو

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۚ وَ مَاْوٰىهُمُ

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	مُعْجِزِیْنَ	فِی الْاَرْضِ	وَ	مَاْوٰىهُمُ
ان لوگوں کو جنہوں نے	کفر کیا	(ہمیں) عاجز کرنے والے	زمین میں	اور	ان کا ٹھکانہ

یہ خیال نہ کرو کہ وہ ہمیں زمین میں عاجز کرنے والے ہیں اور ان کا ٹھکانہ

شبِ اوقات میں اجازت لے کر گھر میں داخلے کی تاکید

النَّارُ ؕ وَ لَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۵۷﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ

النَّارُ	وَ	لَبِئْسَ	الْمَصِیْرُ ﴿۵۷﴾	یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ
آگ (ہے)	اور	بیشک وہ کیا ہی بری	پلٹنے کی جگہ (ہے)	اے	وہ لوگو جو

آگ ہے اور بیشک وہ کیا ہی بُری لوٹنے کی جگہ ہے ○ اے ایمان

ع ۷ ۱۳

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا کبھی ایسا بھی زمانہ آئے گا کہ ہمیں امن میسر ہو اور ہتھیاروں کے بوجھ سے ہم سبکدوش ہوں، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

1 .....یعنی ان کافروں کا زمین میں امن سے رہنا اس وجہ سے نہیں کہ وہ رب کے قابو سے باہر ہیں بلکہ یہ رب تعالیٰ کی مہلت ہے لہٰذا ان کے بارے میں یہ خیال نہ کرو کہ یہ ہماری پکڑ سے بھاگ کر زمین میں ہمیں عاجز کر دیں گے، ان کا ٹھکانہ جہنم کی آگ ہے اور بیشک وہ کیا ہی بری لوٹنے کی جگہ ہے۔

www.dawateislami.net

اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اٰمَنُوْا	لِيَسْتَاْذِنْكُمُ[1]	الَّذِيْنَ	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ
ایمان لائے	چاہیے کہ اجازت لیں تم سے	وہ لوگ جن کے	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ

والو! تمہارے غلام اور تم میں سے جو بالغ عمر کو نہیں پہنچے،

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ

وَ	الَّذِيْنَ	لَمْ يَبْلُغُوا	الْحُلُمَ	مِنْكُمْ	ثَلٰثَ مَرّٰتٍ
اور	وہ لوگ جو	نہیں پہنچے	جوانی کی عمر (کو)	تم میں سے	تین اوقات (میں)

انہیں چاہیے کہ تین اوقات میں، فجر کی نماز سے پہلے

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ	وَ	حِيْنَ	تَضَعُوْنَ	ثِيَابَكُمْ
نمازِ فجر سے پہلے	اور	جب	تم اُتار رکھتے ہو	اپنے کپڑے

اور دوپہر کے وقت جب تم اپنے کپڑے اُتار رکھتے ہو اور نمازِ عشاء کے بعد

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ	وَ	مِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ	ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ
دوپہر کے وقت	اور	نمازِ عشاء کے بعد	(یہ) تین (اوقات) تمہارے لیے شرم (کے ہیں)

(گھر میں داخلے سے پہلے) تم سے اجازت لیں۔ یہ تین اوقات تمہاری شرم کے ہیں۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ

لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	وَ	لَا	عَلَيْهِمْ	جُنَاحٌ	بَعْدَهُنَّ
نہیں ہے	تم پر	اور	نہ	ان پر	کچھ گناہ	ان (تین اوقات) کے بعد

ان تین اوقات کے بعد تم پر اور ان پر کچھ گناہ نہیں۔

[1] ..... ایک انصاری غلام دوپہر کے وقت حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بلانے آیا اور اجازت لئے بغیر ویسے ہی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مکان میں چلا گیا، اس وقت حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بے تکلف اپنے دولت سرائے میں تشریف فرما تھے۔ غلام کے اچانک چلے آنے سے دل میں خیال پیدا ہوا کہ کاش غلاموں کو اجازت لے کر مکانوں میں داخل ہونے کا حکم ہوتا۔ اس پر یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی جس میں غلاموں، باندیوں اور بلوغت کے قریب لڑکے، لڑکیوں کو فجر کی نماز سے پہلے، دوپہر کے وقت اور نمازِ عشاء کے بعد گھر میں داخل ہونے سے پہلے اجازت لینے کا حکم دیا گیا۔

www.dawateislami.net

طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ

طَوّٰفُوْنَ	عَلَيْكُمْ	بَعْضُكُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	كَذٰلِكَ
(وہ) بار بار آنے والے (ہیں)	تمہارے ہاں	تمہارے بعض	بعض کے ہاں (چکر لگاتے ہیں)	اسی طرح

وہ تمہارے ہاں ایک دوسرے کے پاس بار بار آنے والے ہیں۔ اللہ تمہارے لئے

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ
بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں	اور	اللہ	علم والا

یونہی آیات بیان کرتا ہے اور اللہ علم والا،

حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ

حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾	وَ	اِذَا	بَلَغَ[1]	الْاَطْفَالُ	مِنْكُمُ	الْحُلُمَ
حکمت والا (ہے)	اور	جب	پہنچ جائیں	لڑکے	تم میں سے	جوانی کی عمر (کو)

حکمت والا ہے ○ اور جب تم میں سے لڑکے جوانی کی عمر کو پہنچ جائیں تو وہ بھی

فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

فَلْيَسْتَاْذِنُوْا	كَمَا	اسْتَاْذَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
تو انہیں چاہئے کہ اجازت لیں	جیسے	اجازت لی	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے (بالغ ہوئے)

(گھر میں داخل ہونے سے پہلے) اسی طرح اجازت مانگیں جیسے ان سے پہلے (بالغ ہونے) والوں نے اجازت مانگی۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ
اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیتیں	اور	اللہ	علم والا

اللہ تم سے اپنی آیتیں یونہی بیان فرماتا ہے اور اللہ علم والا،

بالغ ہونے پر لڑکوں کو بھی اجازت لے کر داخلے کا حکم

[1] .....یعنی جب تمہارے یا قریبی رشتہ داروں کے چھوٹے لڑکے جوانی کی عمر کو پہنچ جائیں تو وہ بھی تمام اوقات میں گھر میں داخل ہونے سے پہلے اسی طرح اجازت مانگیں جیسے ان سے پہلے بڑے مردوں نے اجازت مانگی۔ گھر میں اجازت لے کر داخل ہونے کی ایک حکمت ملاحظہ ہو۔ ایک شخص نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے دریافت کیا: کیا میں اپنی ماں کے پاس جاؤں تو اس سے بھی اجازت لوں؟ ارشاد فرمایا: ہاں۔ عرض کی: میں تو اس کے ساتھ اسی مکان میں رہتا ہی ہوں۔ ارشاد فرمایا: اجازت لے کر اس کے پاس جاؤ۔ عرض کی: میں اس کی خدمت کرتا ہوں (یعنی بار بار آنا جانا ہوتا ہے، پھر اجازت کی کیا ضرورت ہے؟) ارشاد ↵

www.dawateislami.net

بوڑھی عورتوں کے پردے سے متعلق احکام

حَكِيْمٌ ﴿٥٩﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ

حَكِيْمٌ ﴿٥٩﴾	وَ	اَلْقَوَاعِدُ[1]	مِنَ النِّسَآءِ	الّٰتِيْ
حکمت والا (ہے)	اور	(گھروں میں) بیٹھ رہنے والی	(ان بوڑھی) عورتوں میں سے	جو

حکمت والا ہے ○ اور گھروں میں بیٹھ رہنے والی وہ بوڑھی عورتیں جنہیں

لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ

لَا يَرْجُوْنَ	نِكَاحًا	فَلَيْسَ	عَلَيْهِنَّ	جُنَاحٌ	اَنْ	يَّضَعْنَ
آرزو نہیں رکھتیں	نکاح (کی)	تو نہیں ہے	ان پر	کچھ گناہ	(اس میں) کہ	اتار کر رکھ دیں

نکاح کی کوئی خواہش نہیں ان پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے اوپر کے کپڑے

ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ

ثِيَابَهُنَّ	غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ	بِزِيْنَةٍ	وَ	اَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ
اپنے (اوپر کے) کپڑے	(جبکہ) ظاہر نہ کرنے والی (ہوں)	زینت کو	اور	(اس سے بھی) اِن کا بچنا

اُتار رکھیں جبکہ زینت کو ظاہر نہ کر رہی ہوں اور اِن کا اس سے بھی بچنا

دوسروں کے ہاں کھانا کھانے سے متعلق احکام

خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٦٠﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى

خَيْرٌ	لَّهُنَّ	وَ	اللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ ﴿٦٠﴾	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى
بہتر (ہے)	ان کے لیے	اور	اللہ	سننے والا	جاننے والا (ہے)	نہیں ہے	اندھے پر

ان کے لیے سب سے بہتر ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے ○ اندھے اور

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

حَرَجٌ	وَّ	لَا	عَلَى الْاَعْرَجِ	حَرَجٌ	وَّ	لَا	عَلَى الْمَرِيْضِ
کوئی پابندی	اور	نہ	لنگڑے پر	کوئی پابندی	اور	نہ	مریض پر

لنگڑے اور بیمار پر کوئی پابندی نہیں

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) فرمایا "اجازت لے کر جاؤ، کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ اسے برہنہ دیکھو؟ عرض کی نہیں، فرمایا: تو اجازت حاصل کرو۔ (موطا امام مالک، ۲/۴۴۶، الحدیث: ۱۸۴۷)

1 ..... ایسی بوڑھی عورتیں جن کی عمر زیادہ ہو چکی ہو، ان سے اولاد پیدا ہونے کی امید نہ رہی ہو، عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے انہیں نکاح کی کوئی خواہش نہ ہو اور ان کا اتنا حسن و جمال قائم نہ ہو جسے دیکھ کر مردوں کو شہوت آئے تو ایسی عورتیں اپنے اوپر کے کپڑے یعنی اضافی چادر وغیرہ اتار کر رکھ سکتی ہیں جبکہ وہ اپنی زینت کی جگہوں مثلاً بال، سینہ اور پنڈلی وغیرہ کو ظاہر نہ کریں اور ان بوڑھی عورتوں کا اس سے بھی بچنا اور اضافی چادر وغیرہ پہنے رہنا ان کے لیے سب سے بہتر ہے۔

www.dawateislami.net

حَرَجٌ وَّ لَا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ

حَرَجٌ	وَّ	لَا	عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ	اَنْ	تَاْكُلُوْا[1]	مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ	اَوْ
کوئی پابندی	اور	نہ	تمہاری ذاتوں پر	کہ	تم کھاؤ	اپنی (اولاد کے) گھروں سے	یا

اور تم پر بھی کوئی پابندی نہیں کہ تم کھاؤ اپنی اولاد کے گھروں سے یا

بُيُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ

بُيُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ	اَوْ
اپنے باپ دادا کے گھروں	یا	اپنی ماؤں کے گھروں	یا	اپنے بھائیوں کے گھروں	یا

اپنے باپ دادا کے گھروں یا اپنی ماں کے گھر سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں یا

بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ

بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ	اَوْ
اپنی بہنوں کے گھروں	یا	اپنے چچاؤں کے گھروں	یا	اپنی پھوپھیوں کے گھروں	یا

اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا

بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ

بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ	اَوْ	مَا	مَلَكْتُمْ
اپنے ماموؤں کے گھروں	یا	اپنی خالاؤں کے گھروں (سے)	یا	(اس گھر سے) جو	تم مالک ہوئے

اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا اس گھر سے جس کی چابیاں

مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

مَّفَاتِحَهٗۤ	اَوْ	صَدِيْقِكُمْ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
اس کی چابیوں (کے)	یا	اپنے دوست (کے گھر سے)	نہیں ہے	تم پر	کوئی پابندی	کہ

تمہارے قبضہ میں ہیں یا اپنے دوست کے گھر سے۔ تم پر کوئی پابندی نہیں کہ

[1] ..... اس آیت میں ایسے گیارہ افراد کے بارے میں بتایا گیا ہے جن کے گھر کھانا، کھانا جائز ہے خواہ وہ موجود ہوں یا نہ ہوں لیکن یہ اجازت اس صورت میں جب کہ وہ اس پر رضامند ہوں اور اگر قرائن سے ناگواری ظاہر ہو تو اگرچہ زبان سے اجازت دے بھی دیں تب بھی ان کا کھانا، کھانا ممنوع ہے اور فی زمانہ اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

www.dawateislami.net

تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا

تَاْكُلُوْا	جَمِيْعًا(1)	اَوْ	اَشْتَاتًا	فَاِذَا	دَخَلْتُمْ	بُيُوْتًا	فَسَلِّمُوْا
تم کھاؤ	مل کر	یا	الگ الگ	پھر جب	تم داخل ہو	گھروں (میں)	تو سلام کرو

تم مل کر کھاؤ یا الگ الگ۔ پھر جب گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو

عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ

عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ	تَحِيَّةً	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُبٰرَكَةً	طَيِّبَةً	كَذٰلِكَ
اپنے لوگوں پر	ملتے وقت کی اچھی دعا	اللہ کے پاس سے	مبارک	پاکیزہ (کلمہ ہے)	اسی طرح

سلام کرو، (یہ) ملتے وقت کی اچھی دعا ہے، اللہ کے پاس سے مبارک پاکیزہ (کلمہ ہے) اللہ یونہی

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ
بیان فرماتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں	تاکہ تم	سمجھو	ایمان والے صرف

اپنی آیات تمہارے لئے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو ○ ایمان والے تو وہی ہیں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اِذَا كَانُوْا مَعَهٗ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	وَ	اِذَا	كَانُوْا	مَعَهٗ
وہ لوگ ہیں جو	ایمان رکھیں	اللہ اور اس کے رسول پر	اور	جب	وہ ہوں	اس (رسول) کے ساتھ

جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھیں اور جب کسی ایسے کام پر رسول کے ساتھ ہوں جو انہیں

عَلٰۤى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ

عَلٰۤى اَمْرٍ جَامِعٍ	لَّمْ يَذْهَبُوْا	حَتّٰى	يَسْتَاْذِنُوْهُ(2)	اِنَّ
کسی جمع کرنے والے کام پر	(تو) نہ جائیں	یہاں تک کہ	اجازت لے لیں اس سے	بیشک

(رسولُ اللہ کی بارگاہ میں) جمع کرنے والا ہو تو اس وقت تک نہ جائیں جب تک ان سے اجازت نہ لے لیں۔ بیشک

1 ..... مل کر یا الگ الگ دونوں طرح کھانا کھانے کی اجازت ہے، البتہ مل کر کھانا زیادہ بہتر ہے کہ اس میں برکت ہوتی ہے۔ حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا "مل کر کھاؤ اور الگ الگ نہ کھاؤ کیونکہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔ (ابن ماجہ، ۴/۲۱، الحدیث: ۳۲۸۷)

2 ..... حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مجلس پاک کا ادب یہ ہے کہ وہاں سے اجازت کے بغیر نہ جائیں، اسی لئے اب بھی روضۂ مطہرہ پر حاضری دینے والے رخصت ہوتے وقت الوداعی سلام عرض کرتے ہوئے اجازت طلب کرتے ہیں۔

www.dawateislami.net

اَلَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

اَلَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ
وہ لوگ جو	اجازت مانگتے ہیں تم سے	یہی	وہ لوگ ہیں جو	ایمان لاتے ہیں

وہ جو آپ سے اجازت مانگتے ہیں وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	فَاِذَا	اسْتَاْذَنُوْكَ	لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ	فَاْذَنْ
اللہ اور اس کے رسول پر	پھر جب	وہ اجازت مانگیں تم سے	اپنے کسی کام کے لیے	تو اجازت دے دو

ایمان لاتے ہیں پھر (اے محبوب!) جب وہ اپنے کسی کام کے لیے آپ سے (جانے کی) اجازت مانگیں تو ان میں

لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ

لِّمَنْ	شِئْتَ	مِنْهُمْ	وَ	اسْتَغْفِرْ (1)	لَهُمُ	اللّٰهَ	اِنَّ
(اس) کو جسے	تم چاہو	ان میں سے	اور	بخشش مانگو	ان کے لیے	اللہ (سے)	بیشک

جسے تم چاہو اجازت دے دو اور ان کے لیے اللہ سے معافی مانگو، بیشک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٢﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿٦٢﴾	لَا تَجْعَلُوْا	دُعَآءَ الرَّسُوْلِ (2)	بَيْنَكُمْ
اللہ	بخشنے والا	مہربان (ہے)	(اے لوگو) تم نہ بنالو	رسول کے پکارنے (کو)	اپنے درمیان

اللہ بخشنے والا مہربان ہے ○ (اے لوگو!) رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ بنالو

كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ	بَعْضًا	قَدْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
(ایسا) جیسے تمہارے کسی کا پکارنا	کسی (کو)	بیشک	جانتا ہے	اللہ	ان لوگوں کو جو

جیسے تم میں سے کوئی دوسرے کو پکارتا ہے، بیشک اللہ ان لوگوں کو جانتا ہے جو

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو پکارنے سے متعلق ایک ہدایت اور نجاشی کی تدفین

1 ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی شفاعت برحق ہے اور ہر مومن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی شفاعت کا محتاج ہے کیونکہ صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم جو اولیاء اللہ کے سردار ہیں ان کے متعلق شفاعت کا حکم دیا گیا تو اوروں کا کیا پوچھنا۔ 2 ..... اس کا ایک معنی یہ ہے کہ اے لوگو! رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پکارنے کو ایسا معمولی نہ سمجھو جیسے تم میں سے کوئی دوسرے کو پکارتا ہے کیونکہ جسے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پکاریں اس پر جواب دینا اور عمل کرنا واجب اور ادب سے حاضر ہونا لازم ہو جاتا ہے۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ اے لوگو! رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا نام لے کر نہ پکارو بلکہ

www.dawateislami.net

يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ

يَتَسَلَّلُوْنَ	مِنْكُمْ	لِوَاذًا	فَلْيَحْذَرِ	الَّذِيْنَ
چپکے سے نکل جاتے ہیں	تم میں سے	کسی چیز کی آڑ لے کر	تو چاہئے کہ ڈریں	وہ لوگ جو

تم میں سے کسی چیز کی آڑ لے کر چپکے سے نکل جاتے ہیں تو رسول کے حکم کی مخالفت کرنے والے

يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ

يُخَالِفُوْنَ	عَنْ اَمْرِهٖٓ	اَنْ	تُصِيْبَهُمْ	فِتْنَةٌ	اَوْ	يُصِيْبَهُمْ
مخالفت کرتے ہیں	اس کے حکم کی	(اس سے) کہ	پہنچے انہیں	کوئی مصیبت	یا	پہنچے انہیں

اس بات سے ڈریں کہ انہیں کوئی مصیبت پہنچے یا انہیں

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾	اَلَآ	اِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
دردناک عذاب	سن لو	بیشک	اللہ ہی کا (ہے)	جو کچھ	آسمانوں اور زمین میں (ہے)

دردناک عذاب پہنچے ○ سُن لو! بیشک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے،

قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

قَدْ	يَعْلَمُ	مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ	وَ	يَوْمَ	يُرْجَعُوْنَ	اِلَيْهِ
بیشک	وہ جانتا ہے	جس (حال) پر تم (ہو)	اور	(جس) دن	لوگ پھیرے جائیں گے	اس کی طرف

بیشک وہ جانتا ہے جس حال پر تم ہو اور اس دن کو (جانتا ہے) جس میں لوگ اس کی طرف پھیرے جائیں گے

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٤﴾ ع ١٥

فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ﴿٦٤﴾
تو وہ خبر دے گا انہیں	(اس) کی جو کچھ	انہوں نے کیا	اور	اللہ	ہر چیز کو	جاننے والا (ہے)

تو وہ انہیں بتادے گا جو کچھ انہوں نے کیا اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) تعظیم، تکریم، توقیر، نرم آواز کے ساتھ اور عاجزی و انکساری سے انہیں اس طرح کے الفاظ کے ساتھ پکارو یَارَسُوْلَ اللّٰہ، یَانَبِیَّ اللّٰہ، یَاحَبِیْبَ اللّٰہ، یَااِمَامَ الْمُرْسَلِیْنَ، یَارَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، یَاخَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ۔ یہ حکم عام ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ظاہری حیات طیبہ میں اور وصالِ ظاہری کے بعد بھی انہیں ایسے الفاظ کے ساتھ ندا کرنا جائز نہیں جن میں ادب و تعظیم نہ ہو۔

عظمت و شانِ الٰہی کا بیان

www.dawateislami.net

آیات: 77 | رکوع: 06

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ

تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْفُرْقَانَ	عَلٰى عَبْدِهٖ	لِيَكُوْنَ
بڑی برکت والا ہے	وہ (اللہ) جس نے	نازل فرمایا	قرآن	اپنے بندے پر	تاکہ وہ ہو

وہ (اللہ) بڑی برکت والا ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا تاکہ وہ

لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

لِلْعٰلَمِيْنَ (1)	نَذِيْرًا ۙ﴿۱﴾	الَّذِيْ لَهٗ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ
تمام جہانوں کے لیے	ڈر سنانے والا	وہ جس کے لیے	آسمانوں اور زمین کی بادشاہت (ہے)	اور

تمام جہان والوں کو ڈر سنانے والا ہو ○ وہ جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَ

لَمْ يَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَّ	لَمْ يَكُنْ	لَّهٗ	شَرِيْكٌ	فِي الْمُلْكِ	وَ
اس نے اختیار نہ فرمایا	بچہ	اور	نہیں ہے	اس کا	کوئی شریک	سلطنت میں	اور

اس نے نہ اولاد اختیار فرمائی اور نہ اس کی سلطنت میں کوئی اس کا شریک ہے اور

(1) ..... آیت کے اس حصے میں یہ فرمایا کہ محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رسالت عام ہے، ساری مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں، خواہ جن ہوں یا بشر، فرشتے ہوں یا دیگر مخلوقات، سب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے امتی ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز کو عالَم کہتے ہیں اور اس میں یہ سب داخل ہیں۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خود ارشاد فرمایا "اُرْسِلْتُ اِلَى الْخَلْقِ كَآفَّةً" یعنی میں تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ (مسلم، ص ۲۶۶، الحدیث: ۵(۵۲۳))

نزولِ قرآن اور رسالتِ عامہ کا بیان

اللہ تعالیٰ کی پانچ صفات

www.dawateislami.net

کفار کے باطل معبودوں کا حال

خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۲ وَاتَّخَذُوْا

خَلَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	فَقَدَّرَهٗ	تَقْدِيْرًا ۝۲	وَ	اتَّخَذُوْا
اس نے پیدا فرمایا	ہر چیز کو	پھر اندازے پر رکھا اسے	مقرر کیا ہوا اندازہ	اور	انہوں نے بنالئے

اس نے ہر چیز کو پیدا فرمایا پھر اسے ٹھیک اندازے پر رکھا ○ اور لوگوں نے

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّ

مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	لَّا يَخْلُقُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّ
اس کے سوا	معبود	وہ پیدا نہیں کرتے	کسی چیز (کو)	اور (بلکہ)

اس کے سوا بہت سے معبود بنالئے جو کسی شے کو پیدا نہیں کرتے بلکہ

هُمْ يُخْلَقُوْنَ وَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا

هُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَ	لَا يَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	ضَرًّا
وہ	انہیں بنایا جاتا ہے	اور	وہ مالک نہیں ہیں	اپنی جانوں کے لئے	کسی نقصان (کے)

خود انہیں بنایا جاتا ہے اور وہ اپنے لئے کسی نقصان اور نفع کے

وَّ لَا نَفْعًا وَّ لَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّ لَا

وَّ	لَا	نَفْعًا[1]	وَّ	لَا يَمْلِكُوْنَ	مَوْتًا	وَّ	لَا
اور	نہ	نفع (کے)	اور	وہ اختیار نہیں رکھتے	موت (کا)	اور	نہ

مالک نہیں ہیں اور نہ وہ (کسی کی) موت اور زندگی کے

قرآنِ مجید پر کفارِ قریش کے اعتراضات

حَيٰوةً وَّ لَا نُشُوْرًا ۝۳ وَ قَالَ الَّذِيْنَ

حَيٰوةً	وَّ	لَا	نُشُوْرًا ۝۳	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ
زندگی (کا)	اور	نہ	مردوں کو دوبارہ زندہ کرنے (کا)	اور	بولے	وہ لوگ جنہوں نے

اور نہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنے کا اختیار رکھتے ہیں ○ اور کافروں نے

[1] ..... مشہور اور معتبر تمام مفسرین نے نقصان دور نہ کرسکنے اور نفع نہ پہنچاسکنے کا وصف بتوں کے لئے ثابت کیا ہے کسی نے بھی اس سے اولیاء مراد نہیں لئے۔ فی زمانہ بعض لوگ اس آیت کو ولیوں پر منطبق کرتے ہیں جو غلط اور معانیِ قرآن میں تحریف کے مترادف ہے۔ بتوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیتیں انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام یا اولیاءِ عظام رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم پر چسپاں کرنا خارجیوں کا طریقہ ہے۔ مسلمان ولیوں کا احترام کرتے اور انہیں وسیلہ سمجھتے ہیں پوجتے ہرگز نہیں، وسیلہ ماننے اور پوجنے میں بڑا فرق ہے۔

www.dawateislami.net

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ

كَفَرُوْٓا(1)	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ
کفر کیا	نہیں	یہ (قرآن)	مگر	ایک بڑا جھوٹ اس نے خود بنالیا ہے اسے

کہا: یہ قرآن تو صرف ایک بڑا جھوٹ ہے جو انہوں نے خود بنالیا ہے

وَ اَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚۛ فَقَدْ جَآءُوْ

وَ	اَعَانَهٗ	عَلَيْهِ	قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ	فَقَدْ	جَآءُوْ
اور	مدد کی ہے اس کی	اس پر	دوسرے لوگوں (نے بھی)	تو بیشک	وہ (کافر) آگئے ہیں

اور اس پر دوسرے لوگوں نے (بھی) ان کی مدد کی ہے تو بیشک وہ (کافر)

ظُلْمًا وَّزُوْرًا ﴿۴﴾ ۚۛ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ

ظُلْمًا	وَّ	زُوْرًا ﴿۴﴾	وَ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ
ظلم	اور	جھوٹ (پر)	اور	انہوں نے کہا	(یہ قرآن) پہلے لوگوں کی کہانیاں (ہے)

ظلم اور جھوٹ پر آگئے ہیں ○ اور کافروں نے کہا: (یہ قرآن) پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں

اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً

اكْتَتَبَهَا(2)	فَهِيَ	تُمْلٰى	عَلَيْهِ	بُكْرَةً
اس (نبی) نے لکھوالیا ہے انہیں	تو وہی	پڑھی جاتی ہیں	اس پر	صبح

جو اس (نبی) نے کسی سے لکھوالی ہیں تو یہی ان پر صبح و شام

وَّ اَصِيْلًا ﴿۵﴾ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ

وَّ	اَصِيْلًا ﴿۵﴾	قُلْ	اَنْزَلَهُ	الَّذِيْ	يَعْلَمُ	السِّرَّ
اور	شام	تم کہو	نازل کیا ہے اِسے	(اُس نے) جو	جانتا ہے	ہر پوشیدہ بات

پڑھی جاتی ہیں ○ تم فرماؤ: اُسے تو اس نے نازل فرمایا ہے جو آسمانوں اور زمین کی

1 ..... اس سے پہلی آیات میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا بیان ہوا اور اس کے بعد بت پرستوں کا رد کیا گیا اور اب یہاں سے قرآن مجید اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نبوت پر کفار کی طرف سے ہونے والے اعتراضات ذکر کر کے ان کا جواب دیا جارہا ہے۔ 2 ..... کفارِ مکہ کہتے تھے کہ قرآن رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خود بنایا ہے اور اس پر دوسروں نے بھی ان کی مدد کی ہے اور یہ رستم واسفندیار کے قصوں کی طرح پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں جو کسی سے لکھوالی ہیں، فی زمانہ بھی کچھ لوگ اسی طرح کا اعتراض کرتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر واقعی ایسا ہے تو یہ لوگ بھی قرآن جیسا کلام بنا کر دکھا دیں،

www.dawateislami.net

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۶ وَ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا ۝۶	وَ
آسمانوں اور زمین میں	بیشک وہ	ہے	بخشنے والا	مہربان	اور

ہر پوشیدہ بات جانتا ہے، بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے ○ اور

قَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ

قَالُوْا	مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ	يَاْكُلُ	الطَّعَامَ	وَ	يَمْشِيْ
(کافروں نے) کہا	اس رسول کو کیا ہوا	وہ کھاتا ہے	کھانا	اور	چلتا ہے

کافروں نے کہا: اس رسول کو کیا ہوا؟ کہ یہ کھانا بھی کھاتا ہے اور بازاروں میں بھی

فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ

فِي الْاَسْوَاقِ	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَلَكٌ	فَيَكُوْنَ
بازاروں میں	کیوں نہیں	اُتار دیا گیا	اس کی طرف	کوئی فرشتہ	تو وہ ہوتا

چلتا پھرتا ہے، اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہ اُتار دیا گیا جو

مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷ۙ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ

مَعَهٗ	نَذِيْرًا ۝۷	اَوْ	يُلْقٰٓى	اِلَيْهِ	كَنْزٌ (۱)	اَوْ
اس کے ساتھ	ڈرانے والا	یا	ڈال دیا جاتا	اس کی طرف	کوئی خزانہ	یا

اس کے ساتھ (لوگوں کو) ڈرانے والا ہوتا؟ ○ یا اس کی طرف کوئی (غیبی) خزانہ ڈال دیا جاتا یا

تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ

تَكُوْنُ	لَهٗ	جَنَّةٌ	يَّاْكُلُ	مِنْهَا	وَ	قَالَ	الظّٰلِمُوْنَ
ہوتا	اس کے لیے	کوئی باغ	وہ کھاتا	اس میں سے	اور	کہا	ظالموں (نے)

اس کا کوئی باغ ہوتا جس میں سے یہ کھاتا؟ اور ظالموں نے کہا:

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) خود ہی پتہ چل جائے گا کہ یہ مخلوق کا کلام ہے یا خالق کا؟

1 ..... ان سب باتوں سے کفار کا منشاء یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کھانے پینے سے بے نیاز کیوں نہ کر دیا، یا تو انہیں کھانا کھانے کی حاجت ہی نہ ہوتی، اگر تھی تو غیبی خزانے ان پر آجاتے جس سے انہیں کمانے کی ضرورت نہ ہوتی، یہ بھی انہوں نے ظاہر کے لحاظ سے کہا تھا، ورنہ اللہ تعالیٰ کی عطا سے حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قبضہ میں غیبی خزانے تھے، جیسا کہ خود فرمایا "اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ" مجھے زمینی خزانوں

www.dawateislami.net

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾	اُنْظُرْ	كَيْفَ
نہیں	تم پیروی کرتے	مگر	ایک جادو کے شکار مرد (کی)	تم دیکھو	کیسی

تم تو پیروی نہیں کرتے مگر ایک ایسے مرد کی جس پر جادو ہوا ○ اے حبیب! دیکھو

اعتراض کرنے والوں کی حواس باختگی اور گمراہی

ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
انہوں نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں	تو وہ گمراہ ہو گئے	تو طاقت نہیں رکھتے

تمہارے لئے کیسی مثالیں بیان کر رہے ہیں تو یہ گمراہ ہو گئے ہیں کہ اب انہیں کسی راہ کی

سَبِيْلًا ﴿۹﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ

سَبِيْلًا ﴿۹﴾	تَبٰرَكَ	الَّذِيْٓ	اِنْ	شَآءَ	جَعَلَ
(سیدھے) راستے (کی)	بڑی برکت والا ہے	وہ (اللہ) جو	اگر	چاہے	(تو) بنادے

طاقت نہیں ○ وہ (اللہ) بڑی برکت والا ہے جو اگر چاہے تو تمہارے لیے

مال نہ ملنے پر کفار کے اعتراض کا جواب

لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

لَكَ	خَيْرًا	مِّنْ ذٰلِكَ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
تمہارے لیے	بہتر	اس سے	(وہ) باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

اس سے بہتر بنادے، وہ باغات جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرَ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

الْاَنْهٰرَ	وَ	يَجْعَلْ	لَّكَ	قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ (۱)	بَلْ	كَذَّبُوْا
نہریں	اور	بنادے	تمہارے لئے	بلند و بالا محلات	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا

جاری ہوں اور تمہارے لئے بلند و بالا محلات بنادے ○ بلکہ انہوں نے قیامت کو

کفار کے اعتراض کی وجہ اور منکرین قیامت کا عذاب

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کی کنجیاں عطا فرما دی گئیں۔ (بخاری، ۱/ ۴۵۲، الحدیث: ۱۳۴۴) مگر چونکہ کفار کے سامنے ان چیزوں کا ظہور نہ تھا اس لئے کفار ایسی باتیں کہا کرتے تھے۔

(۱) ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم چاہتے تو بارگاہِ الٰہی سے دنیا کی بڑی سے بڑی نعمتیں اور آسائشیں لے سکتے تھے لیکن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دنیا میں فقر کو ترجیح دی، جیسا کہ خود ارشاد فرمایا میرے رب نے مجھے یہ پیشکش کی کہ وہ میرے لئے مکہ کی زمین کو سونا بنادے۔ میں نے عرض کی: یارب! نہیں، لیکن میں ایک دن سیر ہو اکروں اور ایک دن بھوکا رہوں تو جب بھوکا رہوں تو تیری طرف عاجزی کروں، تجھے یاد کروں اور جب سیر ہو جاؤں تو تیرا شکر

www.dawateislami.net

بِالسَّاعَةِ قف وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ

بِالسَّاعَةِ	وَ	اَعْتَدْنَا	لِمَنْ	كَذَّبَ	بِالسَّاعَةِ
قیامت کو	اور	ہم نے تیار کر رکھی ہے	(اس) کے لئے جو	جھٹلائے	قیامت کو

جھٹلایا ہے اور ہم نے قیامت کو جھٹلانے والوں کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ

سَعِيْرًا ⑪ ج اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا

سَعِيْرًا ⑪	اِذَا	رَاَتْهُمْ	مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ (۱)	سَمِعُوْا
بھڑکتی آگ	جب	وہ (آگ) دیکھے گی انہیں	دُور کی جگہ سے	(تو) کافر سنیں گے

تیار کر رکھی ہے ○ جب وہ آگ انہیں دُور کی جگہ سے دیکھے گی تو کافر

لَهَا تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا ⑫ وَ اِذَآ اُلْقُوْا

لَهَا	تَغَيُّظًا	وَّ	زَفِيْرًا ⑫	وَ	اِذَآ	اُلْقُوْا
اس کا	جوش مارنا	اور	چنگھاڑنا	اور	جب	انہیں ڈالا جائے گا

اس کا جوش مارنا اور چنگھاڑنا سُنیں گے ○ اور جب انہیں اس آگ کی

مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ

مِنْهَا	مَكَانًا ضَيِّقًا	مُّقَرَّنِيْنَ	دَعَوْا	هُنَالِكَ
اس (آگ) کی	کسی تنگ جگہ (میں)	(زنجیروں میں) جکڑے ہوئے	(تو) وہ مانگیں گے	وہاں

کسی تنگ جگہ میں زنجیروں میں جکڑ کر ڈالا جائے گا تو وہاں موت

ثُبُوْرًا ⑬ ط لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

ثُبُوْرًا ⑬	لَا تَدْعُوا	الْيَوْمَ	ثُبُوْرًا وَّاحِدًا	وَّ	ادْعُوْا
موت	(فرمایا جائے گا) تم نہ مانگو	آج	ایک موت	اور	مانگو

مانگیں گے ○ (فرمایا جائے گا) آج ایک موت نہ مانگو اور بہت سی

کفار کو دیکھ کر جہنم کا جوش مارنا اور چنگھاڑنا

کفار کا جہنم میں موت مانگنا اور انہیں جواب

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اور تیری حمد کروں۔ (ترمذی، ۴/۱۵۵، الحدیث: ۳۳۵۴)

1 .....دور کی جگہ سے ایک برس یا سو برس کی راہ مراد ہے اور آگ کا دیکھنا کچھ بعید نہیں، اللہ تعالیٰ چاہے تو اس کو حیات، عقل اور دیکھنے کی صلاحیت عطا فرمادے۔ بعض مفسرین کے نزدیک اس سے جہنم میں مامور فرشتوں کا دیکھنا مراد ہے۔

www.dawateislami.net

جنت میں رہنے یا عذاب جہنم

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾	قُلْ	اَذٰلِكَ	خَيْرٌ	اَمْ	جَنَّةُ الْخُلْدِ
بہت سی موتیں	تم کہو	کیا یہ (عذاب)	بہتر (ہے)	یا	ہمیشہ رہنے کا باغ

موتیں مانگو ○ تم فرماؤ: کیا یہ (عذابِ جہنم) بہتر ہے یا وہ ہمیشہ رہنے کا باغ

الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ

الَّتِيْ	وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	كَانَتْ	لَهُمْ	جَزَآءً	وَّ
جس کا	وعدہ دیا گیا ہے	ڈرنے والوں (کو)	وہ (باغ) ہے	ان کے لئے	بدلہ	اور

جس کا ڈرنے والوں کو وعدہ دیا گیا ہے، وہ باغ ان کے لئے بدلہ اور

جنتیوں کے ساتھ وعدہ الٰہی

مَصِيْرًا ﴿١٥﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ

مَصِيْرًا ﴿١٥﴾	لَهُمْ	فِيْهَا	مَا	يَشَآءُوْنَ	خٰلِدِيْنَ	كَانَ
لوٹنے کی جگہ	ان کے لئے	اس میں	(وہ ہے) جو	وہ چاہیں گے	ہمیشہ رہنے والے	یہ ہے

لوٹنے کی جگہ ہے ○ جنتیوں کیلئے جنت میں ہر وہ چیز ہوگی جو وہ چاہیں گے، وہاں ہمیشہ رہیں گے، یہ

باطل معبودوں کا اپنے پجاریوں کو جھٹلانا

عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

عَلٰى رَبِّكَ	وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ [1]	وَ	يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ
تمہارے رب (کے ذمہ کرم) پر	مانگا ہوا وعدہ	اور	(جس) دن	وہ جمع فرمائے گا انہیں

تمہارے رب کے ذمہ کرم پر مانگا ہوا وعدہ ہے ○ اور جس دن وہ انہیں اور جن (بتوں) کی

وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ

وَ	مَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	فَيَقُوْلُ	ءَاَنْتُمْ
اور	جن (بتوں) کی	وہ عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا	تو وہ فرمائے گا (بتوں سے)	کیا تم

اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں ان کو جمع فرمائے گا تو (ان بتوں سے) فرمائے گا: کیا

[1] ..... مانگے ہوئے وعدے سے مراد یہ ہے کہ وہ وعدہ مانگنے کے لائق ہے یا اس سے مراد وہ وعدہ ہے جو مومنین نے دنیا میں یہ عرض کرکے مانگا "رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ" یعنی اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آخرت میں (بھی) بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ یا یہ عرض کرکے مانگا "رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ" یعنی اے ہمارے رب! اور ہمیں وہ سب عطا فرما جس کا تو نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدہ فرمایا ہے۔

www.dawateislami.net

اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِیْلَ ﴿۱۷﴾

اَضْلَلْتُمْ	عِبَادِیْ هٰۤؤُلَآءِ	اَمْ	هُمْ	ضَلُّوا	السَّبِیْلَ ﴿۱۷﴾ (1)
تم نے گمراہ کیا	میرے ان بندوں (کو)	یا	وہ (خود)	بھٹک گئے تھے	راستے (سے)

میرے ان بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا یا یہ خود ہی راستے سے بھٹکے تھے؟ ○

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ	لَنَاۤ	اَنْ	نَّتَّخِذَ	مِنْ دُوْنِكَ
وہ عرض کریں گے	پاکی ہے تجھے	جائز نہیں تھا	ہمارے لئے	کہ	ہم بنائیں	تیرے سوا

وہ عرض کریں گے: (اے اللہ!) تو پاک ہے، ہمارے لئے ہرگز جائز نہیں تھا کہ ہم تیرے سوا کسی اور کو

مِنْ اَوْلِیَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ

مِنْ اَوْلِیَآءَ	وَ	لٰكِنْ	مَّتَّعْتَهُمْ	وَ	اٰبَآءَهُمْ
کوئی مددگار	اور	لیکن	تو نے فائدہ اٹھانے دیا انہیں	اور	ان کے باپ دادا (کو)

مددگار بنائیں لیکن تو نے انہیں اور ان کے باپ داداؤں کو فائدہ اُٹھانے دیا

حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

حَتّٰى	نَسُوا	الذِّكْرَ	وَ	كَانُوْا	قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾
یہاں تک کہ	انہوں نے بھلا دی	(تیری) یاد	اور	وہ تھے	ہلاک ہونے والے لوگ

یہاں تک کہ انہوں نے (تیری) یاد کو بھلا دیا اور یہ لوگ ہلاک ہونے والے ہی تھے ○

کفار کو ان کے معبودوں کے جھٹلانے اور ان کی مدد نہ ہونے کی خبر

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِیْعُوْنَ

فَقَدْ	كَذَّبُوْكُمْ (2)	بِمَا	تَقُوْلُوْنَ	فَمَا تَسْتَطِیْعُوْنَ
تو بیشک	(جھوٹے معبودوں نے) جھٹلا دیا تمہیں	(اس بات) میں جو	تم کہتے تھے	تو تم طاقت نہ رکھو گے

تو بیشک ان (جھوٹے معبودوں) نے تمہاری بات کو جھٹلا دیا تو اب تم نہ عذاب پھیرنے کی

1 ..... اللہ تعالیٰ حقیقتِ حال کا جاننے والا ہے اس سے کچھ بھی مخفی نہیں، یہ سوال مشرکین کو ذلیل کرنے کے لئے ہے تاکہ اُن کے معبود انہیں جھٹلائیں تو اُن کی حسرت و ذلت اور زیادہ ہو۔

2 ..... جب کفار کے باطل معبود جواب دے لیں گے تو اللہ تعالیٰ مشرکوں سے فرمائے گا: اے مشرکو! تم نے اپنے معبودوں کو خدا کہا اور انہوں نے تمہیں جھوٹا قرار دیا اب یہ بت نہ تمہاری مدد کر سکیں گے، نہ ہم کریں گے اور نہ تم ایک دوسرے کی مدد کر سکو گے اور اب تمہیں جہنم کا بڑا عذاب چکھائیں گے۔

www.dawateislami.net

صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًا ۚ وَ مَنْ يَّظْلِمْ

صَرْفًا	وَّ	لَا	نَصْرًا	وَ	مَنْ	يَّظْلِمْ
(عذاب) پھیرنے (کی)	اور	نہ	مدد کرنے (کی)	اور	(اے لوگو) جو	ظلم کرے گا

طاقت رکھو گے اور نہ اپنی مدد کر سکو گے اور تم میں جو

مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾ وَ مَآ اَرْسَلْنَا

مِّنْكُمْ	نُذِقْهُ	عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا
تم میں سے	ہم چکھائیں گے اسے	بڑا عذاب	اور	ہم نے نہیں بھیجے

ظالم ہے ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے ○ اور ہم نے تم سے پہلے

بشر کی اوصاف رسالت کے منافی نہیں

قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ

قَبْلَكَ	مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّآ	اِنَّهُمْ	لَيَاْكُلُوْنَ	الطَّعَامَ
تم سے پہلے	رسولوں میں سے	مگر	بیشک وہ	ضرور کھاتے تھے	کھانا

جتنے رسول بھیجے سب یقیناً کھانا کھاتے تھے

وَ يَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَ جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ

وَ	يَمْشُوْنَ	فِي الْاَسْوَاقِ	وَ	جَعَلْنَا	بَعْضَكُمْ
اور	چلتے تھے	بازاروں میں	اور	ہم نے بنایا	تمہارے بعض (کو)

اور بازاروں میں چلتے تھے اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کیلئے

لوگوں کا ایک دوسرے کے لئے آزمائش ہیں

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾ ع

لِبَعْضٍ	فِتْنَةً (1)	اَتَصْبِرُوْنَ	وَ	كَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾
بعض کے لئے	آزمائش	(اے لوگو) کیا تم صبر کرو گے	اور	ہے	تمہارا رب	خوب دیکھنے والا

آزمائش بنایا اور (اے لوگو!) کیا تم صبر کرو گے؟ اور (اے محبوب!) تمہارا رب خوب دیکھنے والا ہے ○

ع ۲ ۱۱ ۱۷

(1) ..... لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے جیسے امیروں کو غریبوں اور غریبوں کو امیروں کے ذریعے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے، یہاں بطورِ خاص غریبوں کے حوالے سے یہ ہے کہ غربت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک آزمائش ہے، ایسے موقع پر صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑنا چاہئے، یہاں ایک حدیثِ پاک ملاحظہ ہو جس پر عمل سے دل کو صبر و قرار نصیب ہو گا۔ چنانچہ ارشاد فرمایا ”اپنے سے کم حیثیت والے کی طرف دیکھو اور جو تم سے زیادہ حیثیت کا ہے اس کی طرف نہ دیکھو کیونکہ یہ عمل اس سے زیادہ قریب ہے کہ تم (اپنے اوپر) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو حقیر نہ جانو۔ (مسلم، ص ۱۵۸۴، الحدیث: ۹(۲۹۶۳))

www.dawateislami.net